3543

Marfat.com

سوانح حیات بلھے شاہ

3543

ذخیرہ

# بحرِ بُلّھا

غواصِ بحارِ معرفت حضرت بابا بُلّھے شاہ قادری شطاری قصوری رحمۃ اللہ علیہ
کی درج ذیل کافی کی تشریح

## عشق دی نویوں نویں بہار

از

صوفی محمد اللہ دین کمبوہ چشتی نظامی قصوری

ناشر: چشتی سنز پبلیکیشنز گلی نمبر ۴ شہباز روڈ قصور

فون نمبر 0492/760603

Marfat.com

86744

~~692~~

حقوقِ طبع محفوظ بحقِ مصنّف


| | |
|---|---|
| نام کتاب | بحرِ بُلّھا |
| مصنّف | صوفی محمد الدّین چشتی |
| کتابت | محمد حیات ڈوگر |
| سرورق | شاہ محمد چشتی |
| سالِ طباعت | ۱۹۹۵ء |
| بار | اوّل |
| صفحات | |
| تعداد | ایک ہزار |
| ناشر | چشتی سنز پبلیکیشنز، شہباز روڈ قصور |
| مطبع | فیاض پریس چوک اردو بازار لاہور |
| قیمت مجلّد | ۱۵۰ روپے |


Marfat.com

3543

# انتساب

اُن کے نام جو کاف و نون کے رازداں ہیں

Marfat.com

## قطعۂ تاریخ طباعت

از فیضِ شیخ چشت صُوفی محمد دین
از عُمقِ بحرِ لِلّٰہا دُرِّ غریب یافت
۱۶ ۱۴ھ

Marfat.com



Marfat.com

# فہرست


شرح صدر ———— جناب شائیگان شریف ملک (ڈپٹی کمشنر قصور)

تقریظ ———— جناب کرنل (ر) سیّد عظمت اللہ شاہ سجادہ نشین نقیب آباد شریف

نویں نویں بہار ———— جناب تنویر بخاری (شیخوپورہ)

عشق اور فکر ———— الحاج ریاض الرحمٰن بھٹی

عرضِ مصنّف ———— ۲۱

اسمِ بُلّھا ———— ۳۵

شعر نمبر ۱ ———— ۵۳

شعر نمبر ۲ ———— ۶۱

شعر نمبر ۳ ———— ۹۲

شعر نمبر ۴ ———— ۱۰۴

شعر نمبر ۵ ———— ۱۲۱

شعر نمبر ۶ ———— ۱۳۱

شعر نمبر ۷ ———— ۱۵۹


Marfat.com

# عشق دی
# نویں نویں بہار

Marfat.com

۷۸۶

# تقریظ

کتاب زیرِ نظر میں، حضرت بابا بلھے شاہؒ کی ایک کافی کے سات اشعار کی شرح کے ضمن میں، صوفی محمد دین چشتی صاحب نے گویا سات سمندروں میں عمیق سطح تک غواصی کر کے، تصوف کے گرانقدر خزانوں کی شناخت کروائی ہے جو کہ صاحبانِ نظر اور متلاشیانِ حقیقت کے لیے، فکر و عمل اور عرفانِ ذات کی اساس فراہم کرتی ہے۔ موصوف نے قرآنی آیات اور صاحب کلام کے کے دیگر صوفیانہ اشعار کے حوالہ جات کی بنیاد پر ایک مرکزی وحدت کی جانب رہنمائی فرمائی ہے جو کہ مختلف حوالوں سے مُعَنوَن ہو کر ظواہر کی صورت میں نظر آتی ہے۔ معزز شارح نے انسان کے معاشرتی سفر کے دوران روحانیت کی منزل تک، روشن خطوط کے ذریعے ان حقیقی راستوں کے ادراک کا گرانقدر مواد فراہم کیا ہے کہ جہاں "لہو خورشید کا ٹپکے اگر ذرے کا دل چیریں" کی سی کیفیت کا اپنی حسیات کے توسط سے مشاہدہ تو کیا جا سکتا ہے، مگر اس منزل تک رسائی حاصل کرنے کے لیے، عملیت کا طریق اختیار کرنا ازبس ضروری ہے اور یہی مقصد آدمیت ہے۔ البتہ مجھ ایسے عام قاری کے لیے حضرت باباجی کے اشعار کی تفہیم و تصریح اب تک بدیہی حوالوں سے ہی اظہار پذیر ہوتی رہی ہے مگر اب اس شرح سے صوفیانہ کلام کی مزید جہات سامنے آجانے کے بعد میری استعدادِ سخن فہمی کا کینوس بالیقین اور بھی وسیع ہو گا اور میں بھی بقول احمد ندیم قاسمی صاحب

Marfat.com

یہ کہنے کے قابل ٹھہروں گا کہ

جب بھی دیکھا ہے تجھے عالمِ نو دیکھا ہے
مرحلہ طے نہ ہوا، تیری شناسائی کا !

میری دانست میں، کتاب زیرِ نظر کا مطالعہ صاحبانِ بصارت کے لیے بالعموم اور صاحبانِ بصیرت کے لیے بالخصوص، فکر و عرفان کے نئے نئے باب ضرور وا کرے گا۔

شمائیگان شریف ملک
ڈپٹی کمشنر قصور
۱۶ رجولائی ۱۹۹۵ء

Marfat.com

# تقریظ

" بحرِ بُلھا " صوفی محمد الدین چشتی نظامی صاحب (قصوری) کی وہ کاوش ہے جو کہ بہت عرصہ پہلے منظر عام پر آجانی چاہیئے تھی

اہل فکرو نظر ایک زمانہ سے بابا بُلھے شاہ کے کلام کی تشریح کے منتظر تھے صوفی صاحب نے قرآن و سنت کی روشنی میں فلسفہ وحدت الوجود پر بابا بُلھے شاہ کے نظریات کی تشریح کر کے شیخ محی الدین ابن عربی کی یاد دور حاضر میں تازہ کردی ہے شارح نے تصوف کے بحر عمیق میں اپنے ظرف کے مطابق غوطہ زنی ہونے کی وہ گرانقدر کوشش کی ہے جس کے لیے ہم اہل تصوف ان کے ممنون و مشکور ہیں۔

کیونکہ ایک عام قاری کو دعوت فکر و عمل دینا صوفی صاحب کی شرح کا طرۂ امتیاز ہے مجھے یقین ہے کہ عوام الناس اس شرح کو پڑھ کر راہ حق کی جستجو کریں گے اور کسی مرد حق کے حلقہ بگوش ہو کر اپنی شناخت کر سکیں گے۔ کیونکہ خود شناسی سے ہی ایک آدمی مختلف مراحل طے کر کے خود شناس کی منزل تک پہنچ جاتا ہے جیسے کہ ارشاد ہے من عرف نفسہ فقد عرف ربہ اور اسی مقصد کے پیش نظر حضرت علامہ اقبال فرماتے ہیں۔

خودی کو کر بلند اتنا کہ ہر تقدیر سے پہلے
خدا بندے سے خود پوچھے بتا تیری رضا کیا ہے

میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ صوفی صاحب کی اس کوشش کو اپنی بارگاہ میں حضرت بابا بُلھے شاہ کے طفیل شرف قبولیت بخشے آمین۔

سید عظمت اللہ شاہ (ر) کرنل
سجادہ نشین آستانہ نقیب آباد شریف

Marfat.com

# عشق دی نویوں نویں بہار

بہار کیہ اے ؟ خوشی دا موسم - خوشی جھڑی نت نہیں رہندی- نت کیوں نہیں رہندی ؟ - ایس واسطے کہ کوئی شئے وی نت نہیں رہندی - قدرت نے کسے شئے نوں نت رہن دا حکم دتا ای نہیں - ایس واسطے ہر شئے - ہر دم بدلدی رہندی اے - کسے شئے دی وی کدھرے کھلوت نہیں - پتا نہیں ہر شئے کورے کنیاں حالتاں بدلدی اے- پر اساں عام طور تے ہر شے دیاں دو حالتاں مِتھیاں ہوئیاں نیں جیویں بہار تے خزاں - سکھ تے دکھ - اچھائی تے برائی - چنگ تے مند سیدھ تے پٹھ - دن تے رات - زندگی تے موت-

ہرواری جدوں بہار آوندی اے تاں اوہ پراہونیاں وانگوں کجھ دیہاڑے رہ کے ودعیا ہو جاندی اے تاں خزاں آن پردھان ہندی اے - ایہہ خزاں وی نت نہیں رہندی - اوہنے وی انت نوں اپنے ساہ پگاؤنے ہندے نیں ایس دوران وارث شاہ دے آکھن وانگوں :

بھابی خزاں دی رت جاں آن پہنچی - بھور آسرے تے پئے جالدے نی
سیوں بلبلاں بوٹیاں سُکیاں نوں - فیر پُھل لگن نال ڈال دے نی

انت نوں خزاں ساہ گھُٹ جاندی اے تے نویں بہار جنم لیندی اے - بہار تے خزاں دا ایہہ چکر انج ای چلدا رہندا اے - نہ بہار سدا بہہ رہندی اے تے نہ خزاں -

ایہہ تے ہوئے باہر لے موسم - اندر لے موسم ایناں چر نہیں تگدے - ایہہ پل پل بدلدے رہندے نیں - ہر ساہ اک نواں ای موسم ہنڈ اوندا اے-

ہر پل اک وکھرا موسم اے - ہر سوچ اک اڈری دنیا اے
اس جیون دا ہر ساہ ایتھے - اک نواں ای جنم ہنڈ اوندا اے

(تنویر بخاری)

Marfat.com

عاشق دا- شاعر دا- صوفی ڈا تے ہر حساس انسان دا- ہر ساہ اک نواں جنم ہنڈ اوندا اے - مطلب ایہہ پئی اوہ اک ساہ توں دوجے ساہ دے آون تیکن اک کیفیت چوں لنگھ کے دوجی کیفیت وچ داخل ہو جاندا اے- یا انج سمجھ لوؤ کہ اک ساہ اوہدی پوری زندگی اے-تے اک ساہ دے پورے ہون نال ای اوہدی زندگی پوری ہو جاندی اے-انج اوہ حیاتی وچ جنے ساہ لیندا اے اونیاں ای زندگیاں ہنڈاوندا اے-ایس دوران اوہدی کیفیت ایہہ ہندی اے

آؤنا ایں تے جی پیناواں - جانا ایں - مرجاناں
موت- حیاتی دونویں پیڑاں - دونہاں نوں جر جاناں

ایسے توں ای تاں بابا بُلّھا آکھدا اے:

"عشق دی نویوں نویں بہار"

ایتھے "نویں" دا لفظ اوس تبدیلی (تغیر) ولے اشارہ کردا اے- جیہڑی قدرت دا اک اصول اے-ایہدا مطلب ایہہ نہیں کہ عشق دی ایہہ بہار ہر لمحے نویں رہندی اے - کیوں جے کوئی شئے سدا نویں رہ ای نہیں سکدی- نویں شئے کجھ دن پا کے پرانی ہو جاندی اے "پرانی" نوں "نویں" کوئی وی نہیں کہندا- بابے دے آکھن دا مطلب ایہہ وے پئی عشق وچ نویں توں نویں کیفیت ہندی اے اک لمحے عاشق محبوب دے وصال دا تصور کردا اے تاں خوش ہو جاندا اے-انج جویں اوہدے لئی بہار دا موسم آگیا ہووے- تے دوجے لمحے ای اوہ محبوب دے ہجر یاروں غمناک ہو جاندا اے- تاں اہدے اتے خزاں طاری ہو جاندی اے- ایہہ اوہدے اندر لے موسم نیں-جیہڑے چھیتی چھیتی-اوہدے ساہواں دے نال نال بدلدے رہندے نیں-ایسے ای طرح- عاشق وانگوں- صوفی دیاں کیفیتاں وی بدلدیاں رہندیاں "واردات" تے "خواطر" بلدے

Marfat.com

رہندے نیں اوہ اک لمحے قرب دی منزل تے اپڑدا اے تاں دوجے لمحے فیر اوتھے ای جاکھلوندا اے ۔جتھوں اوہ ٹریا سی ۔ بابا بُلھا عشق نوں "سدا بہار" نیئں آکھدا ۔ کیوں جے اوہ قدرت دے بھیتاں داجانوا ے۔ اوہ عشق دی ایس بہار لئی "نویں" دالفظ ورتدا اے۔ جہدا مطلب ایہہ وے پئی خزاں دا وجود وی موجود اے۔ اوہ خزاں دا سدھا سانواں تذکرہ نہیں کردا۔ کیوں جے اک عاشق دے نیڑے خزاں "رنج" غم "دکھ تے پیڑ دی کوئی وقعت نیئں ہندی۔ نالے اہیناں دکھاں" پیڑاں دا تذکرہ ایس لئی وی نہیں کردا کہ انج شکوہ پیدا ہوندا اے ۔ تے محبوب دا شکوہ کرنا۔ عشق دی شریعت وچ اک بہوں وڈا گناہ اے۔ ایسے لئی گناہ توں ولا کے لنگھن لئی بابے بلھے نے خزاں داناں تیکن نہیں لیا۔ دکھ۔ رنج تے شردے وجود توں انکار نہیں کیتا جاسکدا۔انج جویں شیطان دے وجود توں انکار نہیں کیہ ۔ ا جاسکدا۔ پرایہدا مطلب ایہہ نہیں کہ انسان شر دے وجود نوں تسلیم کرکے اوہدے اگے لف جاوے۔سواد تے تاں اے جے دشمن دے وجود نوں تسلیم کرکے اوہدیاں اکھاں وچ اکھاں پاکے۔اوہدے ٹل نوں اپنی طاقت اگے جھکن لئی مجبور کردتا جاوے۔

بابے دے آکھن دا ایہہ وی مطلب اے پئی ۔ آدم توں ٹرکے ہن تیکن ۔ ہر نسل عروج تے زوال توں گزر دی آئی اے ۔ ہر دور دوجے دور توں نویکلا رہیا اے۔ ہر واری اک آدم چوں نواں آدم پیدا ہویا اے۔ تے ہر نواں آدم نویں توں نویں تجربیاں چوں گزریا اے اک نسل دیاں لوڑاں ہورسن تے دوجی نسل دیاں ہور ۔ اک نسل دے مفروضے دوجی نسل دیاں محسوسیاں توں اڈرے رہے نیں ۔ اکے ای شئے بارے کسے نے کجھ محسوس کیتا ہے تے کسے نے کجھ۔ کسے دی مفروضے نوں حقیقت دا ناں نہیں دتا جاسکدا۔ گوناگوں خلق دیاں گوناگوں صورتاں ۔ نویں توں نویں رنگ تے نویں توں نویں بہار۔ ہر بندہ ہر شئے نوں آپو اپنی تکنی تکدا اے۔

Marfat.com

تے آپو اپنی سوچنی سوچدا اے - جیویں بُلھے شاہ نے سوچیا سی - اونویں میں نہیں سوچ سکدا - تے جیویں میں سوچنا واں - اونویں صوفی محمدالدین چشتی نہیں سوچ سکدا۔ ایہہ وکھری گل اے پئی صوفی محمدالدین چشتی دی سوچنی - میری سوچنی نالوں کدھرے ڈھیر اچیری تے من بھاؤنی ہووے۔

صوفی محمدالدین چشتی - جھڑا بابے بُلھے شاہ دا گرائیں اے - تے اوہدا ملنگ وی - ان ساڈے تیکن بابے بُلھے دا سدّا لیکے آیا اے - بابے بُلھے دے سدّے توں اسیں پتا نہیں کیہ مطلب کڈھلے تے خورے ایہہ ساڈے پلے ای نہ پیندا - بعضے سنیہڑو ایہوجہے ای ہندے نیں کہ اوہ سدّا اگلے دے ہتھ پھڑا کے ترتوں ہندے نیں - تے میرے ورگے رقعے نوں سدھیاں پُٹھیاں کرکے ویہندے ای رہ جاندے نیں- کجھ پلے نہیں پیندا کہ رقعے وچ کیہ لکھیا اے- پر جے کوئی صوفی محمدالدین چشتی ورگا- سیانا سنیہڑو ہووے تاں اوہ سدّے دی اگلی پچھلی ساری گل سمجھا دیندا اے

صوفی محمدالدین چشتی نے اس کتاب وچ - بابے بُلھے دے سنیہے نوں ساڈے پلے پاؤن لئی پورا پورا چارا کیتا اے - ایس مقصد لئی اوہنے عقلی - نقلی تے حسی علماں نوں اک ہتھیار وانگوں ورتیا اے - بابے دے سد سنیہے نوں قرآن - حدیث - فقہ تے تصوف دے حوالے نال اگھاڑن دی بھرویں کوشش کیتی اے - اوہنے دسیا اے پئی ظاہری لفظاں دے باطنی معنے کیویں متعین کیتے جاسکدے نیں - اوہ "تغیر" دے اصولاں داوی جانو اے - تے اوہنے پہلو بدل بدل کے - سانوں عشق دی نویں توں نویں بہار دے لورے لٹن لئی پریرنادتی اے - اوہنے سانوں مادیت دے چکڑ توں کڈھ کے روحانیت دے لشکدے چلکدے علمی تے عملی پڑولے لیاون دا چارہ کیتا اے۔

Marfat.com

آخر وچ میں صوفی محمد الدین چشتی ہوراں دی لمی حیاتی لئی دعا کردا ہویا مولانا روم ورگی ایس سدھر نال ودعیا ہوواں گا:

بالب دمساز خود گر جفتمے
ہمچو نے من گفتنی ہا گفتمے

فقیر ------ تنویر بخاری

سجادہ نشین:

درگاہ سید عبداللہ شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ

کڑیال کلاں - براہ شیخوپورہ

تاریخ 25-07-95

Marfat.com

# عشق اور فکر

"عشق دی نویوں نویں بہار" حضرت سید عبداللہ شاہ المعروف بابا بُلھا شاہ صاحب قادری شطاری قصوری کی وہ شہرہ آفاق کافی ہے جس کے متعلق حکیم الامت حضرت علامہ اقبال نے فرمایا تھا کہ اس کافی کو پڑھ کر مجھ پر لفظ عشق عیاں ہوا (از روز گار فقیر)

اس دقیق کافی کی شرح لکھنا مشکل ہی نہیں بلکہ علمی لحاظ سے خطرناک کام تھا دوسرا یہ کہ قصور میں بیٹھ کر اس دور میں کوئی شرح لکھے مشکل ترین تھا۔ لیکن قدرت کا ایک اپنا مزاج ہے قدرت جس سے چاہے کام لے لیتی ہے۔ سو قدرت نے اس کام کے لیے ایک ایسے بابو کا انتخاب کیا جو اپنی تمام عمر کوٹ پتلون شرٹ پہنے دفتری کاموں میں (حتیٰ کہ) لگا رہا اور پھر عین جوانی کے عالم میں اللہ تعالیٰ نے اسے انعام یافتہ بندوں کی طرف موڑ دیا لہٰذا اپنے وقت کے فرید العصر حضرت قبلہ میاں علی محمد خاں صاحب چشتی نظامی سجادہ نشین بسی شریف (حال مزار درگاہ حضرت بابا فرید الدین گنج شکر پاکپتن شریف) کے حلقہ ارادت میں شامل ہو گیا لہٰذا یہ فیضِ شیخ ہی ہے کہ وقت کے قطب نے سلسلہ چشتیہ نظامیہ کا فیض صوفی صاحب کو بقدر ظرف بخشا اور یہ چشتی صوفی ایک قادری صوفی کے اشارات وکنایوں تک رسائی حاصل کر گیا اور میں واشگاف الفاظ میں یہ تسلیم کرتا ہوں کہ ان کی تحریر بصورت "بحرِ بُلھا" علم واھب سے ہے علم صوری سے نہیں اور واردات کا اظہار بھی ہے۔ میں نے اوپر ذکر کیا ہے کہ یہ کام قصور میں اور بھی مشکل ہے تو اس کی وجہ یہ ہے کہ اس شہر کی سرزمین کبھی بڑی زرخیز ہوا کرتی تھی علمی اور ادبی لحاظ سے اس سرزمین سے تاریخ ساز ہستیوں نے جنم لیا لیکن انقلاب روس کے بعد اس شہر کی زمین بانجھ ہو کر رہ گئی اور اتنی بانجھ ہوئی کہ عشق کا پودا تو یہاں کیا اُگتا فکر کا بیج بھی اپنا سر نہ نکال سکا اور آخر کار شہر کے دانشوروں نے حضرت بابا بُلھے شاہ کو جو کہ سلسلہ قادریہ شطاریہ کے چوٹی کے محقق صوفی ہیں۔

Marfat.com

جن کے کلام سے شریعت طریقت اور معرفت کے موتی نکالے جاسکتے ہیں ایک انقلابی کی صورت میں پیش کرنے کے لیے پورا زور لگا دیا اور باباجی کے کلام کو گُلی کُلی اور جُلی (روٹی کپڑا اور مکان) کی شکل میں دیکھتے رہے ہیں اور ان کو الفرڈ مارشل- کارل مارکس- ایڈم سمتھ- رابنز- مائو اور فیڈرل کاسترو بنا دیا گویا لا دین ہونا ہی انقلابی ہے-

ہم مانتے ہیں کہ بابا بلھے شاہ صاحب انقلابی شخصیت ہیں لیکن کس قسم کے انقلابی- یہ انقلابی سرور کائنات فخر موجودات نبی آخرالزماں حضور پرنور احمد مجتبےٰ محمد مصطفےٰ ﷺ کی سنت یعنی کہ علم عمل کے مطابق انقلابی ہیں خلفائے راشدین کے مطابق انقلابی ہیں اپنے سلسلہ کے پیر اعلیٰ حضرت سید محی الدین ابو محمد شیخ عبدالقادر حسنی و حسینی کے پیروکار انقلابی ہے- میں ان نئے علوم کے دانشوروں سے پوچھتا ہوں کہ برصغیر پاک ہند میں حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری جیسا کوئی انقلابی ہوا ہے ؟ جنہوں نے ہندوستان میں نوے لاکھ انسانوں کے قلب و ذہن پر انقلاب برپا کردیا کیا حضرت سید علی بن عثمان جلابی الجویری المعروف داتا گنج بخش جیسا کوئی لادین انقلابی ہوا ہے ؟ کیا بابا فریدالدین گنج شکر اور علی الترتیب اولیاء کرام سے بڑا کون انقلابی ہے- ہمارے محسنین حضرت علامہ اقبال- حضرت قائداعظم محمد علی جناح کیا انقلابی نہ تھے-ان کے نزدیک کیا لا دین ہونا ہی انقلابی ہے-

سو قارئین ان حالات کے جھگڑوں میں صوفی کا شرح لکھنا کس قدر مشکل تھا لیکن ہر صوفی صوفی محمدالدین نہیں ہوتا- کہ پاؤں اکھڑ جائیں وہ نام کا صوفی نہیں ہے جیسے کہ ہر بریگیڈیر صدیق سالک نہیں ہوتا- ہر کرنل محمد خاں نہیں ہوتا- ہر سیکرٹری قدرت اللہ شہاب نہیں ہوتا- اور پھر ہر ڈی سی مصطفےٰ زیدی نہیں ہوتا- ایسے ہی ہر صوفی صوفی محمدالدین چشتی نظامی نہیں ہوتا-

مشائخ اولیاء اور محققین علم و معرفت کے لیے حضرت بابا بُلھا شاہ کی کافی کی شرح پیش

Marfat.com

دمت ہے - ایک صوفی کا کلام اور دوسرے صوفی کی شرح پڑھیے اور غور کیجئیے کیونکہ یہ
شرح مقام فکر ہے کہ ہم کون تھے اب کیا ہیں کہاں تھے آج کہاں کھڑے ہیں اور ہم نے
لایت سے منہ موڑ کر اس دور میں کیا کارہائے نمایاں سرانجام دیے ہیں-

(الحاج) ریاض الرحمٰن بھٹی (قصور)
پاکستان انٹرنیشنل پریس ایجنسی اسلام آباد

15 اگست 1995ء

Marfat.com

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# عرضِ مصنف

تمام تعریفیں اس ذاتِ پاک وحدہٗ لاشریک کے لیے ہیں جو کہ باوجود فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیۡدُ کی شان رکھنے کے اپنے بندوں پر انتہائی کریم و رحیم اور صفتِ حلیمی سے سَتَّارُ العُیُوبِ ہے جس کا عشق بصورت جوامع الکلم لَوۡلَاکَ لَمَا خَلَقۡتُ الۡاَفۡلَاکَ کا تاج پہنے جہان کی اندھیری رات کو صفت سراج منیر کے وجود کے آفتاب کے ساتھ روشن ہوا۔ جَآءَ الۡحَقُّ کے انوار سے ظَلُوۡمًا جَہُوۡلًا نے کَرَّمۡنَا بَنِیۡۤ اٰدَمَ کا تاج پہنا۔ جس کے ایک غلام تسلیم و رضا کے تخت پر بیٹھے دریائے نیل کو جاری ہونے کا حکم دے رہے ہیں جو تا قیامت جاری رہے گا۔

دہانِ تنگ شیرینت مگر مہر سلیمان ست
کہ نقشِ خاتم لعلش جہان زیرِ نگیں دارد
بہر زمینی کہ نشانِ کفِ پائے تو بُود
سالہا سجدہ صاحب نظراں خواہد بُود

انہی نقوش میں سے نقشِ خاتم نعل مبارک کا ایک نقش جو کہ نسبی لحاظ سے

حضور سیدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا خون ہے۔ اور نسبتی لحاظ سے حضور امام المشارق والمغارب امیر المومنین سیدنا علی بن ابو طالب کرم اللہ وجہہ کا روحانی و جسمانی بیٹا ہے ۔ نے قصور کی سرزمین کو اپنے وجودِ مسعود سے اس وسیع عالم میں روشن کیا۔ جن کی خاموشی میں فکر اور جن کے کلام میں ذکر ہے۔ جن کی خاموشی میں امت کا درد و غم اور جن کے کلام میں امت کی راہنمائی ہے۔ جن کی خاموشی میں سورج کی شعاعوں کا اثر اور جن کے کلام میں چاند کی خنکی، روحانی فرحت و ٹھنڈک موجود ہے۔ (دھوپ اگر پھولوں پر پڑے تو خوش بو تیز ہو جاتی ہے اور گندگی پر اثر انداز ہو تو بدبو کا اظہار ہوتا ہے۔)

جن کی خاموشی نے وقت کے مغرور بتوں کو لرزا کر رکھ دیا اور جن کے کلام نے دنیا کے ہر مذہب و ملت کو پیار و محبت کا درس دیا ہے۔ جن کی خاموشی امر اور جن کا کلام زندۂ جاوید ہے ۔ جن کی خاموشی خاموش آیاتِ قرآنی ہیں اور جن کا کلام تشریح آیات ہیں جن کی خاموشی علی بابہا کی نشان دہی کرتی ہے جن کا کلام اَنَا مَدِیْنَۃُ الْعِلْمِ کی تشریح ہے جن کی خاموشی امام عالی مقام صبر القیام کا نقشہ ہے۔ جن کا کلام سیدنا حسین شہید اعظم رضی اللہ عنہ کے عشق کا وجود۔ جن کی خاموشی نے علماء کرام کو اپنے علم میں فکر و تدبر کا جذبہ عطا کیا۔ جن کے کلام نے محبین رسالت کو علم رسالت بقدر ظرف بخش دیا۔ جن کی خاموشی محققین کے لیے معمہ ہے جن کے کلام نے رہروان سلوک کو محقق بنا دیا۔

یہ ہیں اصطلاح استعارہ کے استاد ثانی واقفِ رموز و اسرار حضرت سید عبداللہ شاہ المعروف بلھا شاہ صاحب قادری شطاری قصوری رحمۃ اللہ علیہ جن کے پُر معنی کلام میں سے ایک کلام جو کہ سات اشعار پر مشتمل ہے کی تشریح کی گئی ہے۔

86744

Marfat.com

اے مجمع کرامت از رحمت چہ دور است
شاہا! اگر نوازے درویش بے نوا را

بندہ درویشاں خاک پائے ایشاں محب الفقرا صوفی محمد الدین چشتی نظامی قادری کمبوہ قصوری نبی زادے کے اشتیاق میں اپنا تمام سرمایہ جو کہ ایک سوت کی اَنٹی سے بھی کم ہے لے کر آیا ہے۔ قارئین یقیناً میری اس متاع حقیر اور عالی مرتبت شہزادہ کو دیکھ کر میری جنونی حالت کا تمسخر اڑائیں گے۔ لیکن میں خود ہی اپنی اس جنونی جسارت کا اعتراف کرتا ہوں۔ لیکن یہ یاد رہے کہ مجھ میں یہ شعور پختہ ہے کہ میں اگرچہ ایک حقیر سوت کی اَنٹی سے یوسف علیہ السلام کو تو نہ خرید سکوں گا۔ لیکن حشر کے دن ان کے خریداروں کی صف میں ضرور کھڑا کیا جاؤں گا۔ کیونکہ میری حیثیت بھی ایک خریدار کی ہے۔

ہر دو عالم قیمتِ خود گفتہ ؎
نرخ بالا کن کہ ارزانی ہنوز (خسروؒ)

جاننا چاہیئے کہ ہر وہ جس کے افعال و اقوال میں نفس امارہ کا شائبہ تک نہ پایا جائے۔ جس کی حرکات و سکنات میں اُن یَّشَآءَ اللّٰہُ کی حکمتوں کا ظہور ہو۔ جس کی نشست و برخاست میں مثل محمود و ایاز غلام و آقا کی تصویر نظر آئے۔ جس کے خلق میں خلق عظیم کے خزانہ سے حصہ ملا ہو اور پھر بحر محبت بلالی میں غرق ہو۔ وہ جو کچھ کہے گا سرکار مدنی صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت میں کہے گا اور جو کچھ وہ کرے گا حضور کی محبت میں کرے گا۔ حتیٰ کہ اس کی زندگی حضور کی محبت کا نقش ہو گی۔ عوام اسے بندہ کے نام سے کلام سے حتی کہ جہاں وہ بیٹھا ہے خواہ وہ مٹی کے نیچے ہو یا اوپر نمایاں طور پر اس سے خوشبوئے رسالت محسوس کریں گے۔ بشرطیکہ قوتِ شامہ بیمار نہ ہو۔ انوارِ رسالت

Marfat.com

کی برسات دیکھیں گے بشرطیکہ قوتِ بصریہ میں نقص نہ ہو۔ اپنے دلوں میں آتشِ عشق کی تپش محسوس کریں گے بشرطیکہ قلب مُردہ نہ ہو۔ فَاِنِّیْ قَرِیْب کا مشاہدہ قلبی بصیرت سے ہوگا بشرطیکہ ذہنی اور قلبی کیفیت مکمل نصیب ہو۔ بَلْ اَحْیَاءٌ کا جہان اپنے لاشعور میں بسا ہوا دیکھیں گے بشرطیکہ شعور میں سوائے محبت رسالت کے خواہشات نفسانی کے بادل نہ چھائے ہوئے ہوں۔ وَادْخُلِیْ جَنَّتِیْ کی فرحت بخش ہواؤں سے روحانی مسرت ہوگی بشرطیکہ فَادْخُلِیْ فِیْ عِبَادِیْ کی زنجیر سے اسیر ہو۔

علم تشریح ایک ایسا علم ہے جس کی کوئی حد نہیں اور پھر لامحدود کے کلام کی تشریح کیا ہو سکے گی۔ جس کی دلیل یہ آیہ مبارکہ ہے۔

"اے محبوب! آپ فرما دیجئے کہ میرے پروردگار کی باتوں کو لکھنے کے لیے اگر سمندر سیاہی بن جائے تو قبل اس کے کہ میرے پروردگار کی باتیں تمام ہوں سمندر ختم ہو جائے گا۔ اگرچہ ایسا ہی ایک اور سمندر اس کی مدد کو لایا جائے۔" (سورۂ کہف ۱۰۹)

اس لیے کلام الٰہی کی کوئی حد نہ ہوئی۔ اگر کلام الٰہی کی کوئی حد نہیں تو کلام رسالت کی کیا حد ہوگی؟ لہٰذا ان اولیائے کرام کا کلام جو کہ فنا و بقا کی لذت سے سرشار ہیں انہیں حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کیسے جدا کر سکیں گے جن کے متعلق مثنوی کا یہ شعر مشہور ہے۔

گفتۂ او گفتۂ اللہ بود
گرچہ از حلقوم عبد اللہ بود

یہی وجہ ہے کہ ہر دور میں کلامِ الٰہی، کلامِ رسالت اور کلامِ اولیاء کی تشریحات

دل پذیر رہیں اور محبین کے شوق کو مزید بڑھاتی رہیں۔ لیکن کلام کے متن میں کوئی فرق نہ آیا۔ کیونکہ محافظ باری تعالیٰ ہیں۔ اسی طرح بابا بُلھا شاہ صاحبؒ کے کلام کی تشریح نہ معلوم کن کن شیدائیوں نے کی ہوں گی لیکن پھر بھی "لوں لوں وچہ شوق ودھیری اے" کے مصداق محبین اور عاشقین تشنہ ہی رہے۔

اولیائے کرام کے بارہ میں ایک حدیث کا حوالہ بے محل نہ ہوگا۔

فرمایا کہ جب بندہ نوافل میں اللہ تعالیٰ کا قرب چاہتا ہے تو اللہ پاک فرماتا ہے کہ میں اس کے ہاتھ ہو جاتا ہوں۔ میں اس کی زبان ہو جاتا ہوں میں اس کی بصارت ہو جاتا ہوں۔ میں اس کی سماعت ہو جاتا ہوں۔ حتّٰی کہ کل جوارح۔ لہٰذا ایسے بندے کے کلام کو کلام الٰہی تو نہ کہا جائے گا مگر اس کا کلام کلامِ الٰہی سے جدا بھی نہ ہوگا۔ اس لیے اولیائے کرام کے کلام کے متانین اور تشریحات قرآن اور حدیث سے باہر نہ ہوں گی۔ دیگر یہ کہ کلام پر کسی بھی زبان کا اثر کلام کی حقیقت کو نہ بدل سکے گا۔ اگر ایسا ہوتا تو قرآن پاک کسی زبان میں نازل کیا جاتا۔ کلامِ الٰہی کے کوئی الفاظ کسی خاص زبان میں نہیں ہیں لیکن سیّدِ عربی و مکی و مدنی صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن مجید اپنی مادری زبان عربی میں ہمیں عطا فرمایا۔ اس کی مثال یوں بھی ہے کہ سورج کی روشنی کا کوئی رنگ نہیں لیکن یہی روشنی جس رنگ کے شیشے پر پڑتی ہے۔ وہی رنگ اختیار کر لیتی ہے۔

Marfat.com

# عشق دی نویوں نویں بہار

(۱) جاں میں سبق عشق دا پڑھیا
مسجد کولوں جیوڑا ڈریا
پچھ پچھ کھٹا کر دوارے وڑیا
جتھے وجدے ناد ھزار
عشق دی نویوں نویں بہار

عشق جسے تجلیٔ ذات الٰہی بھی قرار دیتے ہیں ہر لحظہ نئی شان میں جلوہ گر ہے۔ فرمانِ ربی " کل یوم ھو فی شان " کے مصداق عارف کا مشاہدہ ہے اور یہ ذات وصفات سے ہو نزمل کے آگے والی بات ہے۔ حضرت علامہ اقبال نے اسی کو ان الفاظ میں بیان فرمایا ہے۔

ہر لحظہ ہے مومن کی نئی آن نئی شان

جاں میں سبق عشق دا پڑھیا
مسجد کولوں جیوڑا ڈریا

مسجد کے تعلق سے ہی عشق کا سبق نظر آیا۔ پہلے رسم عبادات میں گرفتار تھا۔ جس کی ادائیگی میں مکمل حقیقت کا ظہور نہ تھا۔ دوزخ اور جنت کے خیال میں رسومِ عبادات ادا کرنے میں مصروف تھا کہ اس

Marfat.com

رسم کے اندر عشق حقیقی کی خبر نہ مل سکی۔ تو معلوم ہوا کہ یہ عبادت کی ظاہری رسومات جن کا مقام مسجد قرار پایا ہے یہ تو میری زندگی کو بیکار کر رہی ہیں۔ سوائے خدا کی وہمی و خیالی صورتوں سے کچھ میسّر نہیں۔ آج تک کسی عبادت کا وجود نظر نہیں آیا۔ لہٰذا اس لئے مسجد سے بھاگ کھڑے ہوئے۔ یعنی شریعت جو کہ بمنزلہ ماں کے ہے طریقت جو کہ بمنزلہ دائی کے ہے۔ دائی کی طرف رُخ کیا۔ ایک جگہ فرماتے ہیں۔

شریعت ساڈی مائی اے　　طریقت ساڈی دائی اے۔

ھ　پچھ پچھ ٹھاکر دوارے وڑیا

جتھے وجے ناد ھزار

جس وقت مسجد سے بھاگ کھڑا ہوا تو مجھے یہ فکر ہوئی کہ یہ عشق کہاں دستیاب ہوگا۔ نَحْنُ اَقْرَبُ عَلَیْہِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِیْدِ ۔ شاہ رگ سے نزدیکی کی خبر کہاں سے ملے گی معشوق حقیقی کو پانے کا کون سا رستہ ہے۔ وہ عشق، جس کا ظہور اب طلب کی صورت اختیار کر گیا ہے، کیسے میسّر ہوگا۔ اب میں ظاہری رسومات چھوڑ کر کہاں جاؤں لہٰذا تجسّس کرتے کرتے ٹھاکر دوارے اس شخص کے پاس پہنچ گیا۔ جس کے متعلق مشہور تھا کہ یہ ٹھاکر یا عبادات کا رہبر مطلوب کی شناخت کروا سکتا ہے اور وہاں کی رسم عبادات کچھ اس قسم کی تھیں کہ ایک سانس میں ایک ہزار بار اسم ذات یا اسم مطلوب لیا جاتا ہے۔ اس کو حبس دم بھی کہتے ہیں قلندروں اور فقراء میں سینگ کا بنا ہوا ایک آلہ ہوتا ہے جسے آسمان کی طرف کر کے اس میں زور سے پھونکتے ہیں تو اس میں سے ایک عجیب سی آواز پیدا ہوتی ہے۔ جسے ہندی میں ناد کہتے ہیں۔

Marfat.com

نادعربی زبان کا لفظ ہے۔ اردو میں نام اور فارسی میں اسم۔

(۲) بیت
وید قرآناں پڑھ پڑھ تھکے
سجدے کر دیاں گھس گئے متھے

کہ اے نفس تو کفر اور اسلام کے قانون کی کتابیں پڑھتا تھا ماضی اور مستقبل کے جھگڑوں نے تجھے کچھ فائدہ نہ دیا۔ اس محنت کا اجر تجھے کسی صورت میں بھی حاصل نہ ہوا اور مجاہدہ کی محنت سے تھک گیا۔ بے یقین ہو گیا۔ ظاہری عبادت کی رسموں میں تو نے آج تک جتنا بھی وقت لگایا۔ اپنی عمر عزیز کو گھٹا دیا۔

نہ رب تیرتھ نہ رب مکے
جس پایا تس نور انوار

نہ تجھے کفر کی رسم عبادت سے مطلوب حاصل ہوا اور نہ ہی اسلام کی پابندیوں سے خدا کی خبر ملی۔ اگر پتہ چلا تو یہ کہ اس جہان کو جس نور سے منور کیا گیا ہے۔ اسی روشنی سے مطلوب کا حصول ممکن ہوگا۔

(۳) پھوک مصلا بھن سٹ لوٹا
نہ پھڑ تسبی عاصا سوٹا

چونکہ تیرے رہبر نے تجھے راہ حقیقت بتا دی ہے اب اس ظاہری زاہد کی طرح جو غازی بننے کا نشان اور پاک رہنے کا سامان اٹھائے پھرتا ہے۔ ان کو توڑ دے۔ دنیا و عاقبت کے خیال سے کسی قسم کا ورد مت کر اور نہ ہی کسی کا دیا ہوا سہارا قبول کر۔ سوائے ذات حق کے کسی کو سہارا بنانا کفر ہے۔

عاشق کہندے دے دے ہوکا

Marfat.com

ترک حلالوں کھا مُردار

عارفانِ حق کا حکم ہے کہ اگر تیرا مُرشد کہہ دے کہ پاک مصلّٰے کو حرام شراب کے ساتھ رنگ لے تو اس غیر شرع فعل کو اختیار کر۔ جائز و ناجائز والے مسئلے ترک کر دے۔

(۴) ہیر رانجھے دے ہو گئے میلے
کھُلی ہیر ڈھونڈیندی بیلے

جب تک انانیت کا پردہ کھُلا نہیں تھا تو طالب اپنے مطلوب کو باہر جنگلوں میں تلاش کرتا رہا اور جیسے ہی "نحن اقرب علیہ من حبل الورید" منکشف ہو گیا۔ طالب و مطلوب ایک ٹھہرے۔

رانجھن یار بغل وچ کھیلے
ہوش نہ رہیا سُرت سنبھال

یعنی مطلوب تو اپنے قلب میں تھا جس وقت مشاہدہ ہو گیا۔ اس کو پالیا۔ تو خود گُم ہو گئے۔ اب ہوش میں رہ تا کہ طالب و مطلوب کا فرق عیاں رہے۔ اور کسی ایسی بات کا ظہور نہ ہو جائے۔ کہ جس کی خاطر دار پر چڑھنا پڑے۔

(۵) جد میں رمز عشق دی پائی
طوطا مینا مار مکائی

کافی کے پہلے شعر میں فرمایا:۔ جد میں سبق عشق دا پڑھیا۔ اور اس شعر میں فرما رہے ہیں جد میں رمز عشق دی پائی۔ لہذا رمز میں جو رموز و نکات پنہاں ہیں کسی ہمراز سے عشق کی رمز پائی جاتی ہے اور عشق کی رمز پالینے کے

Marfat.com

ہی طوطا مینا یعنی عقلِ حیوانی اور نفسِ حیوانی پر معنوی موت وارد ہوگی ۔

میں نے حضرت باباجیؒ کے اسم کی تشریح میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم میں صفت رحمانیہ اور انسانی وجود کی خواہشات نفس کا تعلق صفتِ رحمانیہ سے ہے ۔ مفصل لکھا ہے اب جبکہ عشق کی رمز پانے کے بعد طالب مینا ہی مار دیتے ہیں گویا کہ عقلِ حیوانی اور نفسِ حیوانی کا گلا گھونٹ دیتے ہیں تو لازماً نہ دنیاوی خواہشات کا تعلق رہا اور نہ آخرت کے انعامات کا لالچ، کیونکہ

طالب دنیا رنجور اند

طالب عقبیٰ مزدور اند

اور طالب حق مسرور اند

۵ میں انجانی کھیڈ وگتی کھیڈاں آکے باکے جی

ایہہ کھیڈاں سب دِسدیاں جھیڈاں شوہ اپنے گھر جا کے جی

(۶) عمر گوائی وِچ مسیتی اندر بھریا نال پلیتی

ترجمہ تحت اللفظ : اے نمازی آپ نے اپنی عمر مسجد میں ضائع کر دی مسجد میں رہنے کے باوجود اپنا باطن پاک نہ کر سکا۔ آپ کا باطن ناپاک ہی رہا۔ آپ نے نمازِ وحدت جس میں حضوری ہو نہ پڑھ سکے ۔ اب آخر وقت میں اپنے ضائع کیئے گئے وقت پر شور پکار کر رہے ہو ۔

ولایت اور نبوت کے زمرہ میں کچھ اشارات دیئے گئے ہیں اور مفتیانِ وقت نے شرع کے ضمن میں جو فتاوے صادر کئے ہیں ان کی حقیقت کیا ہے ۔ جاری شدہ چھ فقہہ کا تاریخی جائزہ اور اس کے اثرات ، نماز کے متعلق سوچ بچار ، نماز کے قائم کرنے کے بعد نماز کی حفاظت ،

Marfat.com

ہندوستان میں مسلم قوم کو انگریز نے ان تین گروہ کو پست کر کے علمی ادبی، سماجی، معاشرتی ترقی سے باز رکھا، (۱) علمائے اسلام (۲) نرسری پڑھانے والے اساتذہ (۳) محکمہ پولیس ، کیونکہ نرسری تیار کرنے کے لیے اساتذہ محبت رسالت کو اجاگر کرنے اور اخلاق محمدی کو جاری کرنے والے علمائے اسلام و صوفیائے کرام اخلاقی بے راہ روی کو ختم کرنے اور جرائم کی روک تھام کرنے والا محکمہ پولیس ہے لہذا انہیں کیوں کرنا ایں شور پکار"
کیونکہ ہمیں آزاد ہوئے پچاس برس گزرے ہیں اور آج کیا حال ہے

(۷) عشق بھلایا سجدہ تیرا
ہُن کیوں پایا نویں اینویں جھیڑا
جس پیالہ پیتا ساقی دا کیوں اوہلے بہہ بہہ جھا کیدا
ہُن پردہ کس نوں راکھی دا

حضرت بابا جی کے دیوان میں ان کی کافیوں میں اکثر عشق کے طوفان کا ذکر ملتا ہے۔ یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ جس وقت کسی صاحب ولائت کے اندر علم حقیقی کا سمندر موجزن ہوتا ہے تو سمندر ہی کی طرح علم کے سمندر میں طوفانی لہریں اٹھتی ہیں اور ان لہروں میں جہاں سچے موتی باہر آجاتے ہیں اسی طرح ان میں مونگے، کوڑیاں اور گھونگھے وغیرہ بھی باہر آجاتے ہیں اور سمندر میں چھپی ہوئی کئی ایک اشیاء کا ظہور ہو جاتا ہے اور اس کی مثال صاحب حال کے کلام کی ہے جس وجہ سے ان کا کلام ایک ہی حال میں نہیں رہتا۔ مختلف کیفیات کے زیر اثر ان کا کلام بھی ان کی کیفیت کا مظہر ہوتا ہے۔ آپ اس کیفیت کو اپنے باطن میں دیکھ سکتے ہیں کہ ہر سانس کے بعد آپ کی اپنی حالت بدل چکی

Marfat.com

ہوتی ہے۔ کیونکہ وہ ذات ہر لمحہ ایک نئی شان میں ہے لہذا آپ بھی ہر لحظہ ایک نئی کیفیت میں ہوں گے۔ اور یہ فطرت ہے۔

کچھ ملامت کے بارے میں :۔

خداوند تعالیٰ کے عشق و محبت میں ملامت کی تاثیر بہت زیادہ ہوتی ہے اس لیے مشائخ طریقت کے ایک گروہ نے ملامت کا طریق اختیار کیا چونکہ اس میں بدرجہ کمال لذت بخش روحانیت ہے اور یہ بھی حقیقت ہے کہ دنیا میں اللہ تعالیٰ کے خاص بندے ہی ملامت کے لیے مخصوص ہوا کرتے ہیں اور یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ ملامت انبیاء و رسل کی سنت خاص اور طریق ہے اس کی حقیقت یہ بھی ہے کہ خدا جسے پسند کرتا ہے مخلوق اسے پسند نہیں کرتی اور جسے مخلوق پسند کرتی ہے خدا اسے پسند نہیں کرتا۔

ولایت کی اقسام و خاتم الانبیاء و خاتم الاولیاء پر کچھ روشنی ڈالی گئی ہے

ہرگز نمیرد آنکہ دلش زندہ شد بعشق
ثبت است بر جریدۂ عالم دوام ما (حافظ شیرازی)

ان تمام احوال کا ماحصل "عشق دی نویوں نویں بہار" ہے عشق ہر لحظہ ایک نئی شان میں جلوہ گر ہے۔ نہ اس کا اول معلوم نہ آخر کا بھید نہ ظاہر کا پتہ نہ باطن کا علم۔ وہ ہر گھڑی صوفی کی کیفیت کی طرح کسی اور ہی رنگ میں ظاہر ہوتا ہے اور جب اس کا اثر پاک اور لطیف ارواح پر پڑتا ہے تو وہ طبائع بھی ایک حال میں نہیں رہتیں۔

Marfat.com

شارحین کی شرح ان کے تین قسم کے علم کو ثابت کرتی ہے۔

۱۔ **صوری علم**:۔ اس علم کی رسائی حرفوں کے پھیلاؤ تک ہی محدود رہتی ہے

۲۔ **حسی علم**:۔ اس میں معانی ہی معانی ہوتے ہیں یہ ذوقی علم بھی کہلاتا ہے

چونکہ اس کا ذوق کے ساتھ تعلق ہے جیسے کہ ایک وجود ایسا بھی ہوتا ہے جو میٹھے دودھ کو کڑوا بتاتا ہے۔ گرمیوں میں اسے شدید جاڑا لگ رہا ہے۔ اب حقیقت میں نہ دودھ کڑوا ہے اور نہ سردی کا موسم ہے۔ تو کیا وہ صحیح کہہ رہا ہے۔ ہم کہتے ہیں کہ وہ صحیح کہہ رہا ہے اور سچّا ہے۔ میٹھے دودھ کو کڑوا بتانے والے پر صفراوی بخار کا غلبہ ہے جسے جاڑا لگ رہا ہے اور سردی سے کانپ رہا ہے اُسے ملیریا بخار ہے۔ لہٰذا دونوں اپنی واردات کہہ رہے ہیں سچ نہیں کیونکہ حقیقت اس کے بالکل برعکس ہے۔

۳۔ **علم حال**: یہ علم صوری اور معنوی حالتوں سے گزر کر حال بن جاتا ہے۔ اصفیا کا کلام چونکہ حال پر منحصر ہوتا ہے لہٰذا صاحب حال شارح نہیں ہوتے، کیونکہ شرح کے شارح کو ایک حال پر قائم رہنا ہوگا۔ (اپنے حال کو برقرار رکھنا ہوگا) جو کہ اس کے لیے ناممکل ترین مرحلہ ہے۔ لہٰذا اگر کوئی صاحب حال کسی صاحب کلام کے کلام کی تشریح کرتا بھی ہے تو اس کی یہ تشریح کسی صاحبِ حال ہی کے لیے ہوتی ہے۔

Marfat.com

کوئی دوسرا شخص نہ اس کی زبان سے واقف ہے نہ اس کے احوال و مقامات سے آشنائی رکھتا ہے۔

صوفی محمد الدین چشتی نظامی قصوری جو کہ حضور سیّد عبداللہ شاہ المعروف **بُلھا شاہ** صاحب قادری شطاری کے سایہ عنایت پر فخر کرتا ہے عرض پرداز ہے کہ کلام ہٰذا کی تشریح کے دو اسباب ہیں:۔

اول یہ کہ ہر بندہ اپنے ولئ نعمت کی تعریف کرنے میں حق بجانب ہے۔ ولئ نعمت کے زیر سایہ رہ کر بندہ اگر تعریف نہ کرے تو کفرانِ نعمت ہوگا۔ اور پھر یہ کہ حق تعالیٰ اپنے دوستوں کی مدح کرنے والوں کو بھی دوستی اور محبت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں لہٰذا ان دو وجوہات کی بنیاد پر قارئین کی خدمت میں درخواست کرتا ہوں اور امیدواثق ہے کہ قارئین حضرات حق تعالیٰ کے عطا شدہ کمال ہُنر کے ساتھ میری بھی کسی بھی غلطی کو نظر انداز کرتے ہوئے ہمت افزائی فرمائیں گے۔

صوفی محمد الدین چشتی نظامی قادری کمبوہ
شہباز روڈ لاہور

اگست ۱۹۹۵

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# اِسمِ بُلھاؒ

حضرت سیّد عبداللہ شاہؒ المعروف بُلھا شاہؒ قادری شطاری قصوری
عبد یٰسین عبد قرآن حکیم
عبد باشد مظہر خلق عظیم
عبد باشد حجۃ اللہ در زماں
عبد باشد حجۃ اللہ در مکاں

سند الموحدین، دلیل العاشقین، سایہ رحمت اللعالمین، آل نبی اولاد علیؓ سیّد عبداللہ شاہ قادری شطاری قصوریؒ نے اپنا نام بُلھاؒ تخلص کے طور پر جیسے کہ شعراء حضرات رکھتے ہیں نہیں رکھا بلکہ یہ نام عطیہ ہے۔ یہ نام اختیار اور بے اختیاری کی درمیانی کیفیت کا مظہر ہے چونکہ اس نام میں حق تعالیٰ کا اختیار زیادہ نظر آتا ہے۔ اختیار اور بے اختیاری ایک وجدانی کیفیت ہے اور اس حالت میں ولی اللہ کے کہے گئے بعض کلمات کا سمجھنا عوام کے علم و عقل و ادراک سے بلند و بالا ہوتا ہے۔ یہ کلمات معنوی لحاظ سے بحر بے کنار ہوتے ہیں۔ اس لیے عوام کی نظر میں ایسے الفاظ جو کہ اپنے اندر ہزارہا معنی رکھتے ہوں بے معنی نظر آتے ہیں۔ جن کو ہر صاحب ادب انسان اپنے ظاہری علم کے حرفوں کے پھیلاؤ سے ان کا ترجمہ کرنے کی کوشش نہیں کرتا بلکہ ادب سے گزر جاتا ہے۔

Marfat.com

حضرت بابا جی فرماتے ہیں

★ مُلّاں مینوں سبق پڑھاوے
الفوں اگے کچھ نہ آوے

★ بس ب نوں لینی آں چیٹ کرڑے
میرا رانجھا جوگی جبٹ کرڑے

★ اِکو الف (ا) تیرے درکار
جاندی عمر نئیں اعتبار
علموں بس کریں اور یار

★ اساں پڑھیا حرف تحقیقی اے
او تھے اکو حرف حقیقی اے
ہور جھگڑا سب ودھیکی اے
ایویں رولا پایا بہندی اے

★ رانجھا رانجھا کردی نی میں آپے رانجھا ہوئی
آکھو نی مینوں دھیدو رانجھا ہیر نہ آکھیو کوئی

اِن اشعار میں قابل غور شعر نمبر ۱ ہے۔ یہ ابتدا بھی ہے اور انتہا بھی باقی اشعار راستہ و منزل کے نشانات ہیں۔

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ (شروع کرتا ہوں ساتھ نام اللہ کے جو بڑا مہربان اور رحم کرنے والا ہے۔

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ (بِسمِ اللّٰہ، ساتھ نام اللہ کے) (الرَّحمٰن رحمٰن ہے) (الرَّحیم، رحیم ہے)۔

اگر آپ بغور دیکھیں گے تو شروع کرتا ہوں، کا فقرہ اضافی نظر آئے

Marfat.com

گا۔ کیونکہ ایسا کوئی حرف نہیں جس کا ترجمہ شروع کرتا ہوں لکھا ہوا ہے۔ اور نمبر 2 میں آپ کو ترجمہ عین لفظوں کے مطابق نظر آئے گا۔

اب اسے شریعت اور طریقت کی رو سے سمجھئے۔ یہ تو آپ جانتے ہیں کہ اسم اللہ ذاتی ہے اور باقی تمام اسماء صفاتی ہیں تو اس کا ترجمہ یوں ہوا کہ میں ساتھ اللہ کے ہوں جو صفت رحمانیہ کی رو سے اس عالم میں تمام مخلوقات کی ضروریات زندگی پوری کرنے والا ہے اور اس دار الفناہ میں بحیثیت خالق کے مخلوق پر اپنی صفت رزاقیت سے رزق پہنچاتا ہے گویا کہ اللہ کے اسم رحمٰن کا ظہور عالم خلق کی خوبصورتی و زیبائی عزت و دولت سے ہے اور اللہ اپنے صفاتی اسم رحیم سے دار البقا میں اپنے بندوں پر از روئے رحم جو کہ اس اسم کی تجلی کا ظہور ہے رحم کرنے والا عطا و بخشش کرنے والا اور عیب پوش ہے جس کا ظہور وَمَا اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا رَحْمَۃً لِّلْعٰلَمِیْنَ ہے گویا کہ عالم شہود میں یہ رحمت عام ہوئی اور عالم امر میں یہ خاص ہوئی۔

اب دیکھنا یہ ہے کہ یہ لفظ "میں" ساتھ اللہ کے ہوں میں لفظ "میں" جو کہ اپنی ہستی اور وجود کی طرف اشارہ ہے یہ کہاں سے آ گیا اس لحاظ سے تو یہ بھی اضافی ہے۔ اے عزیز حقیقت میں اسم اللہ ہی ہے اور اللہ کا ظہور تیرے جسم سے ہے۔ وگرنہ وہ چھپا ہوا خزانہ تھا۔ اور تیرا جسم کیا ہے۔ یہ جسم ایک نکتہ ہی ہے۔ فرمان ہے۔ ظَہَرَ الْوُجُوْدُ بِالْبَاءِ ہم نے ہر شے کا ظہور نکتہ سے کیا اور تیری ہستی اور وجود کا نکتہ جو کہ جسم کی صورت میں ہے حقیقت میں انسان کامل ہے۔ اور انسان عالم کبیر ہے۔ اس لحاظ سے نکتہ تیرے اپنے اندر تمام حروف ابجد

Marfat.com

شمارِ بے شمار رکھتا ہے۔ تو معلوم ہوا کہ تیرا وجود تیری ہستی تیری حیات اللہ کے ساتھ ہے تو ساتھ اللہ کے ہے اور جب تیرا نکتہ اسم اللہ سے جدا ہو جائیگا تو تجھے فوراً قبر میں پھینک دیں گے۔ کیونکہ تو جسم کے ساتھ اُس کے ساتھ نہیں ہے اس لیے عام اجسام کو فناہ ہوتی ہے۔ اور بقا اسی جسم کو ہے جو کہ اس کے ساتھ رہ کر اس میں گم ہوا اور وہ جسم معنوی ہوگا۔

مضمون ہذا اسم بُلوّھا جو کہ بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم کی تشریح میں لکھا جا رہا ہے۔ ہم بسم اللہ کے ۱۹ حروف کے متعلق اور ۱۹ عدد کی حقیقت بھی مضمون ہذا میں ضمناً لکھ دیں تو قارئین کے علم میں یہ بات واضح ہو جائے گی قرآن حکیم اپنے تمام حروفِ ابجد میں مکمل اعداد و شمار میں ضبط ہے اور ۱۹ کا عدد ہر حرف کو اور ہر اسم کو احاطہ کئے ہوئے ہے۔ دیگر یہ کہ ۱۹ کا عدد حساب عدد میں ایک آتا ہے کیونکہ تمام اعداد و شمار ایک سے ۹ تک مکمل ہیں اب ہم چند ایک بطورِ نمونہ پیش کرتے ہیں۔ پہلے اسمائے بسم اللہ کو دیکھتے ہیں جن کی کل تعداد قرآن پاک میں آتی ہے۔

| لفظ | تعداد استعمال | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اسم | ۱ | × | ۱۹ | = | ۱۹ بار |
| اللہ | ۱۴۲ | × | ۱۹ | = | ۲۶۹۸ ″ |
| اَلرّحمٰن | ۳ | × | ۱۹ | = | ۵۷ ″ |
| الرّحیم | ۶ | × | ۱۹ | = | ۱۱۴ ″ |

اسی طرح قرآن پاک میں ۱۱۴ صورتیں ہیں اور ۱۱۳ بار بسم اللہ آئے گی۔ جو کہ ۱۹ پر تقسیم نہیں ہوتی لہذا ۱۱۴ مکمل کرنے کے لیئے

Marfat.com

سورت نمل میں آپ دیکھیں اِنَّہٗ مِنۡ سُلَیۡمٰنَ وَ اِنَّہٗ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ لہٰذا
بہ ۱۱۴ بار مکمل ہوگئی جوکہ ۱۹ میں ۶ بار تقسیم ہوجاتی ہے ۔ اب آپ حروف
مقطعات جوکہ قرآن پاک میں ۲۹ حروف مقطعات ہیں جو حروف مقطعات
ہیں ۔ انکے تمام حروف ۱۹ پر تقسیم ہوجائیں گے ۔ مثلاً کٓھٰیٰعٓصٓ سورۃ مریم
کا شروع ہے لہٰذا سورۃ مریم میں ک ۲۶ بار ح ۱۶۸ بار ے ۳۴۵
بار ع ۱۲۲ بار اور ص ۱۳۷ بار آیا ہے ۔ ان حرف ابجد کی کل تعداد ۷۹۸
ہوتی ہے جوکہ ۱۹ پر تقسیم ہوجاتی ہے ۔ ۴۲ = ۱۹ ÷ ۷۹۸ ۔ اسی طرح پورے
قرآن میں "ا" ۱۷۴۹۹ بار آیا جوکہ ۱۹ پر تقسیم ہوجاتا ہے ــــــ
۹۲۱ = ۱۹ ÷ ۱۷۴۹۹ ۔ "ل" ۱۱۷۸۰ بار آیا ہے جوکہ ۱۹ پر تقسیم
ہوجاتی ہے ۶۲۰ = ۱۹ ÷ ۱۱۷۸۰ ۔ "م" ۸۶۸۳ بار آئی ہے
جوکہ ۱۹ پر تقسیم ہوجاتی ہے ۴۵۷ = ۱۹ ÷ ۸۶۸۳ ۔ اور ان تین
حرفوں کی کل تعداد ۳۷۹۶۲ ہوتی ہے ۱۹۹۸ = ۱۹ ÷ ۳۷۹۶۲ ۔
۱۹۹۸ کا عدد ۹ ہوتا ہے جوکہ اعداد و شمار کی انتہا ہے معلوم ہوا کہ ذات
باری کو آپ اعداد میں شمار ہی نہیں کر سکتے لہٰذا قرآن پاک کا ہر حرف ابجد ۱۹
پر تقسیم ہوگا ۔ جوکہ کسی پر تقسیم نہیں ہوتا جس کا ماحصل عدد ایک ہے ۔
اسی ضمن میں میں ایک اور دلیل پیش کرتا ہوں تاکہ ۱۹ کے عدد کی حقیقت
واضح ہوجائے ۔

سورۃ الاعراف میں ابتدائی حروف چار ہیں ۔ الف، لام، میم اور صٓ
اس میں الف ۲۵۷۲ بار ہے ۔ ل ۱۵۲۳ بار، م ۱۱۶۵ بار اور
صٓ ۹۸ بار ہے جن کا کل میزان ۵۳۵۸ ہوتا ہے جوکہ ۱۹ پر ۲۸۲ بار
تقسیم ہوجاتا ہے ۔ اسی سورت میں ایک خاص نکتہ بیان کئے دیتے ہیں ۔

Marfat.com

سورۃ الاعراف کی ۶۹ ویں آیت میں ایک لفظ بَصۜطَۃً ۔ یہ لفظ عربی زبان میں ص سے نہیں بلکہ س سے آتا ہے کیونکہ یہ لفظ بسط سے ہے جس کے معنی بڑھانا، زیادہ کرنا، قوت، طول وقامت میں زیادتی کرنا کے ہیں لیکن جس وقت یہ آیت مبارکہ نازل ہوئی تو کاتبان وحی کے لیے حکم آیا کہ لفظ س سے نہ لکھا جائے بلکہ ص سے لکھا جائے ۔ کیونکہ اگر س سے لکھا جاتا تو ص کی تعداد ۹۷ ہوتی اور ایک ص کم ہونے سے ان چار حرفوں کی تعداد ۵۳۵۷، ہوتی جو کہ ۱۹ پر تقسیم نہ ہو سکتے تھے ۔

اب آپ دوبارہ تخلیق پر غور کریں ۔ فرمایا فَاِذَا سَوَّیۡتُہٗ یعنی جب درست کر لیا اس کو ۔ آپ اس ہٗ پر غور فرمائیں اس کا اشارہ مرجع کی طرف ہے ۔ یہ کون ہے جس کو درست کر لیا اور کیا ہے ۔

اے عزیز ! یہ ایک نکتہ ہی ہے جو کہ ایک چکر لگا کر اپنے پہلے نکتے سے جا ملا ۔ اس لحاظ سے یہ جامع ہوا اور اول و آخر کہلایا ۔ اگر یہ نکتہ ہی رہتا ۔ پرکار کی طرح ایک چکر لے کر اپنے اوّل سے نہ ملتا تو اس کی ہٗ کی شکل کبھی نہ ہوتی ۔ نکتہ ہی رہتا جس کا رجوع دنیا کی شہوات کی طرف ہوتا اور جدائی کے عذاب کے سمندر میں غرق ہو جاتا اور دنیا سے بے نام و نشان جاتا ۔ خالق کائنات نے مخلوق کے لیے اپنے اسم رحمٰن کا ظہور حق خالقیت کو پورا کرنے کے لیے کیا ہے لیکن یہ محبت کا میدان نہیں ہے لہٰذا جب عارف کے معروف کا ماحصل ذات حق ہوا تو اس نے یہ جان لیا کہ حقیقت میں تو اللہ ہی ہے جس کا ظہور صفات سے ہے اور یہ دنیا و آخرت کی نعمتیں ذات کی صفات سے ہی وابستہ ہیں ۔ ان کا خیال میں لانا یا اُن کی خواہش کرنا دنیا و آخرت کی نعمتوں کی طرف رغبت رکھنا ذات سے دوری ہے اور جن کی

Marfat.com

طرف مجھے میر النفس جیسے مُلّاں کے نام سے خطاب کرتے ہیں رغبت دلا رہا ہے ۔ دنیا اور حظوظ ولذت دنیا کا سبق دے رہا ہے اور یہ تمام فساد صرف اس نکتہ کا ہے جب مجھے اپنی ہستی و وجود سے ذات الگ کر کے تُو سے آگے بڑھ بھی پڑھا رہا ہے ۔ گویا کہ تُو ذات ہوئی اور اس ذات کے ساتھ نکتہ ہونے کی بنا پر صفات کا ظہور عالم میں ہوا ۔ جس سے وہ پہچانا گیا کیونکہ صفات سے راستہ ہے ذات سے کوئی راستہ نہیں جس نے ذات میں فکر کیا گمراہ ہوا ۔

تو فرمایا کہ :۔

میں بے نوں لینی آں چٹ کرڑے

گویا سالک نے اپنی ہستی و وجود کے نکتہ کو ذات حق میں فنا کر دیا مطلوب اللہ مقصود اللہ کی ذات ہوئی اور اس نے اس کی تمام صفات سے منہ موڑ لیا ۔ مُوتُوا قَبْلَ اَنْ تَمُوْتُوْا ، اسکی حیات پر موت معنوی وارد ہوگئی اب وہ دنیا و حظوظ دنیا ، جنّت و حظوظ جنّت سے بے نیاز ہو گیا ۔

چاہتا ہوں کہ کچھ ھُوْ کے بارے بھی تحریر کیا جائے ۔ گو میں اس بات کو جانتا ہوں کہ میری تحریر طالبان حق و سالکان کے لیے مخصوص ہے لہٰذا یہ اسرار وہی قاری سمجھے گا جس نے معرفت کے چمن کی خوشبو پائی ہو چونکہ صوفی کا کلام جو کہ حقیقت میں پیغام ہے اور رموز و نکات ہوتے ہیں ایسے صوفی مشرب حضرات کچھ جان سکتے ہیں لہٰذا اس تحریر کا جاننا طلب اور صفائی قلب پر موقوف ہے ۔ دیگر یہ کہ قارئین یہ نہ دیکھیں کہ کون لکھ رہا ہے ۔ بچے یا دیوانے کے ہاتھ اگر ہیرا ہو تو ہیرے کی قیمت میں فرق نہیں پڑتا خواہ وہ کسی کے ہاتھ میں ہو ۔ قیمت ہیرے کی وہی ہوتی ہے کم نہیں ہوتی ۔ لہٰذا اس تحریر

Marfat.com

پر نظر رکھیں۔ تحریر کنندہ کو نہ دیکھیں۔

ھُو کے بارے چند ایک نکات پیش خدمت ہیں۔

اے عزیز غور کریں کہ ھُو ایسا انوکھا حرف ہے کہ حلق سے نکلنے کے باوجود حلق کو نہیں چھوتا۔ نہ زبان سے اس کا تعلق ہے۔ نیز یہ بھی یاد رہے کہ عربی زبان میں کوئی اسم دو حرفوں سے کم کا نہیں ہے۔ اسی لیے تو ہمارے اس جہان میں فرد مطلق کا وجود نہیں ملتا اور جس وقت اہلِ بصیرت نے احدیت کے معنی اسم ھٗ میں دیکھے تو فوراً کہنے لگے۔ کہ اس اسم میں وہی فردِ مطلق ہے جس کا وجود ہمارے عالم میں نہیں ہے اور وہ صرف ذاتِ باری ہے۔

حرف ھُو ہماری جان سے نکل کر عالم بالا کی طرف چلا جاتا ہے اور پھر اسرارِ خفیہ کے ساتھ واپس آتا ہے۔ غور کریں اس کا کسی کے ساتھ تعلق نہ ہے اور نہ ہی واسطہ۔ نہ لب کے ساتھ نہ زبان کے ساتھ۔ لب اور زبان جو کہ دل کے دو وکیل ہیں وہ اس کلمہ کو نہیں کہتے۔ اس کا تعلق صرف دل کے ساتھ ہے اور اسرار و معنی صرف دل پر کھلتے ہیں۔ اس میں بہت بڑا راز یہ ہے کہ اس اسم کو کسی بھی قسم کا تغیّر و تبدّل نہ ہے اسی طرح اس کے مسمّٰی کو بھی کسی مکان یا کسی زبان سے تعلق نہ ہے۔ وہ منزّہ ذات ہے۔

اے عزیز! ھُو اسمِ ضمیر ہے جس کا رُخ مرجع کی طرف ہے اور اسم ضمیر کا رُخ مرجع کے اوصاف اور محاسن کی بابت نہیں ہوا کرتا۔ تو معلوم ہوا کہ عشق صرف ذات سے ہوا کرتا ہے گو صفات سے ہی راستہ ہے۔ عشاق صفات سے گزر کر ذات میں فنا ہو جاتے ہیں

اے عزیز! اسمِ ھُو وہ اسمِ ذات ہے جو کہ مطلق معلوم اور کسی سے مشتق نہیں ہے کیونکہ مشتق وہ اسم ہے جو غیر کے اشتراک سے خالی نہ ہو اور جس

چیز بیں غیر کی شرکت اور اشتراک پایا جاتا ہے اس کی وحدت کی بنیادیں کھو کھلی ہو جاتی ہیں ۔ تمام عشاق کا اس پہ اتفاق ہے کہ اسمِ اعظم ھُو (ھُو) کسی سے مشتق نہیں ہے اور وحدت کی بنیاد پہ مطلق ہے اس نسبت سے بھی اسمِ اعظم ھُو ہوا ۔

اے عزیز ! جب ہماری تحریر کو ذہن نشین کر لیا جائے گا تو یہ بات خود بخود واضح ہو جائے گی ۔ کہ اللہ تعالیٰ کی ذات سے روشناس کروانے کے لیے تمام اسماءِ مشتقہ اور تمام معلومات عاجز اور قاصر ہیں اور صرف اسمِ اعظم (ھُو) ، فردِ مطلق واحدانیت کی حقیقت کی نقاب کشائی کرتا ہے ۔ اللہ تعالیٰ کے برحق ، صمد ، بے نیاز ہونے کا یہی اسم (ھُو) ، ہی مظہر ہے ۔ اسی لیے یہ اسم طلبگار کی آتش عشق کو بڑھاتا ہے اور ماسوی اللہ سے جدا کر کے مقصودِ حقیقی تک پہنچاتا ہے ۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ کا پروردگار نے امر فرمایا ہے اور قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۔ اس میں اللہ تعالیٰ کے تین نام ہیں اسی لیے طریق عشق پر چلنے والوں کے تین درجے ہیں اور مقام ہیں اور اسی طرح نفس بھی تین ہیں ۔

جس وقت اسمِ اعظم (ھُو) ، سے نفسِ امّارہ لطیف تر ہو کر نفسِ لوّامہ میں فناہ ہو جاتا ہے تو طالب نفسِ مطمئنہ کے انوار میں غرق ہو جاتا ہے ۔ ماسوی اللہ کے دیکھنے کے آنکھیں بند کر لیتا ہے تمام دنیا سے بے خبر عالمِ استغراق میں مست انوارِ الٰہی کی لطافتوں اور مہربانیوں سے لطف اندوز ہوتا ہے اور یہ لوگ سابق بالخیرات کے مصداق ہیں ۔ ھُو کا ورد رکھنا اور وجود میں ھُو (ھُو) کا سمونا صرف سابق بالخیرات لوگوں کا کام ہے جو ہزار جان سے خدا تعالیٰ کے عاشق ہیں اور اس رمز سے وہی لوگ واقف ہیں جو اللہ پاک کے عشق میں مستغرق ہیں ۔

Marfat.com

اے عزیز! جس طالب کو عالم ہیئت میں مطلوب نے اجازت بخشی ہو وہ طالب انانیت و تکبّر سے کنارہ کش ہو کر مشاہدہ جلال کے غلبہ سے اپنی ذات کو پگھلاتا ہوا مقامِ فناہ تک پہنچ جاتا ہے اور خدا تعالیٰ کے انوار کے سایہ تلے آجاتا ہے ؎

کافر مومن کوئی نہیں دِسدا وحدت دے گھر جاکے جی
دوئی کُفر دِل توں لاہیا دھڑ توں سیس لہاکے جی
(بُلھے شاہؒ)

تو پھر مقامات و کرامات ہوش و بے ہوشی نفی اثبات فناہ و بقا امید و خوف قبض و بسط، نفل و فرض محبت و ہیبت، خوف و رجا اور صحو و سکر اس کی طرف نہیں کی جاسکتی۔ جب محبوب بے نشان ہے تو طالب بھی بے نشان ہو جاتا ہے اور پھر پھول میں خوشبو کی طرح پوشیدہ اور ظاہر نظر آتا ہے۔
میں نے بعض شیوخ سے سُنا ہے کہ مَن عَرَفَ نَفسَہٗ کے معنی ہی ھُو (ھو) میں سمو جانے کے ہیں۔
اے عزیز! آپ غور کریں کہ آپ کے گھر میں بجلی کی بے شمار مصنوعات ہیں لیکن وہ کرنٹ کے ساتھ ہیں۔ آپ کرنٹ کو ذات فرض کریں جس کا ادراک نہیں ہو سکتا۔ اگر آپ کی رسائی ہوگی تو صفت سے۔ کہ پنکھا چلتا ہے۔ ریڈیو چلتا ہے، ہیٹر گرم ہے۔ آپ کہتے ہیں کہ کرنٹ کے ساتھ ہے اور جس وقت کرنٹ جدا ہو جاتا ہے۔ تو یہ بے جان ہے بے کار ہے تو معلوم ہوا کہ حقیقت میں ذات ہی ہے۔ باقی تمام اس ذات کی صفات ہیں جو کہ مختلف صورتوں سے ذات کو نمایاں کر رہی ہیں۔ اس لیے اللہ ہی زمین و آسمان کا نور ہے۔

Marfat.com

## اوتھے اکو حرف حقیقی اے

کیونکہ ذات کے ہی تمام مظاہر ہیں اس لیے ذات کسی کی محتاج نہیں ہے ہاں صفت ذات کے بغیر نہیں ہے اس لیے فرمایا و یعنی کہ ذات حق ہی کا ظہور ہے تو پھر اس کی ہزار ہا صفات کے اندھیروں سے نکل جاؤ۔ کیونکہ زندگی کا کوئی اعتبار نہیں علم سے ہاتھ کھینچ کر عمل کے میدان میں آؤ تاکہ مشاہدہ ہو جائے۔ دو جہاں میں کامیاب مشاہدہ والے طالب ہی ہوتے ہیں۔ خبر رکھنے والے نہیں ہوتے مشاہدہ کرنے والا ہی حق کو پا سکتا ہے۔

فَاذْكُرُونِي حکم ہے اور اس حکم کا کمال وَاذْكُر رَّبَّكَ إِذَا نَسِيتَ یعنی یاد کر اپنے رب کو جب تو بھول جائے" ہے۔ گویا کہ بھول میں یاد ہے لہٰذا فَاذْكُرُونِي کے حکم کے تحت سالک اس کے ذکر سے یہاں تک پہنچ گیا کہ اپنے اسم و جسم کو بھول گیا اور اسے اپنی ہستی و وجود کی کوئی خبر نہ رہی۔ اس کے جسم کے ہر بال سے اللہ اللہ کی آوازیں نکلنے لگیں۔

"جتول ویکھاں یارا دیار"

کی وجدانی کیفیت میں شب و روز گم ہو کر رہ گیا اور یاد کے غلبہ سے اس حد تک مغلوب ہو گیا کہ انا الحق + سبحانی ما اعظم شانی "میں آپے رانجھا ہوئی۔ کے نعرے لگانے لگا۔ اب آپ ہی انصاف کریں کہ اگر کوئی یہاں پہنچ کر بھی نہ بھولے یا نہ بھول سکے تو پھر سورۃ کہف کی یہ آئیت "یاد کر اپنے رب کو جب تو بھول جائے" کیسے مکمل ہو گی۔ اور اس میں لطیف نکتہ یہی ہے کہ بھول میں یاد ہے۔ جو کہ اپنے اسم و جسم ہستی و حیات شعور و شعار کو بھول گیا یاد اسے ہی ہے۔ باقی تو صرف دودھ پینے والے مجنوں ہیں اب جن لوگوں نے انا الحق، سبحانی "میں آپے رانجھا ہوئی" کہا۔ اس کی

Marfat.com

حقیقت یہی ہے کہ جس وقت ان پر وجد کی کیفیت طاری ہوگئی جو کہ اللہ کے اَفعالی اسم مَاجد کی تجلّی سے ہے تو اس کلام کو خدا کی طرف منسوب کرنے کی بجائے اپنی طرف کر گئے۔ فَاذکُرُونِی کے غلبہ نے ان کے شعور و شعار کو صلب کر لیا۔ سننے والوں نے یہ سمجھا کہ یہ اپنے بارے میں کہہ رہے ہیں۔ حالانکہ وہ خدا کا کلام دُھرا رہے ہیں۔ جو کچھ خدا کہہ رہا ہے وہی کہہ رہے ہیں۔ چونکہ ولی اللہ ہونے کی وجہ سے یہ گروہ انبیاء کرام سے کمزور ہے۔ انبیاء کرام معصوم ہونے کے ساتھ محفوظ بھی ہیں یعنی بغیر وحی کے بات ہی نہیں کرتے، ان کے حواس شعور و شعار کبھی مغلوب نہیں ہوتے۔ کیونکہ یہ لوگ اولیاء کرام سے قوی تر ہوتے ہیں۔ اس لیے ان سے ایسے کلمات کبھی صادر نہیں ہوتے۔ اولیاءٔ کرام صرف محفوظ ہیں تجلّی ذات میں محویت کی حالت میں ان سے ایسے کلمات صادر ہو جاتے ہیں۔ فَاذکُرُونِی کی تجلّی میں وہ کہتا ہے۔ ھُو کہو سالک اَنا کیسے کہے اور وَاذکُرُکُم کی تجلّی میں وہ کہتا ہے کہ اَنا کہو سالک ھُو کیسے کہے۔ اگر ایسا نہ ہوتا تو یہ بزرگ اَنَا الحق، سبحانی "میں آپے رانجھا ہوئی" نہ کہتے لہذا یہ لوگ عین حق پر ہیں۔

من نہ گویم یار میگوئی بگو

ہم واپس حضرت بلھا شاہؒ صاحب کی خدمت میں جاتے ہیں کہ جو کہ اپنی ذات میں واحد ہے اللہ کا ہوا اس میں ایک حرف ل بھی ہے جس کی تشریح قانوناً منع ہے کیونکہ یہ اولیاء اللہ کے باطن کا راز ہے۔ اللہ کے حرف اوّل جس کے ساتھ نکتہ کی صورت میں انسان ہے جس کی معرفت کا حصول اکو الف تیرے درکار ہے ب پڑھا گیا۔ جیسے کہ بسم اللہ کی تشریح میں لکھا گیا ہے اس کے بعد ھُو کا مقام ہے جس طرح کہ یکتائی میں بے مثل

Marfat.com

ہے اسی طرح ھٗ بھی یکتائی میں بے مثل ہے۔ کیونکہ یہ اٹھارہ ہزار عالم کا مظہر ہے اور وحدانیت میں یکتا ہو کر ھُو ہوئی لیکن ھُو کی واؤ اضافی ہے حقیقت میں ھ پر پیش (ُ) کھینچ کر پڑھنے کی وجہ سے واؤ کی صورت اختیار کر گئی اور تحریر میں آ گئی حالانکہ یہ حرف صرف ھٗ ہے۔

اب اس میں مزید غور فرمائیں کہ جب محبوب اپنے محب کو ندا دیتا ہے تو ھ کے ساتھ ا کا اضافہ کر دیتا ہے جو کہ ھا کی صورت اختیار کر جاتی ہے جیسے یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ آمَنُوْا۔ اس میں جو ھا آئی ہے حرف ندا ہے جو کہ اپنے عاشقین کو اپنی طرف بلانے کے لئے ہے اور عاشق جب اپنے قلب و جگر سے اپنے محبوب کا ذکر کرتا ہے تاکہ اس کے وصل سے بہرہ ور ہو جائے تو اس کے دل سے ھُو کی آواز نکلتی ہے اور جب عالم عشق میں دونوں طرف سے شوق کی زیادتی ہو جائے تو ھا ھُو کی صدائیں بلند ہونے لگتی ہیں۔

اب ذرا دوبارہ غور کریں کہ حرف و جو کہ وجود کے نکتہ سے ب نظر آ رہا ہے جیسے آپ بندہ ہی دیکھیں گے۔ اور بندہ ہی کہیں گے۔ باطن میں و ہی ہوا گویا کہ فنا فی اللہ فی الصفات ہوا۔ اس کے اوصاف و اخلاق حق تعالیٰ کے اوصاف اخلاق نظر آنے لگے۔ قلبی چشم بصیرت رکھنے والوں نے اسے دیکھتے ہی نعرہ لگا دیا۔

صورت انسان خدا را دیدہ ام
وز خدا را آشکارا دیدہ ام

اس کے ساتھ ایک اور گروہ بھی ہے اور یہ گروہ بھی حق پہ ہے جس نے سالک کی ظاہری حالت کو دیکھتے ہوئے اسے کافر قرار دے دیا۔

Marfat.com

لوگ تاں سانوں طعنہ مارن کافر آکھ سنا کے جی
کافر مومن کوئی نئیں دِسدا وحدت دے گھر جا کے جی

اے عزیز! اگر نام عبداللہ ہوتا تو یہ حالت وہ ہوتی کہ اس کی یاد میں گم ہے ذکرِ حق میں مشغول ہے گویا کہ وجود اللہ کے ذکر میں محو ہے اور اس شکل سے فَاذْکُرُوْنِیْ ثابت ہوتی ہے۔ لیکن یہ عاشق ذات بصورت مُلہا کے ہے حرف ندا کے ساتھ ہے لہٰذا اس شکل سے وہ مقام ہوا جہاں اَذْکُرْکُمْ کی تجلیات کا ظہور ہوتا ہے۔ رام ہمارا نام جپے اور ہم پائیں بس رام۔ جیسے کہ بہ زبان خلق خواجہ داتا داتا فرید فرید، یہ سب اَذْکُرْکُمْ کے مظہر ہیں اور مُلہا وہ عاشق ہے جو دونوں جہانوں کو بھلائے ہوئے اس کی یاد میں غرق رہا۔ اپنی ساری زندگی اختیاری انکارِ خلائق میں گزاری تو لامحالہ اللہ پاک ایسے عاشق کا ذکر جسے اس نے اپنی قبا کے نیچے رکھا ہے اپنی زبان سے کرے گا۔ جس وجہ سے عبداللہ سے مُلہا ہوگا۔

اب ... دائرہ تمثیلِ عشق سے بھی سمجھ لیں۔ مجنوں کو لیلےٰ سے عشق تھا۔ غور فرمائیں عاشق عشق اور معشوق، تین ثابت ہیں۔ اسی طرح وحدت کے منافی ہونے کی وجہ سے مسئلہ تثلیث پیدا ہو جاتا ہے جس میں عیسائی حضرات ہیں۔ لہٰذا دوئی ہوتی تو دوری ہوئی۔ کیونکہ عاشق اور معشوق کے درمیان تیرا عشق بھی ہے۔ فاصلہ ہے۔ حد ہے۔ دوری ہے۔ وسیلہ ہے۔ کڑی ہے۔ پُل ہے۔ عشق نہ عاشق ہے نہ معشوق بلکہ درمیانی تعلق کا نام ہے۔ جیسے بندہ[1]، رسول[2]، اللہ[3]۔ اس سے مسئلہ تثلیث ثابت ہوگا اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ نہ ہوا۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ نہ ہوا۔ اللہ نہ ہوا۔ ھُوْ نہ ہوا جبکہ عاشق معشوق کا جامع ہے اور رسول بمنزلہ عشق کے

ہے ۔

جنھوں عشق دی رمز دی خبر نہئیں بھار ہیٹھ جیؤں لدّھیا کھوتڑا ای

(وارث پاکؒ)

تیرے عشق نچایاں کر کے تھیّا تھیّا (حضرت باباجی)

گر عشق نبودے بہ خدا کس نہ رسیدے

از حسنِ ازلی پردہ کس نہ کشودے (بوعلی قلندر)

جنھوں عشق دی خبر نہ ملدی دو جگ رہے کنگال نی امیڑی (مؤلف)

لولاک لما افلاک کا نعرہ ھاھُو کا طوفان اِنَّ اللّٰہ وَمَلٰئِکتہٗ یُصلُّون علَی النبی کا شور ۔ عالم مجازہ، عرش معلّی ملیاں بانگاں اساں سنیاں تخت لاہور ۔ کیونکہ طائرِ لاہوتی لاہوت کی آواز پر مست و مخمور ہوگا اور یوم الست کے بادہ خوار، شوہ عنائت کنڈیاں پایاں لُک چھُپ کھچ واڈور ۔

لٰہذا شروع شروع میں چلتے پھرتے سوتے جاگتے، صبح و شام، اللّٰہ، اللّٰہ، لیلیٰ لیلیٰ کا ورد ہے کیونکہ یہ اسم ذات ہے ۔ صورت ہے وارث شاہ حقیقت دی لین لذت پہلے چکھ کے لون مجازیاں دا ۔

ع دسے صورت راہ بے صورت دا
ایہہ کم نئیں بے سوجھت دا
ایہہ راز ہے عین حقیقت دا
ایتھے ورلیاں موتی لے تُریاں (حیدر علی شاہ)

ع لیلیٰ کی صورت سے ہی اس کا نام ہے
بیٹھے رہے تصورِ جاناں کئے ہوئے

عاشق عشق کا ہی نام لے گا ۔ کیونکہ عشق ہی تو ہے جس نے سوائے

محبوب کے ہر شے کو جلا دیا۔ اب ہر شے کا نام لیلیٰ، ہر صورت لیلیٰ، ہر جمال میں لیلیٰ، ہر جلال میں لیلیٰ۔ لیلیٰ کی تجلی سے ہی نور السموات والارض۔

آپ نے مجنوں کو پکارا ارے مجنوں، جواب آیا ہاں مجنوں ہوں۔

کچھ عرصہ بعد پھر آپ نے مجنوں کو پکارا۔ اے مجنوں جواب ملا لیلیٰ ہوں۔ گویا کہ مجنوں سے لیلیٰ ہو گیا اور ایسے مجنوں سے مخلوق کو کوئی سروکار نہیں۔ ہزار ہا مجذوب آئے اور چلے گئے۔ اور پھر رہے ہیں۔

یہ یاد رہے کہ سالک کی فاذکرونی کی جب انتہا ہو جاتی ہے تو اذکرکم کی ابتداء ہوتی ہے لہذا جب کوئی عاشق اپنے معشوق کے عشق میں گم ہو جاتا ہے تو معشوق عاشق کے لباس میں جلوہ گر ہو جاتا ہے۔

لیلیٰ بے قرار ہو کر مجنوں کے پاس آئی مجنوں کے نام سے پکارا۔ جواب ملا "لیلیٰ ہوں"۔ لیکن مجنوں کے عشق کی ایک ہی تجلی نے لیلیٰ کو مجنوں کا دیوانہ بنا دیا اور حالت یہاں تک پہنچ گئی کہ لیلیٰ مجنوں ہو گئی۔

من تو شدم تو من شدی من تن شدم تو جاں شدی ؎

لیلیٰ کی یاد کے اثرات جب مجنوں کے قلب پہ چمکے تو مجنوں لیلیٰ سے مجنوں ہو گیا۔ آپ اسے پہلے والا مجنوں نہ سمجھیں اب جو مجنوں ہے وہ لیلیٰ کی تجلی سے مجنوں ہوا ہے۔ لہذا مجنوں باطن میں لیلیٰ اور ظاہر میں مجنوں ہو گا

ڈھولا آدمی بن آیا اے ؎ (باباجی)

اگر ایسا نہ ہوتا تو کنکریاں خود پھینکتے لیکن وہ تو کہہ رہا ہے کہ اے محبوب کنکریاں تو ہم نے پھینکیں ہیں۔ آپ نے نہیں پھینکیں ؎

گفتۂ او گفتۂ اللہ بود
گرچہ از حلقوم عبداللہ بود

Marfat.com

لہذا اس عبداللہ کی عبودیت اللہ کے ساتھ واصل ہو کر ابدیت حاصل کر گئی جس کی وجہ سے برملا کہہ دیا۔

کیوں اوہلے بہہ بہہ جھاکی دا
ہن پردہ کس توں راکھیدا

آپ غور فرمائیں یہ وہی بات ہے کہ "مقام بندگی دیگر نہ لوں شان خداوندی" اور ہم بھی بندہ ہی کہیں گے۔ کیونکہ و کے ساتھ جو نکتہ ہے جس سے ب کا ظہور ہو رہا ہے ہستی و وجود کا نکتہ ہے جو کہ انبیاء و اولیاء اکرام کی شان ہے لہذا ظاہر میں عبداللہ ہی ہوگا۔ لیکن باطن میں اللہ ہی اللہ۔

لہذا اگر آپ تجزیہ کے ساتھ بلھا شاہ کہتے ہیں تو آپ حقیقت میں ایسے بندے کو خطاب کر رہے ہیں جس کے ساتھ اللہ ہے اور ہم سب اللہ کے ساتھ ہیں اور حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غلاموں میں ایسے لوگ بھی ہیں جن کے ساتھ اللہ کو ہونے سے اللہ کو فخر ہے اتنی تمام جہان اللہ کے ساتھ ہے۔ اگر یہ ذاکر ہوتا تو عبداللہ ہوتا لیکن یہ مذکور ہے لہذا بُلھا ہوا۔

صوفی محمد الدین چشتی نظامی قصوری عرض کرتا ہے کہ ہر وہ عاشق جسے مَازَاغَ الْبَصَرُ کا سرمہ نصیب ہوا صفات سے گذر کر ذات ہی ذات ہو گیا۔ لیکن حفظ مراتب نہ کنی زندیقی کے مصداق عبداللہ ہی کہلائے گا۔ کیونکہ بندہ بندہ ہے۔ اللہ اللہ ہے۔ بندہ اللہ نہیں ہو سکتا۔ اللہ بندہ نہیں ہو سکتا۔

اولیاء اللہ اللہ اولیاء

مثنوی کے اس مصرع کو آپ اس طرح پڑھیں۔

Marfat.com

اولیاء ۔ اللہ اللہ اولیاءُ ۔ اولیائے اللہ کے بلند مراتب پر اللہ للہ کے اسم میں تعجب اور حیرانگی کا اظہار کیا گیا ہے اور اس کے ساتھ اگر کوئی قرآن کی دلیل لے آئے کہ اَللّٰہُ وَلِیُّ الَّذِیْنَ آمَنُوا ! کہ اللہ بھی ولی ہوا تو اس کی یہ دلیل بھی مبارک ہے ۔

حضرت بابا بلھا شاہ صاحب کو ان کے عشق نے دونوں رنگ عطا فرما کر محبوبیت کا حصہ بھی عطا فرمایا ۔ باباجی نے ان دو رنگوں کو اپنے جدّ امجد حضرت امامین سیدنا حسن علیہ السلام اور شہید اعظم سیّدنا حسین علیہ السلام کے ساتھ بھی منسوب کیا ہے ۔ فرماتے ہیں ؎

جہدے عشق پہنائے ساوے تے سوہے

یعنی ساوا (سبز) رنگ امام حسن علیہ السلام کا اور سُوا (سرخ) رنگ امام حسینؓ کا ہوا ۔ لیکن طریقت میں اس کے یہ معنی ہوں گے ۔ سُرخ رنگ جو کہ روح کی ولایت ہے ۔ زیرِ قدم حضرت سیدنا ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کے ہے اور سبز رنگ جو کہ اخفیٰ کی ولایت ہے زیرِ قدم حضور رسالت مآب سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے ہے

لہذا ان کے عشق نے دوستی کا مرتبہ بھی عطا فرمایا اور محبوبیت کا مرتبہ بھی عطا فرمایا ۔ اس لیے فَاذْکُرُوْنِیْ سے ترقی کر کے اَذْکُرْکُمْ کے گھر جا بیٹھے اور عبداللہ کی بجائے بُلھا ہو گئے ۔

Marfat.com

# عشق دی نویوں نویں بہار

Marfat.com

شعر نمبر ۱

جاں میں سبق عشق دا پڑھیا
مسجد کولوں جیوڑا ڈریا
پچھ پچھ ٹھا کردوارے وڑیا
جتھے وجدے ناد ہزار
عشق دی نویوں نویں بہار

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عشق کی خبر ملتی رہی اور ملتی رہے گی۔ لوگ چاہت بن گئے۔ چاہت رکھنے والے موجود ہیں اور عشق ہی کی چاہت میں آ رہی ہے۔ "دمادم صدائے کن فیکون"۔ لیکن جو پا گیا سو پا گیا۔ خبر نہ دے سکا کہ کیا ہے۔ جسم کیسا ہے۔ رنگ کیسا ہے۔ کیا چیز ہے۔ ہونا کیا ہے۔ کرتا کیا ہے۔ "بس "ہے" والی بات ہے کہ صاحب "ہے"" اسی طرح ہم حضرت بابا بلھا شاہ صاحب کے عشق کی قیافہ شناسی کرتے ہیں۔

کسی درویش سے کسی شخص نے سوال کیا کہ عشق کیا ہے؟ فرمایا یادِ صنم دیدِ صنم۔ اس کا اثر کیا ہے؟ فرمایا عشق وہ آگ جو سوائے محبوب کے ہر چیز کو جلا کر خاک کر دے۔ پھر سوال کیا کہ کیا یہ دائمی ہے۔ فرمایا نہیں جب "ہیر رانجھے دے ہو گئے میلے" تو پھر عشق کی نفی ہو گئی۔

سید عبداللہ شاہ صاحب مسجد میں تھے۔ عشق کی تعریف یوں سنی۔ عشق ذات و صفات کے درمیان ایک رشتہ ہے۔ عشق ہی کائنات رنگ و بو ہے۔ عشق ہی مظہرِ نورِ خدا ہے۔ عشق ہی کی یہ پکار کہ میں تمہارے نفسوں میں ہوں۔ جدھر دیکھو میں ہی میں ہوں۔ کنزاً مخفیاً کا راز میں ہوں۔ میدانِ جنگ میں تلوار ہوں۔ فتح ہوں سپاہ بھی اور بے تیغ سپاہ

بھی میں ہی ہوں ۔ نورِ عقل، جسم کل اور روح کُل بھی میں ہوں ۔ عشق اللہ، عشق قرآن، عشق جبرائیل، عشق کاف و نون، عشق ظاہر، عشق باطن عشق اول، عشق آخر، عشق لم یلد و لم یولد اور عشق ہی اللہ الصمد، نورِ اوّلین عشق، رحمت للعالمین عشق، عشق الست، عشق مست، عشق قالو بلیٰ عشق لباس آدمی، عشق بحرِ بے کنار، عشق مولا، عشق بندہ، عشق مشکل کشا، عشق فخرِ فقر، عشق ظل اللہ، دید و شنید عشق، ناممکن سے ممکن بھی عشق، تاریک تن کا نیّرِ تاباں عشق، ہر سوال کا مکمل جواب عشق، عشق یعبدون سے آگاہی وَالَیہِ راجعون کی کامل تفسیر اور پھر یعرفون تک عشق ہی عشق، عشق ہی ینظر بنور اللہ کی نظر رکھتا ہے، عشق لسان حق، عشق فرمانِ حق، عشق ترجمانِ حق، عشق جہانِ حق، عشق ایک لباس اور یہ لباس بے قیاس، عشق لبس باقی ہوس، عشق کے لیے ہونا نہ ہونا یکساں، عشق کے لیے لباس اور جسم برابر، عشق ہی وصل ذات، عشق ہی ایجاب و قبولِ ذات ہے۔ آخر ما و تو سے رہائی اور ذات ہُو تک رسائی۔

اب آپ ہی انصاف کریں کہ بندہ کہاں رہے جب ہر جگہ عشق ہو۔ کہاں مسجد کہاں مندر، کہاں کعبہ کہاں بُت خانے۔ یہ ہے ذات و صفات سے چھٹکارا ؎

اگر کوئی حریم ناز کے پردے اٹھا دیتا ؛؛
تو پھر کعبہ کہاں رہتا یہ بُت خانے کہاں جاتے

یہ پچھ پچھ تھکا کر دوارے وڑیا ؛

ایک برہمن سے پوچھا اگر ہر روز نہانے اور ماتھے پہ تلک لگانے سے مطلوب حاصل ہو جاتا ہے تو میں بھی کر لوں اس نے جواب

Marfat.com

دیا۔ نہیں بات کچھ اور ہے ہم تو رسم نبھا رہے ہیں۔ پھر ایک سادھو کے پاس گئے۔ پوچھا کہ اگر ہر روز نہانے اور بھبوت لگانے سے پتہ مل جائے تو تمہاری سنگت کر لوں۔ جواب دیا نہیں اس کی خبر کسی اور خبر نہیں ہے۔ ہم تو بس ایک فرض کی ادائیگی میں لگے ہوئے ہیں۔ پھر مسلمان کے پاس گئے۔ پوچھا کہ ہر روز رسم عبادت ادا کرنے کے دوران کبھی ان سے آمنا سامنا ہو جاتا ہے۔ تو میں بھی تمہارا مقتدی بن جاؤں۔ جواب دیا کہ ہم تو پابند تقلید ہیں۔ عارفوں نے اس کا پتہ اس کی معرفت کا راستہ من عرف نفسہٗ ہمیں بتایا ہے اور اس کی ہمیں خبر نہیں۔ آپ کسی صاحب عرفان کے پاس جائیں لہٰذا وہ ٹھاکر دوارے آن پہنچا۔ وہاں آکر معلوم ہوا کہ جس نے بُت رکھے ہوئے ہیں۔ وہ ان کی شناسائی بھی کروانا جانتا ہے۔ پوچھا کہ آپ بُتوں کو کمال معرفت سمجھتے ہیں یا آگے بھی کچھ ہے۔ جواب دیا کہ اے طالب صادق تیرے اندر تین سو ساٹھ (۳۶۰) بُت ہیں اور یہ دس بُت جو تجھے نظر آرہے ہیں یہ تیرے اندر کے دس بُتوں کا پرتو ہے۔ حقیقت میں ان کا کوئی وجود نہیں۔ اگر اپنی شناسائی چاہتا ہے تو ان دس بُتوں پر اسم ذات کا ناد بجا اور ہر ایک سانس میں ایک ایک سو بار ناد الٰہی اس ایک ایک بُت پر بجانا ہے اور یہ نو (۹) بُت تیرے نو (۹) باطن ہیں اور یہ انتہائی کار آمد بے کار بُت ہیں اور یاد رکھ کہ جب تک تو عشق کے کاندھوں پر سوار نہیں ہوگا۔ اپنے بُت نہ توڑ سکے گا اور جس وقت تم نے اپنے بُت توڑ دیئے تو آخری بڑے بُت کے گلے میں کلہاڑا ڈال دینا۔ یہ تیرا بُت ہے اور تیرا بُت عشق ہی توڑے گا پھر تمہیں اس ارشاد مبارک کی سمجھ آئے گی۔

Marfat.com

کہ میں علم کا شہر ہوں اور علی کرم اللہ وجہہ میرا دروازہ ہے۔

**نوٹ** :- سلسلہ قادریہ شطاریہ میں ذکر کا طریقہ حبس دم کے ساتھ کرنا سکھایا گیا ہے۔ ناک، کان، آنکھ، زبان، منہ اور ناک کی ایک نالی کو بند کر کے اسمِ ذات کا ذکر (ناد) ایک ہزار بار ایک سانس میں کرنے کی مہارت سکھلاتے ہیں۔

"جتھے وجدے ناد ہزار"

اس سلسلہ کو شطاریہ اس لیے کہا گیا کہ اس طریقہ ذکر کا کرنے والا بہت جلد منزلِ مقصود پہ پہنچ جاتا ہے۔ شطار کیا ہے۔ عرب میں سرخ رنگ کا ایک اونٹ پایا جاتا تھا جس کی رفتار دوسرے عام اونٹوں سے دگنی ہوتی تھی۔ جو کہ تیز رفتار قاصدوں کے لیے مخصوص ہوتا تھا اس اونٹ کے سوار کو شطار کہا جاتا تھا۔ یعنی تیز رفتار سوار۔ لہذا حضرت عبداللہ شاہ نے حبس دم کا طریقہ ذکر اِس سلسلہ میں رائج کیا جس وجہ سے انہیں شطار کا لقب ملا اور اس سلسلہ کے مریدین کو سلسلہ قادریہ شطاریہ کہتے ہیں اور ان کے ذکر کا طریقہ اسم اللہ کو ہزار بار ایک سانس میں پورا کرنا ہوتا ہے جیسے حضرت بابا بُلھے شاہؒ نے فرمایا :-

"جتھے وجدے ناد ہزار"

یاد رکھ یہ عاشقوں کا بھید ہے اگر کوئی پوچھے تو کہہ دینا کہ یہ لباس جو میں نے پہنا ہے، میرے نولکھا چرخے کا سُوت ہے تمہارے ان دس بُتوں کے نام یہ ہیں ۱۔ صورت ۲۔ رنگ ۳۔ لمس۔ ۴۔ بُو ۵۔ لمبائی ۶۔ چوڑائی گہرائی ۷۔ لذت ۸۔ آواز۔ ۹۔ ثقل ۱۰۔ عناصرِ اربعہ۔

Marfat.com

گر در سرت ہوائے وصالت حافظا
باید کہ خاک درگہہ اہل بصر شوی

طالب تھا عشق کی ایک ہی تجلی نے ذات وصفات سے فارغ کر دیا۔ بیٹھ گیا تو ٹھاکر نے سمجھایا کہ اے طالب فَاذْكُرُونِي أَذْكُرْكُمْ تو سنا ہو ہمارے گروؤں نے اسمِ ذات میں اپنا اسم وصفت فنا کرنا کچھ اسی طرح بتایا ہے کہ جیسے انسان کے "دش" بت "دش" باطن ہیں اور ہر باطن کا ایک عالم ہے۔ اس ایک ایک عالم پر سو بار اسم ذات کا تکرار وقوف قلبی کے ساتھ آنکھ، ناک، کان اور زبان بند کر کے ایک سانس میں ایک ہزار بار پڑھو اور ایک سانس میں ایک ہزار بار اس ناد کو بجاؤ تا کہ تو دنامہ میں تمہارا نام بھی آجائے کیونکہ عبودیت میں تو کل کائنات یعنی موالید ثلاثہ ہیں لیکن تم کچھ اور رہو۔

ہر صاحب ولائت آفتاب عالم حقیقی سے منور ہوتا ہے اور اپنے مرید طالب صادق کے لیے الفقدر والی رات ہوتا ہے۔ قدر والی رات وہی ہے جو سلامتی کی فجر کرے۔ بندہ سویا ہوا تھا ہوشیار ہو گیا۔ فرمان رسالت پناہ ہے کہ لوگ سوئے ہوئے ہیں۔ مریں گے تو ہوشیار ہو جائیں گے۔ طالب کی شب سیاہ یعنی زندگی پر موت معنوی وارد ہو گئی اور جب زندگی پر موت معنوی وارد ہوتی ہے تو وہ سلامتی کے گھر پہنچا ہے اس کی فجر روشن ہو گئی اور وہ مر کر جاگ گیا اور ربانگ دُھل کہہ رہا ہے۔

۷ جس پایا تس نور الانوار

قابل غور نکتہ ہے کہ آپ حیوان کو لیں۔ سورج کی روشنی کو سمجھے گا کہ سونا سنہ ہے۔ لیکن عارف سے پوچھو تو کہے گا کہ عکس رخسار دوست

کے پرتو کا نام سورج ہے ۔ حیوان کی حس پانی کو پا لیتی ہے ۔ عارف حَیّ کی شان دیکھتا ہے ۔ حیوان ہوا کو محسوس کرتا ہے ۔ عارف اسم مرید کے ارادہ کو پاتا ہے ، حیوان حرارت کو محسوس کرتا ہے ۔ عارف علیم کے علم سے دیکھتا اور محسوس کرتا ہے ۔ یہ وہ مقام ہے جہاں اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ کا انکشاف ہوتا ہے اور اس میں فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ کا چشم قلب سے مشاہدہ کرتا ہے ۔

Marfat.com

شعر نمبر ۷

ویدقرآناں پڑھ پڑھ تھکّے!
سجدے کر دیاں گھس گئے متھّے
نہ رب تیرتھ نہ رب مکّے
جس پایا تس نور انوار
عشق دی نویوں نویں بہار

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

## ؎ وید قرآناں پڑھ پڑھ تھکے

"وید" ہندو مذہب کی معتبر کتاب ہے۔ سادھو برہمن مندروں میں اس کی تعلیم دیتے ہیں۔ قرآن سے مراد قرآن حکیم ہے۔ جسے حق تعالےٰ نے مومنوں کے لیے اپنے محبوب پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعے بھیجا۔

وید کی تعلیم ایک مخصوص طبقہ کے لیے ہے جس کا ماحصل یہ ہے کہ جو انسان ذاتِ حق سے وابستگی کا ارادہ رکھتا ہے اسے اپنا معاشرہ اپنی اولاد اور اپنا گھر سب کچھ چھوڑ کر جنگلوں کا رُخ کرنا پڑتا ہے اور کئی کئی برس ذات کی یاد میں گم رہ کر اس ذات میں اپنی ذات وصفات کو فنا کرنا پڑتا ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ لا الہٰ الا اللہ تک تمام مذاہب کی رسائی ہے۔ کسی بھی مذہب وملت سے تعلق رکھنے والا کوئی بھی شخص لا الہٰ الا اللہ تک رسائی حاصل کر سکتا ہے۔ نفی و اثبات سے وہ اپنا قلب اتنا صاف کر لیتا ہے کہ موجودات کے نقوش اس کے قلب پر منعکس ہونے لگتے ہیں۔ اِن کا ظاہری وجود اتنا لطیف ہو جاتا ہے کہ وہ جب چاہے ہوا میں پرواز کر کے سینکڑوں میل کی مسافت چند لمحوں میں طے کر جاتا ہے جہاں چاہے وہ وجود کے

Marfat.com

ساتھ حاضر ہو جاتا ہے اور کھڑے کھڑے غائب ہو جاتا ہے۔ عوام الناس کے نزدیک ان صورتوں کا نام کمال ہے۔

حضرت خواجہ خواجگان معین الدین چشتی رحمۃ اللہ علیہ اور جوگی کا واقعہ حضرت شیخ فرید الدین مسعود گنجشکر رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت سید علی بن عثمان جلالی الہجویری المعروف بہ داتا گنج بخش لاہوری اور جوگی کے واقعات اس امر کی بین دلیل ہیں کہ لاالٰہ الا اللہ تک رسائی بلا تمیز مذہب و ملت ہو سکتی ہے۔ ان کمالات میں وہ جوگی (جو کہ بعد میں اولیاء کرام میں سے ہوئے) نور رسالت کے بعد کی وجہ سے خود خدا بنے ہوئے تھے۔

جبکہ وید کی تعلیم اور عمل سے انسان یہ کمالات حاصل کر سکتا ہے۔ پھر کیا وجہ تھی کہ وید کی تعلیم اور عمل کے باوجود جس کے لیے ان جوگیوں نے اپنی زندگیاں وقف کر دی تھیں وہ تاریکی میں رہے اور عبداللہ کی ایک جھلک نے ان کے قلب و ذہن کو اتنا روشن کر دیا جس کی وجہ سے وہ بے اختیار پکار اٹھے کہ وید پڑھتے پڑھتے، عبادت کرتے کرتے تیرتھوں میں نہاتے نہاتے ہم تو تھک کر مایوسی کے عالم میں گرفتار ہو چکے تھے۔ ہماری ہمت جواب دے چکی تھی کہ اس نور نے جو کہ بندہ کی صورت میں مجسمۂ نور ہونے کے ساتھ منور کرتا ہے کی ایک ہی نظر نے منزل مقصود تک پہنچا دیا۔ گویا وہ بات جسے ہم برسوں کی محنت شاقہ سے حاصل نہ کر سکے ایک مسکین و فقیر بندہ سے حاصل ہو گئی۔ ان لوگوں کا مقصود حق ہی تھا۔ جس کے لیے انہوں نے اس حسین و جمیل دنیا کو تیاگ دیا تھا۔ لیکن جب وہ مقصود پانے میں ناکام رہے جو کہ اپنے قول و فعل میں

حرکت وسکنت میں حق ہی حق ہوتا ہے تو وہ لوگ سراپا باطل ہو گئے۔
اور باطل وہ ہے جو کہ حق کا غیر ہو۔ لہٰذا جب مقصود تک ان کی رسائی
نہ ہوئی تو اِن کی طبیعتوں میں قہر و جبر، غرور و تکبر، خود پسندی و نفس
پرستی کا جذبہ پیدا ہو گیا جس کی وجہ سے وہ ہر کمزور پر ظلم کرتے۔ ہر ریاست
کا راجہ ان کا باجگزار ہوتا۔ جس راجہ کے محل میں چاہتے شب باشی کرتے
ان کے اعمال و افعال اور کردار شیطانیت کو شرملتے۔ یہ سب کیوں
تھا؟ اے عزیز! لا الٰہ الا اللہ کہنا اور جاننا توحید عام ہے جس میں
وہ کمال حاصل کرنے کے بعد وہ عارف نفس حیوانی ہو گئے۔ نفس حیوانی
انسان کو ہر وقت قول و فعل میں حق کے خلاف ابھارتا رہتا ہے
محمد رسول اللہ کہنا اور جاننا توحید خاص ہے۔ تو معلوم ہوا کہ وید کی
تعلیم بھی مقصود تک نہ پہنچا سکی اگر مقصود حاصل ہوا ہے تو نور السمٰوت
والارض سے حاصل ہوا ہے اور یہ کمال صرف اسی کو حاصل ہوگا جسے لولاک لما
کے بحر بے کنار سے لولاک لما کا حصّہ حاصل ہو چکا ہوگا۔ اس کے بغیر اندھیر
ہی اندھیر ہے۔ [illegible] ہے۔ مایوسی و نامرادی ہے جو کافروں کا حصّہ ہے۔
مومن کبھی مایوس و نامراد نہیں ہوتا کیونکہ وہ صاحب لولاک لما کے زیرِ قدم
ہوتا ہے۔

صوفی محمد الدین چشتی نظامی قصوری عرض کرتا ہے کہ وہ ہر علم
جو علم رسالت کی قید سے آزاد ہے، بے معلوم ہے اور بے معلوم علم
سراب ہے اور سراب قوت واہمہ کی تخلیق ہے۔ قوت واہمہ کی تخلیق
بھی واہمہ ہے جس کا کوئی وجود نہیں اسی طرح ہر وہ علم و عمل جو حکم رسالت
کے علاوہ ہے نفس و شیطان لعین ہی کی غلامی ہوگی۔ نفس و شیطانِ لعین کی

Marfat.com

پیروی عین گمراہی ہے۔ ہر وہ عمل جو کہ زیرِ رسالت نہیں ہوگا اس کا اجر ایسی امید ہوگا جیسے کوئی لوہے کی پلیٹ پر گھاس اُگتا دیکھنا چاہتا ہوں جو کہ ناممکن ہے۔

وید سے مراد ایسا علم بھی ہوسکتا ہے جس کے پڑھنے یا سننے سے وید سے منسلک انسان ثواب کا امیدوار رہے کہ اس کا پڑھنا اور سُننا ثواب ہے اور اس کے حرفوں تک ہی رسائی حاصل کر کے ہی اس کی تعلیم کو متبرک تعلیم جان لیتا ہے۔ لیکن وہ علم جس کے ساتھ عمل نہ ہو بغیر اپنے زوج کے ہے اور جب جوڑا نہ ہو اور پھر جوڑے کا ملاپ نہ ہو تیسری چیز پیدا نہیں ہوسکتی۔

وید اور قرآن پڑھنے سے ربّ نہیں ملا اور یہاں یہ غور طلب بات ہے کہ ذات کا اسم ربّ لائے ہیں جو کہ اسم افعالی ہے۔ غور کیجئے کہ اسم افعالی "ربّ" کیوں لائے۔ اسم ذاتی "اللہ" کیوں نہیں لائے۔ کیونکہ یہاں فنِ شعری کا لحاظ نہیں بلکہ یہ ایک عالمِ کامل صاحب ولائت صوفی کا کلام ہے جو مبالغہ آرائیوں سے پاک ہے۔ ہر شعر کا حرف حرف اپنے مقام پر صحیح اور پُر معنی ہے۔

اب ہم قرآن کی تلاوت کے متعلق بیان کرتے ہیں۔ ہندوؤں کی مذہبی اہلِ اسلام میں کثرت سے لوگ قرآن پاک کی ہر روز تلاوت ثواب حاصل کرنے کیلئے کرتے ہیں۔ ہمارے نزدیک ان مسلمانوں سے بہتر ہیں جو قرآن پاک کی طرف سے دانستہ غافل ہیں۔ قرآن پڑھنے والے اکثر لوگوں کا شوق بھی ہے کہ ہم قرآن کو ترجمہ کے ساتھ پڑھیں تاکہ فرمانِ ربی ہماری سمجھ میں بھی آجائے۔ موجودہ دور میں چونکہ قرآن کے تراجم تفرقہ کا شکار ہیں جس وجہ سے مترجمان نے قرآن کے ترجمہ کو اپنے مسلک اور خیال کے مطابق ترجمہ کیا ہے۔ بعض ترجمے [illegible]

ہیں کہ عربی عبارت کو اردو میں ڈھالنے کی کوشش کی گئی ہے جس وجہ سے قاری صحیح طور پہ سمجھ نہیں پاتا کہ آیت مبارکہ کا مفہوم اور معنی کیا ہیں اس انداز سے قرآن کے پڑھنے سے ہمیں سابقہ انبیاء علیہ السلام کے واقعات تو یاد ہو جاتے ہیں لیکن قرآن کا عامل ہونا کیسے اور کس طرح ہے۔ سمجھ نہیں پاتے۔ ہم بابا بلھے شاہؒ کی بات قرآن سے تصدیق کرواتے ہیں

اَفَلَا یَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ اَمْ عَلٰی قُلُوْبٍ اَقْفَالُهَا (پارہ ۲۶، سورۃ محمد آیت نمبر ۲۴)

اللہ پاک کے افعالی واقعات پہ کہ فلاں وقت پہ ہوا فلاں وقت وہ ہوا۔ آدم علیہ السلام کو بنایا۔ شیطان کا ذکر کہ اس نے سجدہ نہیں کیا۔ جنت کا ذکر جنت میں آدمؑ کا قیام۔ آدم کے جسم سے سیدہ حوا علیہا السلام کی پیدائش قصہ خروج آدم از جنت جبھی تو ہم نعوذ باللہ حضرت آدم صفی اللہ کو گناہگار قرار دیتے ہیں حالانکہ وہ اس ظلمت کدۂ ارض میں حق کی پہلی نورانی کرن کی صورت میں بحیثیت نبی مبعوث فرمائے گئے۔ جو انبیاء و اولیاء کے جدِ امجد ہیں اور تمام انسانوں کے باپ ہیں۔ لہذا ہم نے یہ واقعات پڑھ کر پہلا کام یہ کیا کہ اپنے ہی جدِ امجد کو گناہ گار ٹھہرایا۔ یہ نہیں سوچا کہ نبی معصوم ہوتے ہیں اس واقعہ میں نہ تو حکمت الٰہیہ پہ غور کیا اور نہ ہی اپنے باپ آدمؑ سے دریافت کیا کہ بابا آپ نے وہ جنت جس کا حصول اطاعت خداوندی میں ہے جس کے حصول کے لیے بے شمار قربانیاں دینی پڑتی ہیں جس کا مومن کو وعدہ دیا گیا ہے جیسے دارالامن دارالسلام اور دارالاجر کا نام دیا گیا ہے۔ گندم کے ایک دانہ کے عوض فروخت کیوں کر دی۔ اس میں کیا راز تھا کیا بھید تھا کیا دیکھ لیا تھا۔ انہی کی اولاد میں سے ایک قلندر برملا کہہ رہا ہے۔ اور کتنے خوبصورت انداز میں کہہ رہا ہے:-

Marfat.com

۵ پدرم روضۂ رضوان بدو گندم فروخت
ناخلف باشم اگر من بجوئے نہ فروشم
(خواجہ حافظ شیرازیؒ)

ان سے ہی دریافت کر لیتے کہ بھائی کیا بات کہ تو جنت اپنے باپ سے بھی سستی فروخت کرتا ہے اگر یہ نہیں ہو سکا تو حق تعالیٰ ہی سے دریافت کر لیتے کہ اے ہمارے رب۔ نبی تو معصوم ہوتے ہیں اور نبی کی نبوّت کی دلیل ہی یہی ہے کہ وہ ارادہ الٰہی کے بغیر حرکت بھی نہیں کرتا تو پھر ہمارے بابا جو کہ ایک گناہگار تھے نبی کیوں کر ہوئے۔ اے اللہ! اس حکمت کو ہم پر ظاہر فرما تاکہ ہم بڑے فخر کے ساتھ اپنے باپ کو گناہ گار کہنا چھوڑ کر پورے طور پر ادب میں آجائیں اور غیروں کی طعنہ زنی سے بچ جائیں یا پھر ہمیں بھی اپنی اس حکمت کا راز بتا دے جس حکمت کو سمجھتے ہوئے عزازیل نے تکبر کیا اور آپ کا کہنا نہ مانا اور آدمؑ نے آپ کی حکم عدولی کی۔ پہلے ہی دو مرید غلام مخلوق۔ د۔ دن ہی آپ سے نافرمان ہو گئے۔ یہ کیا راز ہے۔ بندہ کو سجدہ کروانے کی کیا حکمت تھی اور اس کے سجدہ نہ کرنے کا کیا راز تھا؟ باباجی کو شجر ممنوعہ کے قریب جانے سے کیوں روکا اور باباجی نے آپ کے حکم کا لحاظ کیوں نہ رکھا۔ تو معلوم ہوا کہ عوام نے اس قرآن کو جو کہ قرآن میں اسی طرح سے بیان ہوا ہے گذرا ہوا زمانہ اور واقعات سمجھ لیے اور حال کا شائبہ تک نظر نہیں آیا۔ کیونکہ اس واقعہ کے تمام واقعات صیغہ ماضی تھا تھے تھی میں بیان ہوئے ہیں۔ حالانکہ قرآن حال ہے کیونکہ کلام الٰہیہ ہونا ہی حال ہے۔

قرآن کلامِ الٰہی ہے اور کلامِ الٰہی وہ ہوتا ہے جس میں ماضی و حال و مستقبل ایک ہی حال میں ہوں۔ کیونکہ قرآن مخلوق نہیں ہے۔ عال ہے۔ اس کے حال ہونے پر تمام اہلِ سلام کا ایمان ہے۔ چونکہ ہر صورت اپنے باطن میں معنی رکھتی ہے اور جب کوئی ان معنوں کو صورت میں لاتا ہے تو وہ لائی ہوئی صورت بھی معنوں سے پُر ہوگی جیسے کہ پھول میں خوشبو۔ پھول کا عطر نکال لیا تو وہ خوشبو لباس عطر میں آ گئی لیکن اس میں بھی خوشبو مخفی ہوگی۔ جس کی کوئی صورت نہ ہوگی اس کا صرف نام ہی ہوگا۔ کہ صاحب! خوشبو ایسی ہوتی ہے ویسی ہوتی ہے۔ آپ پھول کی کتنی ہی صورتیں بدل دیں خوشبو معنی کی حیثیت میں ہی رہے گی اور ہر صورت میں پوشیدہ رہے گی۔

ہر ہر وِچ صورت رَبدی اے
کتے ظاہر کتے چھپیندی اے

معلوم ہوا کہ صورت کا دیکھنا جاننا لیکن معنی تک نہ پہنچنا حقیقت میں اس کی نفی ہوگی۔ جب تک معنی کا ادراک نہ ہو کوئی صورت کسی طرح بھی قلب میں نہیں ٹھہرائی جا سکتی اور معنی جو کہ بے صورت ہیں ان تک معنوی صورت ہی پہنچا سکتی ہے۔ معنوی صورت کی آشنائی معنوی صورت ہی کرائے گی۔ اس کا حصول بے صورت اور بے معنی ہو کر ہی ہوگا۔ گو یہ ایک دقیق مسئلہ ہے لیکن کسی ایک صورت سے بے صورت تک رسائی کی صورت ہو سکتی ہے ؎

چہرہ چاک دا صفحہ قرآن دا ے ہیر ویکھیا نال الیقین قاضی
(وارث پاک)

Marfat.com

کسی ہوشربا صورت نے بے ہوشی کی صورت پیدا کر دی۔ اب ہم اپنے بابا آدمؑ کی خدمت اقدس میں بذریعہ قرآن حاضر ہوتے ہیں تاکہ ان کے آدم بننے پھر مسجود ملائک ہونے اور پھر اپنی فقیری و عاجزی اور نا کسی کے اظہار سے اس زاہد خشک کی آنکھوں میں دھول جھونکنے اور بلا صورت عبادت کا بدلہ (اجر) لعنت دلوانے کے فقیری ٹوٹکے دریافت کریں۔

اے عزیز! نزولِ قرآن کا سلسلہ وارثِ قرآنؐ پر ۲۳ سال میں مکمل ہوا۔ وارثان قرآن نے اس سے عرفان کے خزانے سمیٹے۔

بہر حال ہم زیادہ گہرائیوں تک نہیں جاتے۔ ہم حروف مقطعات کو لیتے ہیں یہ بات حقیقت ہے کہ ان کے معنی صرف اللہ اور اس کا رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہی جانتے ہیں۔ بظاہر ان کے کوئی معنی نہیں لیکن عوام اس بات پر غور نہیں کرتے کہ اگر یہ حروف بے معنی ہوتے تو اس وقت کے فصاحت و بلاغت میں لگانۂ روزگار معترضین کیا خاموش بیٹھتے؟

ہم ان حروف کی حیثیت اور وجود کے لیے ایک مثال لیتے ہیں۔ ایک انسان جس کا نام معلوم نہ ہو اس کی طرف اشارہ کرتے ہیں کہ وہ ہے۔ اسم انسان کے تعارف اور یکتائی کی طرف اشارہ ہے کہ اس کا ذاتی نام ہے غیبت میں اسے اس کے ذاتی نام سے یاد کرتے ہیں۔ سامنے ہو تو اس کا نام لینا بے ادبی گردانتے ہیں اگر ہم اس کی صفات بیان کریں تو اس کے لیے دوسرے نام ہوں گے مثلاً صاحب ارادہ، سامع، البصیر، کلیم، قدیر، علیم، اگر دوسری صفات بیان کریں تو بے شمار نام ہوں گے یاد رہے کہ یہ اللہ تعالیٰ کے خصوصی اسمائے صفاتی ہیں۔ کل اسمائے صفاتی ۹۹ ہیں اور یہی ۹۹ اسماء انسان کے اندر دکھائی دے رہے ہیں۔ اسی

Marfat.com

لیے یہ خلیفۃ اللہ فی الارض ہے۔ اسی لیے الحمد بس سات طبق ہیں جو کہ کن فکان تحت العرش، فوق الارض اور یہی سات صفات ہیں۔ اور قطب عالم ان سات صفات سے مزین ہے۔ بہرحال آپ کسی بھی نام سے کسی کو یاد کرتے ہیں تو اس کا وجود ضرور ہوتا ہے جس کا وجود نہیں اس کا نام نہیں۔ تو معلوم ہوا کہ اہل عرب خواہ مشرکین خواہ مسلمین ان حروف مقطعات سے واقف تھے۔ تبھی تو کسی نے اِن پر نکتہ چینی نہیں کی۔ گو وہ ان کے سطحی معنوں سے آگے نہ جا سکے۔ بہرحال ان حروف کا مقطع ہونا خود اس بات کی دلیل ہے کہ ہر حرف بامعنی ہے عقل و نفس اور روح و قلب کے حوالے سے ان کے معنی تراشے ہوئے ہیرے کی مانند ہیں۔ اِن حروف کا تعلق سریانی زبان سے ہے اور یہ روح کی زبان ہے اور روح کی زبان انسان کی ہر شے پر غالب ہے یہ زبان گوہرِ معانی سے پُر ہوتی ہے اس لیے کوئی بھی زبان ان کی تشریح کرنے سے قاصر ہے۔ ان حروف میں رازِ حق کی تجلیات کی جھلک ہے۔ ان حروف میں احسن تقویم کے حسنِ باطن کی چمک دمک ہے۔ ان حروف سے اُس ذاتِ گرامی سے نسبتوں کا اظہار ہو رہا ہے جو ذاتِ باری تعالیٰ کے بے شمار عنوانوں کا مظہر ہیں۔ اِن حروف سے وحدت الوجود کے کلی شہود بصورت رازِ کُن فَیَکُوْن کا اظہار ہو رہا ہے۔ کائنات کا ظاہر و باطن تجلی نور احمد صلی اللہ علیہ وسلم کی چمک دمک ہے۔ اب آپ ہی بتائیں کہ یہ حروف مقطعات کیوں نہ ہوں جبکہ یہ اندازِ بیاں نہ عربی میں ہے نہ عبرانی ہیں۔ کیونکہ یہ بیان باندازِ راز و نیاز ہے۔ یہ دلبرانہ گفتگو سرِ خفی سے متعلق ہے لہذا اس لیے روح کی سریانی زبان سے کچھ اشارے کیے گئے ہیں سان کا فہم ان کا ادراک

Marfat.com

ان کا عرفان کسی اور رنگ میں ہے جو کہ از کم وحدت الوجود والی بات ہے
یہ عالمِ عشق کی بات ہے نامحرموں کے لیے پردہ در پردہ ہے۔ اور محرموں
کے لیے کھلی کھلی بات ہے۔ پیغام ہے گفتگو ہے۔ راز و نیاز ہے کیونکہ
یہ حروفِ مقطعات تو محبوب کی شان، اس کی تعریف و تصنیف ہی ہیں۔
اور مشتاقانِ محبوب پر خوب روشن ہیں جو کہ محبوب کے ساتھ ہیں۔ رازِ
توحید کے محرم ہیں:-

احمدا تا گم نہ کردی ہوش را
کیں جرس را کاروانے دیگر است

اب ہم قرآن حکیم کو حال سمجھ کر مشاہدہ کے ساتھ تلاوت کرتے ہیں
تاکہ وہ لوگ جو اسے صرف ثواب کی خاطر کہ ایک حرف کے بدلے دس نیکیاں
حاصل ہوں گی کے خیال میں تمام عمر اس پر غور نہیں کرتے اگر کوئی شخص
اس انداز میں قرآن کی تلاوت کرتا ہے تو قرآن پاک سے نماز، روزہ،
زکوٰۃ، حج، حیض و نفاس اور پاکی پلیدی کے سوا کچھ حاصل نہ ہوگا۔ کیونکہ
اس کے لیے یہی حال اور قابلِ عمل قرآن ہے۔

سب سے پہلے ہم حضرت آدمؑ کے "قصے" کو لیتے ہیں جو بظاہر "تھا" لیکن
حقیقت میں "ہے" ہے۔ ذاتِ حق کا اظہار تیرے وجود سے ہے
کیونکہ تو بھی آدم ہے۔ پانی مٹی آگ، ہوا۔ چار چیزیں یکجا کر دیں اور
جس وقت یہ چار چیزیں جمع کر لیں اور درست کر لیا تو اس میں اپنی
روح پھونکی اور وجود ظہور میں آگیا اور تیرے وجود سے خاکی، آبی، ناری،
نوری اور افلاکی کچھ حیران ہوئے کچھ پریشان ہوئے کچھ جل گئے کچھ مردود
ہوئے کیونکہ احسن التقویم کی خلعت اور علم الاسماء کی دولت نے اُن

Marfat.com

میں آگ لگادی۔ ملائک تیری صورت کے مسجود اور اپنے علم کے حجاب کی وجہ سے شیطان لعین مردود ہوا۔ آدمؑ نے نفس وعقل وقلب اور سرور بندگی سے مست وبے خود ہوکر بخوشی جنت کو الوداع کہہ دیا کہ ارادۂ حق کی تکمیل میرے یہاں مقید رہنے پر نہیں ہوسکتی لہٰذا ذات حق کی رضا میرے جنت سے نکل جانے اور عالم شہود میں آنے سے ہوگی تو وہ بھول گیا۔ جس بھول میں ذات حق کا ارادہ مکمل ہوتا ہے۔ اب آپ بتائیں کہ تمام انسان ذات حق کی رضا کے لیے اس کے ارادہ کے تحت عمل کرتے ہیں۔ اگر یہ گناہ ہے تو پھر ثواب کونسا ہے؟ لیکن یہاں بات کچھ اور تھی۔ عزازیل نے ذات حق کو سجدہ نہ کرنے کے جرم میں ہونے والی سزا کے بدلہ میں یہ کہا تھا کہ مجھے تیری رحمت کی امید یا تیری لعنت کا خوف نہیں۔ میں ان تمام جزاؤں اور سزاؤں سے بالاتر ہوکر تجھے سجدہ کرتا ہوں لہٰذا میں سجدہ تجھے ہی کروں گا تو آدم علیہ السلام نے اس کے مقابلہ میں ذات حق کے ارادہ کو پورا کیا اور یہ عمل جزا وسزا سے بلند ہوکر کیا تاکہ حق تعالیٰ کا ارادہ مکمل ہوجائے۔

گناہ اگرچہ نہ بود اختیار ما حافظ
در طریقِ ادب کوش کہ گناہِ من ست

لہٰذا اے اولادِ آدمؑ حق تعالےٰ کی ذات پر گناہ، ثواب، اجر وسزا سے بلند وبالا ہوکر فدا ہوجانا، دنیا کی لذات جنت کے آرام کو ذات حق پر قربان کردینا عاشقوں کا ہی میدان ہے۔ اس کے بعد توبہ سکھائی گئی کہ اے اولادِ آدمؑ تو سب سے پہلے توبہ معصیت کر اور اس کے بعد توبہ معصومیت کرنا کہ تیرے باپ آدم کے انوار تجھ

بہ ظاہر ہو جائیں۔

اے اولادِ آدم جس طرح تیرا باپ جنت سے یعنی لطافت سے کثافت کی طرف آیا اور اس نے اپنے نفس کو ظلمات سے رہائی کے لیے اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کی اس لیے تو بھی جب کثافت کے میدان میں یعنی کہ بچپن سے جوانی میں پہنچا ہے تو اپنے اس اندھیرے نفس کو مغفرت سے روشن کر کیونکہ مغفرت ہی حسن خیال کی تابانی ہے۔ مغفرت ہی سرور اور جذبِ حال ہے مغفرت ہی تیری جان کے قفل کی کنجی ہے اور مغفرت ہی تیرے دوزخ جیسے اندھیرے وجود کا باغ جنت ہے۔ مغفرت دردمندوں کے لیے درمان ہے مغفرت سامانِ بے سامان ہے مغفرت قرارِ بے قرار ہے مغفرت ہی بے پردہ کی پردہ دار ہے۔ مغفرت بے چارہ کے لیے چارہ ساز ہے۔ مغفرت بیمار کے لیے جام شفا ہے۔

سوز و سرور، ذکر اور مغفرت ہی نورِ فکر ہے۔ مغفرت ہی بے آبرو کی آبرو ہے۔ مغفرت ہی ناامیدوں کی امید ہے۔ مغفرت محتاج کا زادِ راہ ہے۔ پھر تجھے تمام اشیاء کے نام اور ان کی صفات کا علم دیا جائے گا۔ اشیاء کی حکمت دی جائے گی۔ اشیاء کی نعمتیں دی جائیں گی۔

تو جہان کے لیے شوکت ہے اور اشیائے عالم کے لیے رحمت ہے۔ ہر شے کا تو حاکم ہو گا۔ ہر شے کا راز دان ہو گا۔ تیرے تذکرے سے اس جہان میں بہار ہو گی اور تیری تدبیر سے کاروبار جہان درست ہوں گے۔ احسن التقویم، نور اور حیات تین صفتیں تجھ میں جامع ہوں گی۔ اس لحاظ سے تو زمین پر میرا خلیفہ ہو گا۔ خلافت کے لباس سے آراستہ ہو گا۔

طوالت کے خوف سے ہم اختصار سے کام لیتے ہیں۔

Marfat.com

اب آپ نوح علیہ السلام جو کہ آدمِ ثانی ہیں ان کے واقعہ کو لیں۔ جو کہ قرآن میں ہم نے "تھا" پڑھا ہوا ہے۔ ان کو دیکھنا ہے کہ یہ بھی آدم علیہ السلام کی طرح ہیں۔ مغفرت کے سرور و مستی سے آدم اوّل کا جامہ چاک ہو گیا تو اس پاک شجر سے ایک شگوفہ نکلا جو آدم ثانی کہلایا۔ ہر شخص جس نے آدم اوّل کے منازل طے کئے ہوں گے اس کے وجود مسعود سے ان کے نور وجود مسعود کا ظہور عین ممکن ہے اور وہ آدم اوّل کی مٹی پانی کی حیات ہوگا اور اس جہاں میں ایک نیا حشر پیدا کرے گا۔ اور اپنے نفس و عقل و قلب کو جلا ڈالے گا۔ عالمِ ظاہر کو جلا کر معدوم کر دے گا۔ اور باطنی عالم کو ظاہر کر دے گا۔ عالمِ امکان کو ویران کر دے گا اور عالمِ باطن کو آباد کر دے گا۔ آدمِ اوّل کے بسائے ہوئے ایک جہاں کو غرق کر کے سینکڑوں نئے جہاں آباد کر دے گا۔ جس طرح آدمِ اوّل ظلوم و جہول سے مست ہوگا اسی طرح آدم ثانی نور و علم سے مست ہوگا۔ آدم اوّل شرمندگی میں مست ہوگا اور آدم ثانی بندگی اور تابندگی سے مخمور ہوگا۔ آدم اول فکر فنا میں مست ہوگا اور آدم ثانی فکر بقا میں مست ہوگا۔ آدم اوّل ارکان دین میں مست آدمِ ثانی وجدانِ دین میں مست۔ آدم اوّل حور و قصور میں مست، آدم ثانی حضور و نور میں مست۔ آدم اوّل خوف و رجا میں مست، آدم ثانی وفا میں مست اور تیرا نوح تیری لاچارگی کا سرمایہ ہوگا۔ تیرا نوح تیرے باطن کی حیات ہوگا۔ تیرا نوح تیرے باطن کی بنائے زندگی ہوگا۔ تیرا نوح تیرے باطن کی ادائے بندگی ہوگا۔ تیرا نوح تیرے باطن کی صفائی ہوگا۔ تیرا نوح تیرے باطن کی روشنی، تیرے باطن کا شعور تیرے باطن کا نور ہوگا اور آپ کہتے ہیں کہ نوح تھا۔ نوح علیہ السلام آدم ثانی ہیں قرآن حال ہے۔

Marfat.com

اور حال ہر زمان و مکان میں حال ہے۔ لہذا آپ جس وقت یہ منازل طے کر جاتے ہیں تو آپ دوستی کے میدان میں قدم رکھیں گے جو کہ خلیل اللہؑ کے زیرِ قدم ہے۔ خلیل اللہ جاننا اور پڑھنا نہیں بلکہ ہونا ہے ہو چکے ہیں، موجود ہیں اور ہوتے رہیں گے۔ اور پھر ان کی شان، جانِ وحدت، سوزِ ملت اور سازِ عشق، غیرتِ انسانیت، شہبازِ عشق، ظاہری بُتوں پہ ضرب لاشکست، دینِ راہبار و رنگ و بست لا احب لا فلین دم دم بگفت، از دم او گلشن ہستی شگفت۔

یُھْدِی رَبِّی سرمایہ ایمان سرمایہ جان، جذبہ و احساس ایک دیوانگی اور اس دیوانگی میں آفتاب روح کو دیکھ کر فرمایا مِمَّا تُشْرِکُوْنَ اور ماہ و شمس سے رہائی حاصل کر لی جس وجہ سے ان کی آنکھیں ہر وقت دید سے مست ہیں اور جدھر بھی وہ رُخ کرتا ہے۔ وَجْهُ اللہ ہے اور جس وقت کوئی غلامِ مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم یہاں تک ترقی کر جائے تو اس کا نفس حیوانی شرفِ انسانی پا جاتا ہے اس کے دل کے سامنے عقل خراب ہو جاتی ہے پھر نورِ ایمان و محبت سے دل کے سوز و ساز کی آواز سنائی دے گی۔ غصہ غرور، شہوت و حرص اور تمام برائیاں اس سے بہت دور چلی جائیں گی اور وہ ہر شے میں نورِ حق ہویدا دیکھے گا۔ اپنی جان میں نورِ جاناں کا جلوہ دیکھے گا۔ اور پھر وہ جسمانی علائق سے پاک ہو جائے گا۔ درِ جاناں تک رسائی ہو جائے گی۔ اور پھر تحفہ ہے نذر ہے۔ نذر کیا ہے دیدار کے بدلے نورِ دیدہ کو پیش کر دینا ہے۔ جس کی انتہا حسینؓ ہیں۔ اب فرمائیے کہ "تھا" یا "ہے"

.........

Marfat.com

**قرآن پاک عوام کی نظر میں** عوام کا مقولہ ہے کہ صاحب! ہم تو ان مولویوں کے چکر میں نہیں پڑتے بس قرآن پڑھتے ہیں۔ اللہ کے پاک کلام میں بہت لطف آتا ہے کبھی کبھی اس کا ترجمہ بھی پڑھ لیتے ہیں اور حفظ کرنے کا بھی شوق ہے۔ ایک حرف کے بدلے دس نیکیاں ہیں۔ بنی اسرائیل کے واقعات یاد ہو گئے ہیں۔ حضرت یوسف علیہ السلام کا قصہ بھی اچھی طرح یاد ہے۔ ہم تو بس یہی سمجھتے ہیں کہ قرآن کی تلاوت ذریعہ نجات ہے۔

**قرآن تعویذ گنڈا کرنے والوں کی نظر میں** ارے بھائی ان مولویوں اور بزرگوں کی بات دوسری ہے۔ درود وظائف کر کے لوگ اللہ کے بزرگ بن جاتے ہیں۔ مولوی لوگ تو صرف جھگڑے کے لیے قرآن کی تلاوت کرتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ اس قرآن میں ایسے ایسے عملیات ہیں کہ ہر بیماری کا دم۔ ہر بلا کو رد کرنے کی آیات، تسخیر کا عمل، دنیاوی ترقی اور محبت کے عملیات بعض آیات ایسی بھی ہیں کہ دست غیب کھل جاتا ہے۔ کسی دشمن کو نقصان پہنچانا ہو تو فلاں سورۃ اور آیت اس کا عمل ہے اور پھر بزرگ جو درود وظائف پڑھتے ہیں قرآن سے باہر کی چیز نہیں۔ لوگوں کو علم نہیں کہ اس پر عمل کرنے سے دین و دنیا کی خوش حالی ہے۔

یہ ہندو مذہب والے قرآن کی الٹی سورت پڑھ کر ایسے زبردست جادوگر بن جاتے ہیں کہ بڑے بڑے کام سرانجام دیتے ہیں۔ ان کے جنتر منتر قرآن ہی کے الٹے حروف ہیں جسے کالا جادو کہتے ہیں۔

**قرآن عبادت گزار کی نظر میں** قرآن کی عظمت اور طاقت سبحان اللہ ایک ایک حرف ایک ایک آیت ایک ایک سورت دنیا و آخرت کا خزانہ

Marfat.com

ہے اگر ایک ہی حرف کو لیا جائے اور طریقے سے وظیفہ کیا جاوے، بندہ کے تمام لطائف کھل جائیں گے ۔ اور پھر زندگی سبحان اللہ ایک پُر وقار شان و شوکت ، ہزاروں آدمی ہاتھ پاؤں چومنے والے ہوں گے اور نورانی عمل سفلی عمل سے طاقتور ہوتا ہے لیکن ذرا ٹھنڈا ہوتا ہے اور سفلی عمل جسے جادو کہتے ہیں بڑا تیز ہوتا ہے ۔ سنا نہیں کہ جادو حق برحق ہے ۔ لیکن کرنے والا کافر ہے (یعنی جو شے حق ہو برحق بھی ہو اور اس کے کرنے والا کافر) (یہ مشہور مقولہ ہے ۔)

**قرآن دین سے غافل کی نظر میں** اگر قرآن کی آیتوں میں رزق ہوتا تو مولوی لوگ بہت امیر ہوتے جو روٹی کے لیے مسجدوں میں ایک دوسرے کے خلاف بیان بازی کرتے رہتے ہیں ۔ اگر بیماری کا علاج ہوتا ہے تو یہ لوگ کیوں بیمار ہوتے ۔ قرآن پڑھنے والا مشکلات میں مبتلا کیوں رہتا ۔ بس کوئی ایسی آئتیں پڑھ لیتا کہ محنت نہ کرنی پڑتی نہ ہی تجارت نہ کسی کی مزدوری نہ ملازمت ، سورۃ جن پڑھ کر جن حاضر کر لیا اور کوئی دفینہ نکال لیا ۔ بس عیش کرتے ۔ بس یہ سب مولوی لوگوں کے ڈھکوسلے ہیں ۔ میاں اب وہ بزرگ کہاں ۔ وہ تو اُس زمانہ میں ہی تھے جب قرآن پہ عمل ہوتا تھا دنیا اب تک ان کے مزاروں پر حاضری دیتی ہے اور فیض پاتی ہے ۔

**قرآن مادہ پرست کی نظر میں** ہم نے لینن اور مارکس کی تحریروں سے صرف یہ نتیجہ نکالا کہ ہمارا رہبر ہم سے کیا چاہتا ہے اور ہمیں کیا کرنا چاہیئے ۔ مسلمانوں کی طرح یہ نہیں کیا کہ قرآن کو اپنے تصرف میں لائیں ، کیسے لائیں اسے کس طرح اپنے رنگ میں ڈھالیں ۔ خود کو صاحب کلام کے رنگ

Marfat.com

میں ڈھالنا ہی کامیابی سمجھتے ہیں اور دنیا میں کامیاب ہیں۔ مسلمان قوم جب تک اس انداز سے سوچتی اور سمجھتی تھی کہ صاحبِ قرآن ہم سے کیا طلب کرتا ہے اور صاحبِ قرآن کی طلب پر یہ اپنی جانیں تک قربان کر دیتے تھے اور صاحبِ قرآن کی غلامی ایک بہت بڑا فخر سمجھتے تھے تو مسلمان دنیا پر حکمرانی کرتے تھے۔ اب یہ لوگ قرآن کو اس انداز سے دیکھتے اور سمجھتے ہیں کہ یہ ہمیں کیا دے سکتا ہے اسے کس انداز سے اپنے تصرف میں لائیں۔ اس لیے اب یہ قوم ہر لحاظ سے پست ہو چکی ہے اور رہے گی۔ چونکہ اس دنیا میں جس قوم نے مادہ حاصل کر لیا وہ کامیاب ہوا اور جو اپنے قائد کے دیئے گئے اصولوں کو زبانی پڑھتا، سنتا اور سناتا رہا ہو وہ اس دنیا میں ذلیل و خوار ہے۔

پیر کا بیٹا جو بیٹا ہونے کی حیثیت سے پیری کا حقدار ہے اور باپ کی گدی پر بٹھایا گیا ہے۔ قرآن اُن کی نظر میں :-

بھائیو! تم نے جو لباس پہن رکھا ہے یہ بزرگوں کی دین ہے تم لوگوں کو کیا پتہ کہ ہر روز خواب میں کون کون بزرگ آکر ہمارے سر پر ہاتھ رکھتے ہیں اور یہ جو تم کہتے ہو کہ شریعت کی خلاف ورزی جُرم ہے دراصل یہ تمہاری ظاہری آنکھوں کا قصور ہے۔ ہم لوگ صاحبِ قرآن کے اوصاف سے باطنی طور پر واقف ہیں۔ عرفان اور تزکیہ باطن ہمارے گھر کی لونڈی ہے ہم تو باطن کا تزکیہ کروانے والے ہیں۔ شرعی اصول کیا ہیں تمہی بتاؤ کہ اللہ کا رنگ ہم پر غالب ہے تو نفی کس کی کریں۔ کیا تمہیں معلوم نہیں کہ ہم سے کچھ کرامتوں کا ظہور بھی ہو چکا ہے اور ہمارے بزرگوں نے زیادہ کرامتیں ظاہر کرنے سے منع فرمایا ہے کہ بیٹے یہ تو ولایت کا

ساتواں درجہ ہے تم نے تو آخر تک جانا ہے اور یہ جو تم سوال کرتے ہو کہ شیخ کو شیخ کی ضرورت ہوتی ہے میں پوچھتا ہوں کہ بزرگ جس کو شیخ بنا دیں سر پر دستار باندھ دیں تو اسے کس شیخ کی ضرورت ہوگی۔ اُسے کون پڑھائے گا کون اُسے ہدایت کرے گا۔ تمام صاحبانِ مزار ہمارا احترام کرتے ہیں۔ جدھر جاتے ہیں لوگ ہاتھ پاؤں چومنے لگ جاتے ہیں کیا یہ مقام ایسے ہی مل جاتا ہے۔ ہمیں بیعت کی کیا ضرورت ہے۔ ہم خود لوگوں سے بیعت لیتے ہیں۔ ہمارے دادا کے نو (۹) ہزار مرید تھے۔ ہمارے باپ کے تیرہ (۱۳) ہزار اور اب تک ۳½ ساڑھے تین ہزار مرید ہمارے بھی ہو چکے ہیں۔ رہا قرآن کا مسئلہ تو ہمارا چہرہ تمام مریدوں کے لیے قرآن ہی تو ہے۔ اب ہم کون سا قرآن پڑھیں۔ ہم ہی دین کے بادشاہ، اولیاءِ کرام کے اصل جانشین ولائت کی مسند کے حقدار ہیں۔ کون ہم سے انحراف کرنے والا یا اعتراض کرنے والا ہے۔ جبکہ عوام اپنے اشتہاروں میں ہمارا نام دے کر دینی اور دنیوی فوائد حاصل کرتے ہیں۔

اے عزیزو! ہم کہاں تک قرآن کے منحرفین کے قصے سنتے رہیں گے۔ اور اس کے حال ہونے کی دلیلیں دیتے رہیں گے۔ اب آپ غور تو کریں کہ قرآن کیا فرماتا ہے۔

## قرآن :-

اے بندے! عجز و نیاز کی چادر لے کر۔

حق سے واصل ہو جا اور شرعِ رسالت مآب کی پابندی ہی نسبت محمدیؐ ہے اور اسی کے طفیل ہی تم حق تک پہنچ سکو گے۔ اور یہ بات

تمہارے لطائف کھلنے اور بند ہونے سے آگے کی ہے۔ کیونکہ پھر تمہاری زندگی زندگی راضی برضا اور مرضی مصطفیٰ کے مطابق ہوگی۔ پھر حیٌ وقیوم کے انوار تم پر ظاہر ہوں گے۔ کلام الٰہی تم سے ہوگا۔ چلتے پھرتے قرآن ہو جاؤ گے جو کہو گے حق ہی ہوگا تمہاری حیثیت صرف بانسری جیسی ہوگی۔

گفتہ او گفتہ اللہ بود
گرچہ از حلقوم عبداللہ بود

اس لیے ان احوال کو دیکھتے ہوئے حضرت باباجی نے فرمایا:۔

وید قرآناں پڑھ پڑھ تھکے

اب فرماتے ہیں:۔

سجدے کردیاں گھس گئے متھے

ہم نے یہ دیکھنا ہے کہ یہ سجدہ کس قسم کا ہے اور سجدے کتنی قسموں کے ہیں۔ ساجد کس قسم کا ہے اور مسجود کی کتنی اقسام ہیں۔

آپ جانتے ہیں کہ آدم یعنی بشر جسے خالق کائنات نے اپنے دونوں قدرتی ہاتھوں سے بنایا ہے اگر ملائکہ سے بلند درجات کا نہ ہوتا تو ملائکہ بحکم خداوندی اسے سجدہ کیوں کرتے؟ خداوند پاک سجدہ کرنے کا حکم ہی کیوں دیتے۔ جس کی دلیل اور حقیقت قرآن پاک میں مذکور ہے۔ لیکن یاد رہے کہ ملائکہ کا یہ سجدہ آدم کو نہ تھا بلکہ مٹی کے ایک بُت کو تھا جو انسان کی صورت پر بنایا گیا تھا۔ اس بُت کی سمت لے کر ملائکہ نے حق تعالیٰ ہی کو سجدہ کیا تھا نہ کہ آدم کو۔ اس کی دلیل اس دنیا میں کعبہ کی ہے۔ کیا لوگ کعبہ کو سجدہ کرتے ہیں؟ یا کعبہ کی سمت لے کر حق تعالےٰ کو سجدہ کرتے ہیں گویا حق تعالیٰ نے ملائک سے اشرف سجدہ کروانے کے لیے اپنے اور

Marfat.com

ساجد کے درمیان ایک برزخ رکھا ہے جو کہ سمت کی صورت ہے۔ اسی سمت یا برزخ کو عالم ناری سمجھ نہ سکا۔ عالم ناری کی یہی بھول تھی۔ عالم ناری نے ساجد اور مسجود کے درمیان برزخ کو نظر انداز کرتے ہوئے سجدہ نہ کیا۔ مردود بارگاہِ حق قرار پایا۔ صاحبِ علم عبادت گزار عزازیل حق تعالیٰ ہی کو اپنا مسجود سمجھتا تھا لیکن اس ایک بھول نے اسے گمراہی کے ایسے گہرے گڑھے میں دھکیلا کہ تمام اہل علم و دانش کے لیے نشانِ عبرت بن گیا۔

اس طرح اس عالم شہادت میں سیدنا آدم علیہ السلام سے سیدنا عیسیٰ علیہ السلام تک مخلوق کو مراتب کے لحاظ سے سجدہ کرتی رہی۔ رعایا بادشاہ کو اولاد والدین کو، غلام آقا کو، امت نبی کو مرید اپنے شیخ کو سجدہ کرتے رہے تو یہ تمام سجدے حق تعالیٰ کو نہیں تھے۔ یہ تمام سجدے جن میں ملائکہ کا سجدہ بھی شامل ہے۔ اطاعتی سجدے نہ تھے تعظیمی سجدے تھے سجدہ عبادت نہ تھے۔ سجدہ عبادت صرف معبود کے لیے ہے۔ سجدہ اطاعت حکم کی تعمیل ہے ایک وقت پر کیا جاتا ہے اسے ہمیشگی حاصل نہیں ہوتی اور جس سجدے کو ہمیشگی حاصل ہے وہ سجدہ صرف ہمیشہ رہنے والے معبود کو ہوگا۔ ملائکہ کا آدم کو سجدہ ملائکہ کی اطاعت کا ثبوت تھا۔ محکوم اور اطاعت گذار ہونے کے ثبوت میں تھا۔ آپ مزید غور کریں تو معلوم ہوگا کہ ملائکہ تو بلا نفس کے ہیں۔ جنہیں کسی قسم کی حاجت نہیں اور عوام کے نزدیک تو اطاعت صرف اپنی اغراض کے لیے کی جاتی ہے۔ اور ملائکہ کیا غرض رکھتے تھے۔ تو معلوم ہوا کہ ملائکہ تو بلا نفس کے ہیں ان اپنے اطاعت گذار اور فرمانبردار ہونے کی دلیل میں آدم کو درمیانی وسیلہ بنانا پڑا

Marfat.com

پس اے آدم تیرا کمال اور درجہ توان سے انتہائی بلند ہوگا۔

اے عزیز! تیرا پہلا سجدہ سجدہ ملائک جیسا ہونا چاہیئے۔جس میں بلاغرض نفسانی اطاعت، فرمانبرداری اور محکومی ہے۔پھر تیرا سجدہ آدم علیہ السلام کے سجدے جیسا ہونا چاہیئے۔جس میں حق تعالیٰ کی رضا کے لیے خود پر شرمندگی طاری کر کے اپنے آپ پر رونا ہی رونا ہے۔ پھر تیرا سجدہ نوح علیہ السلام کے سجدے جیسا ہونا چاہیے کہ تیرا ہر دن حق تعالیٰ کی رضا کے لیے مخلوق کی طرف سے ایذا برداشت کرنا اور ہر دن حق تعالیٰ کا پیغام مخلوق کو پہنچانا ہو۔ پھر تیرا سجدہ ابراہیم خلیل اللہؑ کے سجدہ جیسا ہونا چاہیئے جو اپنی ظاہری اور باطنی طاغوتی طاقتوں سے نبرد آزما ہو کر صرف اور صرف حق تعالیٰ کے لیے عشق کی آگ میں کود پڑنا ہوگا پھر کسی خلیل اللہ سے اپنی گردن پر چھری چلوانا ہوگا۔اسی طرح تجھے چالیس مشہور صاحب اسم پیغمبروں کے احوال سے گزرنا ہوگا۔تاکہ تو بھی مسجد اقصیٰ میں جو تمہارے اندر نفس لوامہ کا مقام ہے۔انبیاء کی صف میں کھڑا ہو کر اپنے امام کا مقتدی بن جائے اور تیرے سجدے کو کمال حاصل ہو جائے۔یاد رکھ کہ جب تک کوئی ان کا مقتدی نہیں بن جاتا سجدہ نامکمل ہی رہے گا اور وہ شخص اپنی زندگی کے وہ دن یونہی برباد کرتا رہے گا۔اپنے ماتھے کے بخت کو گھساتا رہے گا۔اب آپ یقین کے ساتھ مان جائیں کہ یہ گذشتہ واقعات نہیں ہیں بلکہ جاری و ساری ہیں،حال ہیں۔لیکن بیان میں "تھے" ہیں۔اس لیے پتہ نہیں لگ رہا کہ عشق دی نویوں نویں بہار کی تجلیات نے تجھے چمگادڑ بنا رکھا ہے چمگادڑ کے وجود سے نکل کر دیکھ كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِي شَأْنٍ کیا ہے؟ اور

اس کے انوار کیسے قلب و چشم کو روشن کر رہے ہیں۔ یقین کر کہ تو اوّل کو آخر میں دیکھے گا اور باطن کو ظاہر بھی دیکھ لے گا۔

ارادہ تھا کہ سجدہ کے متعلق مفصلاً تحریر کروں لیکن ارادہ تو اسم مرید کے زیر قدم ہے اس لیے معذور رہوں، معذرت خواہ ہوں

اب باباجی فرماتے ہیں :-

نہ رب تیرتھ نہ رب مکّے

مَیں نے صفحہ نمبر ۲ میں بتایا تھا کہ "ربّ" اللہ تعالیٰ کا افعالی اسم ہے یعنی رب کا ظہور مربوب سے ہے۔ جیسے خالق کا ظہور مخلوق سے رازق کا ظہور مرزوق سے ہے لیکن اللہ کا ظہور اللہ ہی سے ہے۔ نہ اس کی ضد ہے نہ اس کی ند ہے۔

باباجی کا اس شعر میں اسم رب لانا ایک حکمت ہے نہ کہ الفاظ کے جڑاؤ کے لیے موزوں لفظ لانا۔ اس شعر میں باباجی مخلوقِ خدا کو ہدایت فرما رہے ہیں۔ کہ تیرتھ سے مراد پانی ہے مکہ سے مراد مٹی ہے۔ جن سے آدم علیہ السلام کا وجود بنایا گیا تھا۔ اور پانی مٹی ہی ہے۔ جس سے صفتِ ربوبیت کا اظہار انتہائی نمایاں ہوتا ہے اور انسان اپنی تمام زندگی پانی اور مٹی کو ہی اپنا ربّ یعنی پالنے والا جان کر اس میں غرق رہتا ہے جب کہ ربّ نہ پانی میں ہے نہ مٹی میں۔ ایک کافی میں فرماتے ہیں۔

پانی ڈکدم کریندی یار
ماٹی کدم کریندی یار
ماٹی ماٹی کو مارن لگی
ماٹی دے ہتھیار

جس ماٹی پر بہتی ماٹی
تس ماٹی ہنکار!
ماٹی کرم کریندی یار
ماٹی باغ، باغیچہ ماٹی
ماٹی دی گلزار
ماٹی ماٹی نوں ویکھن آئی
ماٹی دی بہار
ماٹی کرم کریندی یار

ماٹی کے متعلق ایک اور جگہ فرماتے ہیں:۔

ہیں انجانی کھیڈ وگنی کھیڈاں آکے باکے جی
ایہہ کھیڈاں سب وسدیاں جھیڈاں شوہ اپنے گھر جاکے جی

تو معلوم ہوا کہ جس کے پاس مٹی پانی نہیں اس کی جدوجہد مٹی پانی کے لیے ہے جسے اس نے اپنا رب سمجھ لیا ہے جس کے پاس زیادہ مٹی ہے وہ خود کو رب بنائے بیٹھا ہے۔ جسم کی مٹی زیادہ ہونا اور خون کی صورت میں پانی زیادہ ہونا گویا رب ہونا ہے۔ اپنے آپ کو طاقت اور جسم کے غرور میں رکھ کر کمزوروں کے لیے رب ہونا ثابت کرنا ہے کہ مٹی بصورت زمین و جائیداد اور نقد و زر کے لیے خود کو رب بنائے بیٹھا ہے اور عوام ان کا حصول رب کا حصول سمجھتے ہیں۔

دہلی کے ایک بادشاہ نے کسی برہمن کا گھر بار ضبط کر لیا اور اسے حکم دیا کہ ہماری سلطنت سے نکل جاؤ۔ اب اس کے دوست برہمن سے افسوس کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ مہاراج گھر نہ رہا۔ برہمن جواب دیتا

Marfat.com

ہے کہ میرا جیبنجوں میرے ساتھ ہے ۔ کوئی کہتا ہے کاروبار نہیں رہا۔ مال نہیں رہا ۔ وہ کہتا ہے کہ میرا جیبنجوں میرے پاس ہے گویا کہ وہ دنیا کی ہر چیز کا بدل جیبنجوں ہی کو سمجھتا ہے ۔ اب آپ روزمرہ کی باہمی گفتگو کو لیں ۔ بچہ مر گیا افسوس کے ساتھ کہا کہ بچہ نہیں رہا جواب ملا اللہ تو ہے ۔ فلاں چیز نہیں رہی اللہ تو ہے ۔ گویا کچھ بھی نہ رہے ۔ اللہ تو رہتا ہے ۔ آپ نے کبھی یہ نہ کہا یا سنا ہوگا کہ اللہ نہیں بچہ تو ہے ۔ اللہ نہیں بیوی تو ہے ۔ اللہ نہیں مال تو ہے ۔ گویا اس جہاں میں ہر شے کا نعم البدل اللہ ہے لیکن اللہ کا نعم البدل اس جہاں میں کوئی نہیں اور اللہ تیرے ساتھ ہے یہ الگ بات ہے کہ تو غور نہیں کرتا اور تیرا لاشعور ہر وقت بسم اللہ پڑھتا رہتا ہے یعنی کہ ساتھ اسم اللہ کے ۔ گویا کہ اللہ کا ساتھ ہونا ہی تیری حیات ہے جس دن تیرا جسم الگ ہو گیا تجھے قبر میں پھینک دیں گے ۔ لہذا اللہ جو ہزار ہا صفات سے اس عالم کو مزین کئے ہوئے ہے ۔ اس کی ایک دو صفات کو کیوں ڈھونڈتے ہو یعنی پالنے والے کی طرف نہ جاؤ ۔ پانی یعنی حیات مٹی یعنی قدرت کی طرف نہ جاؤ یہ تو اس کے دو صفاتی اسماء کا ظہور ہے ۔ ذات کی طرف دھیان دو ۔ صفاتی طاقتیں اسی ذات کی ہیں اور جب تم ذات کو پالیتے ہو ۔ خود کو ذات میں فنا کر لیتے ہو تو پھر تم ہی معنوی ذات ہو جاؤ گے ۔ اور وہ ذات ہی ہے جو عالموں سے بے پرواہ ہے ۔ صفت تو ذات کی محتاج ہے ۔ ذات کسی کی محتاج نہیں ہے اگر سمجھ میں نہ آئے تو اپنی ماں کو دیکھ لو جو صفت ربوبیت کی مکمل تصویر ہے اگر وہ ذات جس کی وہ محتاج ہے جس کی ایک صفت ہے جس کی چھاتیاں تیرے

Marfat.com

لیے دودھ پیدا کرتی ہیں۔ اپنی توجہ ہٹالے تو تمہاری ماں کی چھاتیوں کا دودھ سوکھ جائے اور صفت ربوبیت کی یہ عمارت زیر و زبر ہو جائے۔ اب بتاؤ کہاں گیا تمہارا ربّ۔ کیا حال ہوا اس شانِ ربوبیت کا جو کہ زمین سے ظاہر تھی کہ پانی کے سیلاب نے تمہارے ربّ کو ہی نیست و نابود کر دیا۔ تمہارا ربّ جسے تم نے پانی کی شکل میں دیکھا تھا۔ قہر کی صورت اختیار کر کے تمہارا بڑا دشمن ثابت ہوا تو معلوم ہوا کہ تیرے تھ کے ربّ کو بھی ذات کی محتاجی ہے اور سکّے کے ربّ کو بھی ذات کی محتاجی ہے۔ جن کو بصورت پانی جس میں حیات ہے اور بصورت مٹی جس میں قدرت ہے ربّ سمجھ لیا تھا یاد رکھو اور محتاط رہو کہ ربّ العالمین صرف محمد رسول اللہؐ کا ہی ربّ ہے الحمد للہ ربّ العٰلمین ہیں جو تجھے ل دکھائی دیتی ہے اور محمد رسول اللہؐ کا ربّ اس لیے ربّ العٰلمین ہے کہ وہ اللہ ہے اور ہم سب الٰہ کی طرف دوڑتے۔ اسی دوڑنے ہی تو مؤذن سے ہر روز پانچ بار چھ چھ بار اللہ اکبر کہلوایا۔ یعنی چھوٹے اللہ کو چھوڑ کر بڑے الٰہ کی طرف آؤ جب کوئی انسان اپنے مادی الٰہ جس میں وہ گرفتار ہوتا ہے یعنی کہ کاروبار یا اور کسی دنیاوی شغل میں مشغول ہوتا ہے۔ اللہ اکبر سن کر دوڑ آتا ہے اور پھر تیرے مرشد برحق نے تجھ پر ایک احسان عظیم کیا ہے کہ جب تم نماز کے لیے ایک صف میں کھڑے ہو جاتے ہو تو پھر اللہ اکبر چھ دفعہ کہلوایا کہ جس طرح تم چہار اطراف سے منہ موڑ کر آ گئے ہو اسی طرح اپنے باطن سے ان چھوٹے خداؤں کو نکال دو تو تم اپنے قلب و ذہن میں لیے صفوں میں کھڑے ہو۔ اس طرح جو نماز پڑھو گے وہ اللہ کے حکم کی تعمیل ہوگی۔ ورنہ اپنا وقت برباد کرو گے۔ اور یہ

Marfat.com

ماریں تمہارے منہ پر ماری جائیں گی۔
نہ رتؔ تیرتھ سے یہ بھی مراد ہے کہ شریعت محمدی کے علاوہ تم جہاں تک بھی دوڑ لگالو تمہیں اپنے پروردگار کی خبر نہ ملے گی گویا ذات کی بازیافت نہ کافرانہ رسم ورسوم میں ہے اور نہ ہی کسی خاص جگہ کو اپنا لینے میں ہے اور یہ اس لیے کہ تیرتھ ہندو مذہب میں ایک مقدس مقام ہے جہاں جوگی سنت سادھو اپنے دھیان میں بیٹھے عبادت میں مگن نظر آتے ہیں اور عوام انہیں بھگوان کا اوتار سمجھتے ہیں حالانکہ وہ سادھو بھی ہی پوجا میں غرق ہوکر سراپا نفس امارہ بنے ہوتے ہیں۔ تیرتھ سے مراد چلتے کاٹنا بھی ہوسکتا ہے۔ لوگ کسی غرض کو مدنظر رکھ کر چلتے پہ چلے کاٹتے ہیں اور تیرتھ سے مراد یہ بھی ہے کہ بتوں سے تجھ کو امیدیں اور خدا سے ناامیدی۔ خواہ یہ پتھر کے بت ہوں یا پانی مٹی کے چلتے پھرتے بت با صاحب قوت واقتدار کے بت ہوں۔ اغلب خیال یہی ہے کہ حضرت باباجی نے وقت کے بتوں کی طرف اشارہ کیا ہے اور تنبیہہ کی ہے کہ اے مربوب تجھے جو ان بتوں میں شان ربوبیت نظر آرہی ہے، دھوکا ہے یہ تو خود محتاج ہیں اور ان کی حالت یہ ہے کہ :-

جس مائی پہ بہتی مائی ترس مائی ہنکار

لہٰذا ان کی خوشامد، چاپلوسی اور ان کی غلامی سے تجھے کچھ نفع نہیں ہوگا۔ کیونکہ بت کی صورت ایک بے جان انسانی جسم جیسی ہوتی ہے اور ہر وہ انسان جس کا قلب مردہ ہے چشم بصیرت نہیں رکھتا۔ دنیاوی حرص و لالچ بغض و عداوت، غرور و تکبر غیبت و برائی کے گرد و غبار نے اس کی انسانیت کا چراغ گل کیا ہوا ہے۔ وہ چلتا پھرتا مردہ ہے اور مردہ بے جان بت

ہے جو کسی کو بھی کوئی نفع نہیں پہنچا سکتا۔ نہ یہ کوئی صفت ربوبیت رکھتا ہے اور نہ کوئی مربوب اس سے شان ربوبیت دیکھ سکتا ہے اسی کا نام بُت پرستی ہے۔ یہ ہے :۔

نہ ربّ نیر تھ

اب اس مصرعہ کے دوسرے حصہ کو لیں۔ فرمایا :۔

نہ ربّ مکّے

پہلے حصہ میں لفظ نیر تھ لاکر مسلم قوم کی غیرت اور حمیّت کو جھنجھوڑا ہے اور حصہ میں مکّہ لاکر مسلم قوم کے ظاہری رسومات کا لبادہ اوڑھنے والوں کو تنبیہہ کی ہے۔

نہ ربّ مکّے سے یہ مراد نہ لی جائے کہ ربّ مکے میں نہیں۔ وہ کون سی جگہ ہے جہاں خدا نہیں۔ حقیقت کا عارف طالبان حق کو ایسے سراب کی نشان دہی کر رہا ہے جس سراب کے پیچھے بھاگتے بھاگتے لوگوں کی زندگیاں ختم ہو جاتی ہیں لیکن انہیں ظاہری رسوم عبادات کے سوا کچھ ہاتھ نہیں آتا۔ اور معرفت الٰہیہ کی خوشبو سے وہ محروم رہ جاتے ہیں۔

اب مکّہ کے متعلق دیکھتے ہیں، اہل اسلام پر حج فرض کیا گیا ہے۔ جو صاحب نصاب ہیں۔ لہذا ایک شخص حج پر جاتا ہے۔ یہاں ہم حاجی اور اس کی زندگی اس کے افعال و کردار اس کے ذریعہ معاش پر کچھ نہیں لکھیں گے ارکان حج میں سے ایک رکن ہی کو لے لیں کہ وہ کیا ہے اس کی حقیقت کیا ہے۔ مثلاً ہر حاجی پر فرض ہے کہ وہ شیطان کے اس مجسمے کو سات کنکر مارے جو وہاں ایک مخصوص جگہ پر نصب ہے۔

حاجی نے صرف سات کنکر مارے لیکن شیطان کئی حاجیوں کو

Marfat.com

تو حبدہ تک پہنچتے پہنچتے چاروں شانے چت کر دیتا ہے۔ اگر وہاں تک اس کا داؤ نہ لگا تو پھر جہاں اس کے چکر میں حاجی آ گیا تو ان ماری ہوئی کنکریوں کا بدلہ ضرور لے گا۔ کیونکہ حاجی نے شیطان اور کنکریاں مارنے کی حقیقت کو نہیں سمجھا۔

اے عزیز! شیطان کا مجسمہ تیرے نفس امارہ کی مثال ہے تیری ہزارہا خواہشات کا ڈھیر ہے کیونکہ غیر حق کی خواہش رکھنا مٹی کی خواہش رکھنا ہے اس لیے وہ پتھر اور مٹی کا مجسمہ بصورت باطن انسان حیوان یعنی نفس امارہ ہے۔ اب غور کریں کہ ایسے سات کنکریاں کیوں ماریں آٹھ یا چھ، کم یا زیادہ کیوں نہ ماریں۔ یا جتنی جی چاہے کنکریاں مارو۔ زیادہ مارنے والے کو زیادہ ثواب ہوگا۔ پچھلے کسی صفحہ پر میں نے حق تعالیٰ کے سات صفاتی اسماء لکھے ہیں۔ یہ اسماء اور صفات جس میں بھی ہوں گی۔ وہ بقایا ۹۹ صفاتی اسماء سے مزین ہوگا۔ نمبر ۱ اسم قدیر ہے جس کی تجلیّ سے مٹی میں قدرت کا ظہور ہوا۔ نمبر ۲ حیی ہے جس کی تجلّی سے پانی ہوا حیات ہوئی نمبر ۳ علیم ہے جس کی تجلی سے حرارت یعنی آگ ہے۔ نمبر ۴ مُرید ہے جس کی تجلّی سے ارادہ یعنی کہ "ہُوا" ہے۔ اور ان کی چار اضداد کا مجموعہ انسان ہے اور عالم خلق میں ان ہی چار اسماء سے جو کہ اللہ کے صفاتی اسماء میں شان جہان ہے۔ اب نمبر ۵ اسم کلیم، کلام کرنے والا نمبر ۶ سمیع سننے والا نمبر ۷ بصیر دیکھنے والا۔ فرعون، نمرود اور شدّاد وغیرہ کے خدائی دعوے ان سات صفات کے حامل ہونے کی وجہ سے تھے کیونکہ ان صفات ہی کی وجہ سے انسان عالم کبیر ہے یعنی کہ کُل ہے۔ اس کے علاوہ تمام عالم صغیر ہے اور جو شخص حق تعالیٰ کے ارادہ اور

Marfat.com

حکم کے خلاف کرتا ہے ان ہی سات صفات کے حامل ہونے کے غرور سے کرنا ہے لہٰذا ان کنکریوں سے مراد مشت خاک ہے گویا بندہ اپنی قدرت پر مشت خاک ڈال رہا ہے کہ میں اپنی قدرت سے دست بردار ہوتا ہے اور اس قادر کی قدرت پر بھروسہ کرتا ہوں۔ پھر اپنی حیات کے شعور سے فارغ ہوتا ہوں کہ میں علم لیقین کے ساتھ جان گیا ہوں کہ حیات اللہ تعالیٰ کے ارادہ کے ساتھ ہے۔ اور جسم جو محض مٹی ہے اس پر اللہ تعالیٰ کی نگاہ پڑی تو اس میں حیات آ گئی پھر میں اپنے ارادہ سے فارغ ہوتا ہوں۔ پھر اپنی بصر سے رہائی حاصل کرتا ہوں اور ہر وہ بندہ جو اپنی صفات سے گزر کر حق تعالیٰ کی صفات اپنا لیتا ہے وہ مُوْتُوْا قَبْلَ اَنْ تَمُوْتُوْا کا مزہ چکھ لیتا ہے پھر موت معنوی وارد ہو جاتی ہے اور پھر وہ ایسا ہے جسے صحیح معنوں میں فقیر کہا جائے کیونکہ وہ محض فقیر ہو جاتا ہے اور کچھ رکھتا ہے حق تعالیٰ سے رکھتا ہے۔ کیونکہ نہ اس کا علم رہا نہ کلام، نہ بصر نہ سماعت، جو کچھ وہ کہے گا حق ہی کہے گا۔ اس کی زبان ہو گی کلام حق تعالیٰ کا ہو گا۔ لہٰذا وہ فنا فی الصفات ہو کر فنا فی الذات کی منزل کی طرف گامزن ہو گا۔ اور ابھی حج باقی ہے۔ یہ صرف کنکریوں کا کمال ہے میں نے حج کی رسوم میں سے صرف ایک رسم کی حقیقت بیان کی ہے۔ کہ عوام الناس کے ذہن میں یہ بات بخوبی آ جائے کہ حج بہت بڑا مقصد ہے شریعت پاک کے اس حکم کی تعمیل طریقت کے بغیر ناممکن ہو گی اور طریقت کو جاننے کے لیے فکر کی ضرورت ہے۔

بہر حال ہم بابا جی کی طرف جاتے ہیں فرماتے ہیں:۔

"نہ ربّ مکّے"

Marfat.com

ظاہر ہے کہ مکہ سے مراد بیت اللہ شریف ہی ہے۔
اب دیکھنا یہ ہے کہ یہ گھر تو رب کا ہی ہے اس نے صرف ایک بار فرمایا
کہ میرا گھر ہے کیا رب آج تک اپنے گھر میں آیا ہے یا نہیں ہم کبھی
اس نے اپنے گھر میں قدم رکھا ہے جبکہ عرش معلی کو صفات کا عرش
کہتے ہیں جیسا کہ کہا گیا ہے الرحمن علی العرش استوی
تو ظاہر ہے کہ بیت الحرام بھی صفات کا گھر ہے اس کی سمت لے کر سجدہ
ذات حق کو ہی ہو گا۔ جس طرح آدم علیہ السلام کی سمت لیکر ملائکہ نے
سجدہ حق تعالیٰ کو ہی کیا تھا۔ تو معلوم ہوا کہ بیت اللہ مقصود نہیں ہے بلکہ
اللہ مقصود ہے اور گھر والا اپنی تجلیات کے ظہور سے تمام عالموں میں ظاہر
ہے لیکن از روئے ذات وہ بندہ کے قلب میں ہے کیونکہ عرش ذات
مومن کا قلب ہے۔

انبیاء و اولیاء کا فناہ فی الذات ہونا اس کی دلیل ہے اور وہ ان
انبیاء و اولیاء سے دن میں ستر بار یا عبدی سے خطاب کرتا
ہے اور ان انبیاء و اولیاء کے باطن میں سوائے حق کے اور کسی بھی شے
کی گنجائش نہیں ہوتی

در ضمیر ما نمی گنجد بغیر از دوست کس
ہر دو عالم را بہ دشمن دہ کہ ما را دوست بس
یار گندم گون ما گر میل کردی نیم جو
ہر دو عالم پیش چشم ما نمودن یک عدس (حافظ)

آخر میں فرماتے ہیں:
جس پایا تس نور الٰہ نوا۔
عشق دی نیلیوں لہریں بہا۔

## شعر

پھوک مصلّا بھن سٹ لوٹا
نہ پھڑ تسبی عصا سوٹا
عاشق کہندے دے دے ہوکا
ترک حلالوں کھا مردار
عشق دی نویوں نویں بہار

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

"پھوک مصلّا، بھن سٹ لوٹا"

شعر کا بند گو ایک ہی ہے۔ لیکن اس میں طالب سالک کو دو حکم دے رہے ہیں۔ جس میں پہلا حکم یہ کہ اپنا مصلا جلا دے۔ اہل اسلام کے سامنے جب مصلّا کا نام آئے گا۔ تو اس نام سے عوام الناس جائے نماز ہی سمجھیں گے۔ کہ نماز پڑھنے والا کپڑا یا کسی چیز کا بنا ہوا جائے نماز جس پر نمازی نماز ادا کرتے ہیں اس ضمن میں یہ شعر لکھ دینا بے محل نہ ہوگا تاکہ قارئین کے سامنے مصلّا جلانے کی حقیقت واضح ہو جائے تاکہ مصلا پر کی گئی تشریح قارئین کو بے معنی تحویل نظر نہ آئے

دیکھے جو تیری صورت کو زاہد توبہ کند از زھد و عبادت
پھینکا مصلّا تسبی جلائی جام محبت کشیدہ کشیدہ

لہذا اسی شعر کی رو سے اس شعر کے چار بند میں نے لکھے ہیں۔ حضرت بابا جی نے عوام کے لیے نہیں کہے۔ بلکہ دیدار دوست کی دولت سے سرفراز محبین کے لیے مخصوص ہیں لہذا اس میں عوام کا حصہ نہیں ہے۔ لیکن عوام کے لیے دعوت ہے۔

ہر نمازی کے لیے حکم ہے کہ اس کی نماز جو کہ معراج المومنین کا مقام رکھتی ہی ہونی چاہیئے۔ کہ وہ ذات الٰہی کا مشاہدہ کرتا ہو اور اگر کسی کی یہاں تک رسائی نہ ہو سکے ابھی راستہ میں ہی مسافر کی حیثیت سے ہو تو اسے یقین ہو

Marfat.com

کہ ذات ربّ العٰلمین اسے دیکھ ہی رہا ہے اور یہ دونوں حالتیں نماز کی حفاظت کے زمرہ میں آئیں گی کیونکہ جو لوگ اپنی نمازوں کی حفاظت کرتے ہیں وہی وارثِ انبیائے کرام ہیں۔ وارثِ نعمت الٰہی ہیں وارثِ دین ہیں۔ وارثِ جنّت ہیں۔ پارہ اٹھارواں میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔

لیکن یہ یاد رہے کہ پہلے نمازی کو نماز قائم کرنا پڑے گی۔ نمازی، نماز اور جائے نماز، اور نماز کے متعلق احکام کو قائم کرنا ہوگا اور جو شخص نماز قائم کر سکے گا۔ یقیناً وہ اس کی حفاظت کر لے گا۔

اور یہ حکم اسے ہی دے رہیں کہ جو نمازی نماز کی حفاظت کرنے اور محفوظ کرنے کے مقام پر پہنچ گیا ہو اور جب کہ تجھے مشاہدہ ہو گیا ہو تو ریاکاری کی نماز اور سامانِ نماز کو پھونک دے یعنی کہ عشق کی آگ میں جلا دے۔ اب تجھے ان اسباب کی صورت میں اسباب کی طرف دھیان نہ دے کیونکہ جس کا ذکر کر رہا تھا جسے یاد کر رہا تھا جس کے لکھے خط پڑھ پڑھ کر دہرا رہا تھا وہ تو اب تمہارے سامنے ہے۔ اب ان اشغال کو چھوڑ کر اس کی دید میں مست ویے خود ہو جا اب تجھے مصلاّ کا علم، نماز کا علم اور اپنے شعور شعار کو ذات میں گم کر دینا چاہیئے۔ اس کی تجلیات میں سب کچھ جلا ڈالنا چاہیئے۔ تو معلوم ہوا کہ یہ وہ مصلاّ ہے جس کے نام اور صورت سے ہم نماز کا تصور کر لیتے ہیں۔ اس مصلاّ سے مراد مقام و مرتبہ دینی و دنیاوی ہے لہذا دنیا و عاقبت کی خواہشات کو جلا ڈالنا چاہیئے تاکہ تجھے ابراہیم خلیل اللہ کے دستی والا مصلاّ دیا جائے تاکہ تیری

Marfat.com

نماز کو ہمیشگی حاصل ہو اور تیری آنکھوں کی ٹھنڈک بنے۔

بھن سٹ لوٹا۔ عارف الٰہی و وارث دین مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا وجود مسعود تمام عالموں کے لیے رحمت عام ہوتا ہے سایۂ رحمت اللعالمین میں بسنے والوں کے لیے رحمت خاص ہوتا ہے لہذا عوام الناس میں سے جن کو دولت ایمان حاصل ہے اور وہ لوگ جو کہ ولایت ایمان حاصل کرنے کے بعد ولایت سلطان کی طرف فطرتی طور پر حسرت بھری نگاہوں سے دیکھ رہے ہیں اسی سفر کا پورا بند ہے۔ لیکن اس میں پہلے لوٹا توڑنا ہوگا۔ فرماتے ہیں کہ تو نے باوضو رہنے پاک رہنے کے لیے لوٹے پانی کو قائم کر لیا پھر تو نے نماز کی ادائیگی کے لیے جائے نماز بھی قائم کر لی۔ گویا کہ تیری نماز بحکم الٰہی قائم ہو گئی جیسا کہ حکم ہے کہ نماز کو قائم کرو۔ نماز کا قائم کرنا چند شرائط کے ساتھ ہوگا۔ اوّل وقت کا پانا۔ دوئم اول وقت نماز کی تیاری سوئم طہارت وضو چہارم جماعت کا قائم کرنا نماز کی جگہ جو کہ پاک ہو اور خود بھی پاک ہو۔ اور پاک چیز پر یعنی کہ مصلّا پر یا کپڑے پر پڑھنا علیٰ ہذا القیاس نمازی کی نماز قائم ہو جاتی ہے تا وقتیکہ وہ کم از کم چالیس (۴۰) دن تکبیر اولیٰ کے مطابق نماز ادا کرے تو اس کی ترتیب قائم ہو جائے گی۔ نماز قائم کرنے کے بعد نماز کی حفاظت کرنیکا حکم ہے۔ یہ حفاظت کیا ہے؟ نماز کی تشریح شعر نمبر ۶ میں آئے گی شریعت پاک نے نمازی کی نماز کی حالت میں مختلف قسم کے خیالات و وساوس آنے پر نماز کو فاسد قرار نہیں دیا۔ بلکہ نماز ہو جاتی ہے لیکن یہ یاد رہے کہ پوری زندگی اس حال میں گزارنے کی اجازت نہیں گو ایک نمازی کی نماز تو ہوتی رہے گی لیکن وہ حق تعالےٰ کے بے پایاں محبت کے سمندر سے ایک قطرہ بھی حاصل نہ کر سکے گا اور آخر کار وہ شخص مسجد کا کوستی بن کر رہ جاتا

Marfat.com

گا۔ جوکہ مسجد میں گرز جھاڑتے وقت کسی نمازی کا خیال نہیں کرتے اور ہر وقت لوک ٹوک میں مصروف رہتے ہیں۔ ان کے دل سخت ہو جاتے ہیں اب ایک اشارہ سمجھ لیجئے کہ آپ چالیس (۴۰) برس سے نماز پڑھ رہے ہیں۔ آپ کا بیٹا جس کی عمر ابھی بمشکل دس بارہ برس کی ہے اور جس نے ابھی نماز شروع ہی کی ہے اگر آپ دونوں باپ بیٹا ایک مصلّٰی پہ نماز ادا کرتے ہیں۔ لیکن نماز کے دوران آپ وساوس دخیالات میں دکانداری کرتے ہیں۔ کئی ایک جگہوں سے پھر پھرا کر آ جاتے ہیں اور اسی طرح آپ کا دس بارہ لڑکا نماز کی حالت میں اپنے خیال میں پتنگ بازی کرتا رہتا ہے تو آپ انصاف کریں کہ نماز کس کی ہوئی۔ نماز کی عمر تو باپ بیٹا کی ایک ہی ہوگئی حالانکہ آپ چالیس برس سے بہت مشہور ومعروف جماعتی ہیں۔ ماتھے پر محراب بھی بہت تگڑا بنا ہوا ہے۔ تیری ایسی نماز سے معلوم ہوا کہ نماز کا وجود ہی نہیں ہے اگر وجود ہوتا تو ہر وجود کو تغیر وتبدّل ہے۔ آپ کے ظاہری وجود کی طرح نماز کا وجود بھی بڑھتا گھٹتا۔ لہذا جس کا کوئی وجود نہ ہو تو اس کی جزا وسزا کیا ہوگی۔ تو معلوم ہوا کہ آپکی نماز ایک وہمی نماز ہے کیونکہ قوت واہمہ کی بنائی گئی صورتوں کا وجود نہیں ہوتا وہم اور خیال سے انسان اپنے باطن میں کئی برائیاں بھی کر لیتا ہے تو اس کا یہ مقصد ہوا کہ جس طرح وہمی نماز کی جزا کی امید میں واہمی نمازیں پڑھتے چلے جا رہے ہیں اسی طرح خیالی اور وہمی طور پہ کئے گئے گناہ کا عذاب بھی ہوگا۔ عذاب یا سزا ایسی برائی پہ ہوتا ہے جس کا وجود ہو لہذا اجر اور ثواب بھی اسی نیکی کا ہوگا جس کا وجود ثابت ہے اور آپ کی چالیس برس کی پڑھی گئی نماز کا وجود ایک دس سالہ بچے کی نماز کے وجود کے برابر

Marfat.com

ہے اس لیے باباجی تیری اس حالت کو دیکھتے ہوئے تجھے تیرے حال کے مطابق تنبیہہ کر رہے ہیں۔

اس مصلا اور لوٹا کو پھینک دے اور باطنی طہارت یعنی کہ دائمی وضو کرو اور اپنی وہمی نماز کو مصلا، وقت اور رسومات کے علاوہ ہر وقت باطنی اور ظاہری نماز کے کوشش کرو کیونکہ قبر میں نہ ہی تمہیں مصلا ملے گا اور نہ ہی وہاں پانی یا پانی کے اسباب میسر ہوں گے۔

ایک بند میں حضرت باباجی نے ظاہری عبادات اور ظاہری طہارت کی مذمت کی ہے انسان اشرف المخلوقات ہے اور بلند مراتب پر ایسی صورت سے فائز ہو سکتا ہے کہ اس کا ظاہر و باطن ایک ہو۔ اور ہر وہ شخص جس کا ظاہر و باطن ایک ہوگا۔ مخلوق کے لیے وہی آدمی کارآمد ہوگا۔ کیونکہ نماز کا مقصد نمازی بننا نہیں ہے بلکہ زکوٰۃ کی ادائیگی اور معراج مصطفےٰ[۲۱] کی تصدیق ہے۔ آپ قرآن پاک میں دیکھیں کہ جس جگہ صلوٰۃ کا ذکر آیا ہے ساتھ ہی زکوٰۃ کا ذکر ہے۔ عوام الناس نے زکوٰۃ کے حکم کو جو کہ ہر صلوٰۃ کے ساتھ ہے۔ سال میں صرف ایک ہی بار کا عمل کرنا سمجھا اور وہ بھی اس لیے کہ اڑھائی فی صد سے زیادہ نہ بڑھ سکے۔ اس کی کیا وجہ ہے۔

خلیفہ منصور کے دربار میں حضرت مولانا ابوبکر شبلی رحمۃ اللہ علیہ جو کہ حضرت شیخ المشائخ سلطان الطائفہ جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کے خلیفہ اور حضرت مخدوم سید علی بن عثمان جلالی الہجویری عرف داتا گنج بخشؒ لاہور کے پردادا پیر تھے، سے زکوٰۃ کے متعلق سوال کیا گیا تو فرمایا کہ جس نے دنیا کو پسند کیا اس کے لیے ٪۲٫۵۔ اور جس نے عاقبت کو پسند کیا اس کے لیے ٪۹۷٫۵ اور جس نے حق تعالیٰ کی طلب رکھی اس کے پاس اگر ۱۰۰ روپیہ جمع ہو جائے تو اسے ٪۲٫۵

Marfat.com

بجبرعا نہ کیا جائے۔

اب مقام فکر ہے کہ یہ دولت ہم کیوں نہ حاصل کر سکے۔ اس کی وجہ صرف یہ کہ ہم صفت ربوبیّت کی پہچان نہ کر سکے۔ جب اس رب کی پہچان ہی نہ کر سکے تو حق عبودیّت کیسے ادا کر سکیں گے اور یاد رکھو ان ہی دو چیزوں کی طلب ہو گی۔ ایک معرفت حق اور دوسرا حق عبودیّت۔ اے عزیز یاد رکھ حق عبودیت صرف دو خصلتوں کے پیدا ہونے سے ہو گی ۱۔ ظاہر و باطن میں حق تعالیٰ کے ساتھ صدق اختیار کیا جائے اور حضور نبی کریم کی مکمل تقلید کی جائے اور سچے طالب حق کی ایک دن میں چالیس حالتیں بدلتی ہیں۔ جھوٹا ریاکار چالیس برس تک ایک ہی حالت میں رہتا ہے۔ آپ نے فرمایا :-

نہ پھڑ تسبی عاصا سوٹا

تسبی سے مراد وہ تسبیح ہے جو کہ سو دانہ کی ہوتی ہے اور عوام اسے پکڑ کر اس پر اپنی دنیاوی تکالیف کو دور کرنے کے لیے کوئی نہ کوئی کلام کا ورد ایک مقرر شدہ وقت میں کرتے ہیں کہ فلاں بزرگ نے یہ کلمہ یا یہ آیت کی ایک تسبیح کرنے کے لئے فرمایا تھا کہ تیرا قرضہ اتر جائے گا تیرے دشمن مغلوب ہو جائیں گے تیری دنیا اچھی ہو جائے گی۔ یہ تسبیح پڑھو اس سے خالق کائنات مسخر ہو جائے گا۔ اور جس وقت وہ تمہاری تسخیر میں آجائے تو اس سے جو مانگو گے مل جائے گا۔ علی ہذا القیاس تسبیح کے ہر دانے کے ساتھ ایک ایک ہزار خواہشات کے دانے لگے ہوئے ہیں اور تیرا النفس تجھے ان ہی چکروں میں الجھائے رکھتا ہے۔ اے عزیز! میں تمہیں سختی سے متنبہ کرتا ہوں کہ عاصا یعنی کہ کسی کا دیا ہوا سہارا کسی

Marfat.com

بھی قسم کا۔ جس کا تعلق اس دنیا سے ہو قبول نہ کر یہ جو تمہیں عاصا دیا جارہا ہے بیٹے تو کلیم اللہ نہیں ہے لہذا یاد رکھ یہ تیرے فرعون نفس کی طرف سے تیری ہزار ہا خواہشات کی رسیاں ہیں۔ یہ ظاہر میں عاصا باطن میں اژدھا ہے اسے کبھی نہ پکڑنا کیونکہ جب تک تو کسی شعیب کی آٹھ دس سال غلامی نہ کرلے گا تب تک تیرے ہاتھ میں آیا ہوا نور بھی تار ہوگا اور تیرے ہاتھ کا عاصا بھی اژدھا ہوگا کیونکہ تو اپنے نفس کا غلام ہے کسی شعیب کا غلام نہیں ہے اور سوٹا یعنی کہ اپنے عقل وہمی اور نفسانی علم سے اپنے آپ کے لیے کوئی سہارا نہ بنا۔ یاد رکھ۔ یہ انبیاء کا کام ہے جس کا ہر فعل زیر حق ہے اور یہ باطن میں حق کے ساتھ ایسے ہوتے ہیں کہ جو وہ کرتے اور کہتے ہیں۔ حق ہی فاعل ہوتا ہے لہذا امر و نہی میں اپنی عقل و علم سے کسی قسم کی دخل اندازی نہ کر کہ اگر ایسے کروں گا شاید ایسے ہو جانا اسے کر دیتا تو ایسے کروں گا ایسی امید بھی مت باندھ۔

عاشق کہندے دے دے ہو کا

اس شعر میں قابل ذکر لفظ عاشق کا ہے۔

آپ کسی بھی شخص کو اس کی کامیابی اور حاصل مراد کا ذریعہ پوچھیں گے تو وہ اپنا وہی قول و فعل بیان کرے گا جس کے کرنے سے وہ اپنی منزل پر پہنچا ہو گا۔ مثلاً اگر آپ کسی اکاؤنٹ افسر کو پوچھیں کہ آپ اکاؤنٹ افسر کس طرح بن گئے۔ تو اس کا جواب یہ ہوگا کہ میں نے کئی برس اکاؤنٹ کا مضمون پڑھا۔ بی کام کیا پھر پانچ چھ برس محنت کی تو سی اے (C.A) کر لیا۔ کسی ڈاکٹر کو پوچھیں گے تو وہ بھی کچھ اسی قسم کا بتائے گا۔ کسی انجینیئر کو پوچھیں گے تو وہ بھی وہی نسخہ بتائے گا جس کے کرنے سے وہ انجینیئر بن گیا۔ اسی

طرح اگر آپ کسی عاشق سے پوچھیں گے۔ تو وہ یہ کہے گا۔ کہ تمھیں یاد ہوگا کہ میرا نام تو یہ ہے لیکن میں بھی کسی کے عشق میں گرفتار ہو گیا تھا۔ آپ لوگوں کے ساتھ دینی و دنیاوی کاموں میں بھی مشغول رہا لیکن باطن میں اپنے معشوق کے ساتھ رہتا تھا گویا کہ شب و روز اسی کا خیال اسی کا ذکر اسی کی صورت تھی بلکہ عشق کی آگ ایک عرصہ میرے باطن میں سلگتی رہی آخرکار شعلہ بن گئی اور اس کے عشق کے شعلہ نے میری ہر خواہش کو جلا دیا۔ سوائے معشوق کی طلب کے دنیا و آخرت میں مجھے کسی بھی شئے کے ساتھ کوئی نسبت نہ رہی یہاں تک ہوا کہ میں اپنے آپ کو بھول گیا اور گم ہو گیا لیکن یار تمھیں یاد ہوگا کہ تم لوگ مجھے میرے نام سے یاد کرتے اور پکارتے تھے۔ عاشق کوئی نہ کہتا تھا لیکن جس وقت معشوق نے میری طرف توجہ کی اس کے دل میں میری محبت کا چراغ روشن ہوا تو میں دنیا میں عاشق مشہور ہو گیا۔ لہٰذا ہر عاشق معشوق کی تجلّی سے ہی عاشق ہوتا ہے اور عاشقوں کی صف میں آتا ہے جب تک معشوق کے دِل میں عاشق کے عشق کا شعلہ نہ بھڑک اٹھے تب تک کوئی عاشق عاشق نہیں ہوتا کیونکہ یاد کی انتہا مذکور کے دِل پر جب روشن ہوتی ہے۔ فَاذْكُرُونِي اَذْكُرْكُمْ والا معاملہ ہوتا ہے۔ تو معشوق عاشق ہو جاتا ہے لہٰذا عاشق لوگ باآوازِ بلند اس خلق میں کہہ رہے ہیں کہ ہماری کامیابی کا راز اس میں ہے کہ:-

ترک حلالوں کھا مردار
عشق دی لوڑیوں لوڑ بہار

اس شعر میں دو حصوں کا بیان ہے۔ ایک ترک حلال کا اور دوسرا مردار کے کھانے کا یعنی کہ حلال ترک کرو اور حرام کھاؤ۔ اس ضمن میں حافظ شیرازی

Marfat.com

بھی کچھ یوں فرماتے ہیں :-

ترسم کہ صرفہ نبرد روز باز خواست
نانِ حلال شیخ ز آبِ حرام ما

یعنی کہ مجھے اس بات کا خوف ہے کہ بروز حشر زاہد کا حلال نان میرے حرام پانی پر جو کہ میں پیتا ہوں غلبہ نہ کر سکے گا یعنی کہ مغلوب ہوگا اور کمزور ہوگا۔ اب ہم حرام کو جس کو کھانے کے لیے کہہ رہے ہیں اِسے دیکھیں کہ یہ کیا ہے ؟

آپ کسی برتن میں حرام شے رکھ دیں پھر اس میں حلال اشیاء ڈال کر اس میں سے کھاتے رہیں تو کیا وہ اشیاء جو آپ کھا رہے ہیں حلال ہیں۔ اس حرام شے سے مل کر پاک ہو جائیں گی ؟ کیا حلال رہیں گی ؟ مثلاً آپ ایک برتن میں کتے کی ہڈی رکھ دیں تو کیا اس میں دودھ ڈال کر پی لیں گے ؟ کبھی نہیں بلکہ اس میں دودھ ڈالنے سے پیشتر ہڈی نکال کر باہر پھینکیں گے۔ اور اس برتن کو حق تعالیٰ کے نام سے پاک کریں گے۔ اور اگر وہ کتے کی ہڈی برتن ہی میں رہے اور آپ اس برتن کو پاک اور حلال کرنے کے لیے پورا قرآن بھی پڑھ لیں تو کیا وہ حلال ہو جائے گا ؟ نہیں نہیں بالکل نہیں۔ وہ مردار ہے۔ مردار ہی رہے گا۔ اور اس برتن میں ڈالی گئی ہر چیز حرام ہوگی تو معلوم ہوا کہ جس برتن میں مردار پڑا ہو نہ تو اسے سمندروں کے پانی پاک کر سکتے ہیں اور نہ ہی اس پر ہزار بار پڑھے ہوئے قرآن پاک کر سکیں گے۔ اب سنئے اور اپنے اندر مشاہدہ کر لیں تاکہ حضرت بابا بُلھا شاہ کا فرمان تیری رگ رگ میں سما جائے وہ برتن تیرا نفس امارہ

Marfat.com

ہے اور اس میں سے کُتّے کی ہڈی یعنی کہ مردار خواہشات غیر حق ہیں جن کی صورتیں یہ ہیں تکبّر، حسد، بخل، غصّہ، بغض، کینہ، جھوٹ، لالچ، جھوٹا الزام، غیبت اور بد دیانتی۔ ان کو ریاضت ظاہری اور باطنی توجہ سے یہ اخلاق رذیلہ کو ختم کرتا چلا جا اور یاد رکھ جب تک یہ کتّے کی ہڈیاں اس میں موجود رہیں گی تیرا یہ حلال مردار ہوگا حرام ہوگا اور جس وقت ان ہڈیوں سے تو پاک ہوگا تو یہی نفس امارہ، لوامہ اور نفس مطمئنہ ہوگا۔ اے عزیز! اس جہاں میں جیسے کہ شیطان اور ملائکہ بہشت اور دوزخ قہر و غضب اور لطف و کرم یکجا ہیں اس طرح یہ تمام کیفیات تیرے باطنی حالت کا ظہور ہیں اور نفس امارہ کی مخالفت ہی حق کا پالینا ہے اور جب تک تو اپنی عقل و علم سے یعنی کہ اپنے نفس کی خواہشات کے تحت چلتا رہے گا۔ کبھی بھی حق کا راستہ نہیں پائے گا۔ اور آخر کار ان صفات رذیلہ کا خاتمہ شراب عشق سے ہی ہوگا۔ اور یہ شراب عشق عقل والوں اور نفسانی علم والوں کے نزدیک حرام ہے۔

نقدِ دل کہ بود صرف بادہ شد
قلب سیاہ بود ازاں در حرام رفت

اور یہ مردار یعنی حرام اتنا بڑا ظالم ہے کہ ایک غزوہ سے حضورؐ جب فارغ ہوئے تو فرمایا کہ اب ہم بڑے جہاد کی طرف رجوع کرتے ہیں۔ یہ وہ ظالم نفس ہے کہ حضرت سیدنا یوسف علیہ السلام نے برملا یہ کہا کہ میں اپنے نفس کو بری قرار نہیں دیتا مگر میرا رب جب تک مجھ پہ رحم نہ کرے۔ یہ نفس امارہ حرام مردار وہ ہے کہ حضرت داؤد علیہ السلام کو وحی ہوئی۔ اے داؤد اگر تو میری قربت چاہتا ہے تو نفس کے خلاف جہاد میں مصروف ہو جا۔

Marfat.com

یہ وہ نفس ہے مردار ہے حرام ہے کتا ہے اس کو سدھانے کے لیے
اسے لطیف کرنے کے لیے اس میں سے صفاتِ رذیلہ دُور کرنے کیلئے
ایک صاحبِ علم و عمل و عزوجاہ و سیدزادہ حضرت بابا بلھا شاہ صاحب
نے طوائف کا لباس پہنا اور سرِ بازار اپنے مرشد کے سامنے رقص کیا تاکہ
اس میں نہ خودی رہے اور نہ خدائی۔

بندۂ درویشاں صوفی محمد الدین چشتی نظامی قصوری قارئین کی خدمت
میں عرض کرتا ہے کہ فقراء کے اقوال و افعال کو حسنِ ظن سے دیکھنا نہ کہ خوشہ
چیں بن جاؤ۔ نقطہ چیں کے ہاتھ سوائے کانٹوں کے اور کچھ نہیں آنے گا

Marfat.com

شعر نمبر 4

ہیر رانجھے دے ہو گئے میلے
بھلی ہیر ڈھوڈیندی بیلے
رانجھا یار بُکل وِچ کھیلے
ہوش نہ رہیا سرت سنبھال
عشق دی نویوں نویں بہار

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت بابا بلھا شاہ صاحبؒ ان اشعار میں کیا گیا مجاہدہ اور مجاہدے کا رخ اور مقصد و ماحصل بیان فرما رہے ہیں۔

یہ اشعار نیچے سے اوپر کی طرف لیے ہی ہیں جس طرح آیتہ کریمہ کہ اطاعت کرو اللہ کی اس کے رسول کی اور صاحب امر کی جو تم میں سے ہو گویا کہ مقصود و مطلوب حق ہی ہے لہٰذا اطاعت بھی اسی کی ہے لیکن طالب حق کو صاحب امر ہی کی اطاعت کرنا ہو گی اور صاحب امر وہی ہو گا جو اوصافِ نبوتّ کا حامل ہو گا جو نبوت کے باطنی احوال یعنی ولائت سے مزین ہو گا۔ جسے عرف عام میں ولائت کبریٰ کہتے ہیں لہٰذا یہی اطاعت حق ہو گی اگر اس آیت شریفہ کو اوپر سے لیا جائے جس طرح ایک گروہ اطاعت کو پہلے ذات باری مقدم جانتا اور سمجھتا ہے تو اس گروہ کو صاحب امر کی اطاعت کا صحیح ادراک نہ ہو سکے گا لہٰذا صاحب امر تک رسائی نہ ہو گی تو حقیقت میں یہ گروہ اپنے احوال اور اپنی طریقت سے انبیا علیہ السلام کی حیاتِ معنوی پر یقین نہ کر سکے گا اور اگر یقین رکھے گا تو صرف انبیا علیہ السلام کو خبر دینے والوں سے زیادہ حیثیت نہیں دے سکے گا اس کے برعکس دوسرا گروہ جو کہ اطاعت صاحب امر کو اطاعتِ رسول و اطاعت حق ہی جانتا اور سمجھتا ہے ان کے معاملہ کچھ اور ہے بہر حال یہ ایک پیچیدہ اور دقیق رفقہ

ہے جو کہ علمائے کرام کے بس کا روگ ہے۔

ع ہیر رانجھے دے ہو گئے میلے

اس مصرعہ میں سالک مقصد پا لینے کی خوشی کا اظہار کر رہا ہے گویا کہ خوشی سے کہہ رہا ہے کہ وصال ہو گیا، مطلوب و طالب کا میل ہو گیا۔ جس وقت تجلیٔ ذات نے مجھے مجنوں و دیوانہ بنا کر میرے ہوش و حواس سلب کر لیے تو میں اس ذات کو تلاش کرنے کے لیے دیوانوں کی طرح جنگل بیلا میں مارا مارا پھرتا رہا۔ حالانکہ میرا مطلوب میرے اندر ہی تھا۔ جس نے میرے وجود کا پردہ بنا کر صفات کی ہزارہا تجلیات کا کھیل رچایا ہوا ہے اور میں اسے پانے کے لیے باہر ڈھونڈتا رہا۔

اے عزیز! وہ ذات جو کہ حیّ و قیوم ہے اور لطیف ترین حقیقت ہے کیا اس کو فانی شعور پا سکے گا۔ نہیں بالکل نہیں۔ کیونکہ فانی کے لیے باقی کا ادراک حاصل کرنا ناممکن ہے۔ اس لیے کہ شعور کے بعد پھر لاشعور ہے جو کہ خود حقیقت کا حجاب اور برزخ ہے۔ لاشعور کے بعد ایک اور لامتناہی سلسلہ ہے اور اس کے درمیان میں لاشعور کا پردہ ہے۔ در آنحالیکہ لاشعور سے نکلنا علم و عمل و عقل و مجاہدات کے بل پر ممکن نہیں بلکہ اس کا ایک اور ہی راستہ ہے اور وہ راستہ عشق ہے جو کہ شعوری اور لاشعوری جبلتوں کو ختم کر کے انسان کو لاشعور کے قبضہ سے رہائی دلا سکتا ہے۔ یہ جبلتیں انسان کے اندر کروڑوں سال پرانی ہیں۔ جب ان جبلتوں سے رہائی حاصل ہو گی تو پھر اس کا مقام روح ہے۔ ہم جانتے ہیں کہ روح کے مدرک ہونے کے بعد حقیقت آشکار ہو جاتی ہے۔ لیکن قیام ناممکن ہے۔ کیونکہ تیری روح کے اوپر ایک انفرادی روح ہے۔ جب انفرادی روح کا رُخ روحِ کُل کی

Marfat.com

طرف ہوگا تب جا کر تجھے روحِ کُل کی حقیقت کا علم ہوگا جس سے مزید پردے اٹھنے شروع ہو جائیں گے لیکن اس میں بلا قیام بحرِ حقیقت کی وُسعت کیسے نصیب ہو۔ وہ تو ستر ہزار پردوں میں مستور ہے۔ یہ یاد رہے کہ یہ خیال و وہم، شعور و شعار، علم و عمل کی بات نہیں جس پر تو دسترس حاصل کر سکے۔ یہ تو ایک واردات ہے جس کے بیان کے لیے الفاظ نہیں۔ اسے وہی جانتا ہے جس نے اس بیلے میں رُخِ حقیقت کے لیے خاک چھانی ہو۔ اس لیے پھر سمجھ لیں کہ یہ عقل و فہم، نفس و قلب کے منازل سے اوپر والی بات ہے۔ حقیقت کا عرفان ہے اور یہ مَنْ عَرَفَ نَفْسَہٗ ہے جس کا انجام فَقَدْ عَرَفَ رَبَّہٗ ہی ہوگا۔

حضرت باہو سلطانؒ ایک شعر میں یوں بھی فرماتے ہیں۔

تن من پی پیارا ہویا، میں تا ہنگ پیا دی راکھاں
سیتو نی ہُن کی آکھاں

ہوا نہ تجھ سے جدا اور جدائی نہ گئی
بحرِ وحدت کے تلاطم نے مجھے حباب کیا (شوقی)

تشنگی، تجسس، تڑپ اور فرقت کی آگ بھڑک اٹھی جبکہ جان ہی جانِ جاناں کا پردہ بن گئی تو جانِ جاناں کو کیسے دیکھے۔ لہٰذا یہ وصال میں ہجر کی حالت ہے۔ کیونکہ رویتِ محمدی کو جب کبھی شعور و فہم کے ساتھ دیکھنا چاہا تو تعینات کے ہزارہا پردے حائل ہو گئے اور جب اپنے تخیل، اپنے وجود اور اپنی جان سے الگ ہو کر دیکھا تو کہا

تن من پی پیارا ہویا، میں تا ہنگ پیا دی راکھاں
گویا کہ تعینات کے پردے میں ہجر اور فراق ہے۔

Marfat.com

جسمانی اور مادی عشق عمر ختم ہونے کے ساتھ ہی ختم ہو جاتا ہے کیونکہ یہ محبت فنا ہونے والی اشیاء سے تھی لہذا محب بھی فانی، محبت بھی فانی اور محبوب بھی فانی اور یہ فنا اس لیے ہوئی کہ محبوب فانی ہے۔ محبت کو دوام اسی حالت میں ہو سکتا ہے کہ محبوب کو دوام حاصل ہو۔ مرکزِ حُسن کو دوام حاصل ہو اور یہ مرکزِ حسن حقیقت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم ہی ہے جس کی ضیا پاشیاں ہر حُسن کے روپ میں جاری ہیں۔ لہذا مظہرِ کامل سے زیادہ اکملیت کس انداز میں پاؤ گے؟ کیونکہ تم خود وجود سے ہو اس لیے اپنے شیخ ہی کو آئینہ بناؤ۔

اے عزیز یہ یاد رہے کہ حقیقت رسول اللہ، حقیقت شیخ اور تمہاری حقیقت ایک ہی ہے۔ انہیں جدا نہ جانو۔ کیونکہ یہ نسبت کی بات ہے۔ اس توحید کو اپناؤ اور اس کا لطف حاصل کرو۔ یہ رحمت کی طلب ہے۔ صاحب رحمت کو دیکھنا ہے۔ صاحب رحمت کی طلب رکھنا ہے۔ اس اندازِ فکر سے تم خود رحمت ہو جاؤ گے۔ کیونکہ نورٌ علیٰ نور کی طلب میں خود نورٌ علیٰ نور ہو جانا ہے۔ اس رحمت کو اپنے غائب میں پانا ہے اور جب اس رحمت کو اپنے غائب میں پاتا ہے تو اپنا وجود اس رحمت میں گم کر دیتا ہے اپنے غیب میں اسے سما لیتا ہے۔ اب اس جسم کے ہزار ٹکڑے بھی کر دیئے جائیں تو بھی محبوب سے علیحدہ نہیں۔ جیسے کہ خواجہ خواجگان عطائے رسول ولی الہند حضور سید معین الحق والشرع الدین حسن چشتی اجمیری رحمۃ اللہ علیہ کے وصال پر ان کی پیشانی پر حاضرین نے صاف لکھا ہوا دیکھا کہ

حَبِیْبُ اللّٰہِ مَاتَ فِیْ حُبِّ اللّٰہِ

حبیب، حبیب سے جا ملا۔

عشق کے لیے صداقت چاہیئے اور آتش عشق کے لیے اپنا وجود بطور ایندھن دیوانگی کی بات ہے۔ استقامت اور بھروسہ و ایمان کامل و مکمل اور یہ مقدور و کرم کی بات ہے۔ روح کے مقام سے اٹھا دینے والی بات ہے اور جب اٹھا لیا جاتا ہے تو نرملا پکار اٹھتا ہے۔

۵ کوٹھے تے چڑھ کتن لگی میرا لگ گیا اکھ مٹکا کڑے

مقام جبروت حاصل ہوگیا۔ محبوب نے نواز لیا۔ اَنَا دوحی کی کیفیت حاصل ہوگئی۔ روح کُل کا ادراک ہوگیا۔ پھر اس "مَیں" کی سمجھ آ جاتی ہے جس نے تمہیں سنبھالا ہوا ہے۔ یہی "اَنا روحی" والی بات ہے۔ جس کی "نہیں" ہی ہے۔ جس کو قیام ہے۔ یہ سب میں کی تجلّی ہے۔ اس رحمت کی تجلّی سے جسے رحمت عالم کہتے ہیں۔ یہی "میں"، میرے غیب میں ہے جس کے لیے مَنْ عَرَفَ نَفْسَہٗ کا حکم تھا۔ اسی لیے تو ایمان بالغیب اسلام کا بنیادی پہلو قرار دیا گیا۔ ایمان بالغیب رکھنے والوں کو پاک، متقی، پرہیزگار، نیکوکار اور صالحین میں سے قرار دیا گیا۔

حضرت کے ان اشعار کی تشریح اتنی واضح اور اتنی آسان ہے جس کا اظہار مشکل ہے۔ کیونکہ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْض کی تجلیات میں کیا بیان ہو سکے۔ اور پھر موج در موج جہاں کہ حباب کا ٹھہراؤ نہ موتی کو قیام، نہ کف کے پاؤں ٹکیں۔ تو یہ ایک ناکارہ صوفی محمد الدینؒ چشتی نظامی قصوری کیا بیان کرے اور کس طرح بیان کرے۔ کیونکہ یہ معاملات اپنی انتہائی عریانی کے سبب انتہائی پنہاں ہیں۔ ہزار ہا کوشش کے باوجود سوائے برزخ شیخ کے اور کیا نشان بتاؤں جو کہ حضرت بُلھا شاہ کی نظر میں نثوہ عنایت ہے اور آپ کی نظر میں شاہ عنایت قادری آرائیں لاہور والے ایک بزرگ

ہیں۔ یا آپکی نظر میں ضلع ہوشیار پور کے ایک پٹھان جن کا نام علی محمد خان صاحب ہے۔ جن کا قیام پاکپتن شریف میں ہے۔ جو کہ سلسلہ چشتیہ کے مشہور بزرگ ہیں۔ لہٰذا آپ ہی انصاف کریں کہ اس سے زیادہ کیا بیان کر سکتا ہوں۔ بہر حال اس "میں" کا کھلنا فتح الغیب ہے۔ گویا کہ فتح کا کھلنا ہے۔ بندگی کا پردہ اُٹھنا ہے۔ جیسے سُنا ہے، جیسے دیکھا ہے وہ غائب نہیں۔ غیب وہ ہے جس پر یقین ہو کہ "ہے" اور اس عالم میں سب سے زیادہ یقین کامل جس پر ہو سکتا ہے۔ وہ "ہے" ہی ہے۔ وہ "میں" ہے۔ اپنی "میں" ہے۔ کیونکہ اس جہاں میں ان دیکھی اشیاء پر گمان کیا جا سکتا ہے۔ مگر یقین واثق اپنی "میں" ہی ہو گی۔ جو کہ غیب میں ہے پر ایمان اتنا ٹھوس اور مکمل ہے کہ انسان اپنی زندگی اسی یقین پر گزار دیتا ہے۔ تو معلوم ہوا کہ ذات کے عرفان کا راستہ اپنے اندر ہی ہے۔ لیکن جب تک وجود کے حبس سے جیتے جی رہائی نہ ملے۔ بصیرت روح کامل حاصل نہ ہو، اپنا آئینہ صاف نہ ہو، عقل و نفس اور حواس کے پھندوں سے نجات حاصل نہ [illegible] سے نقاب کشائی نہ ہو گی۔

اور پھر اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ تک رسائی ہو جائے گی اور یہ وہ حقیقت ہے جو کہ بصورت ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ کا انکشاف تیرے اندر کا ہے اور یہ یاد رہے کہ توحید کی نشاندہی اَحَدٌ اللّٰہ میں ہے لیکن اس کی تصدیق ھُوَ اللّٰہ میں ہے جو کہ ہر شئے کا باطن در باطن ہے اور اسی ذات کی اجمالیت ہر انسان کے باطن میں ہے اور یہ اپنی "میں" کے سوا کچھ نہیں اور اسی "میں" کا عرفان مَنْ عَرَفَ نَفْسَہٗ ہے۔

اب رہا یہ سوال کہ جانِ جاناں کو کیسے دیکھے۔ کیونکہ بصیرت تو ھُوَ اللّٰہ

Marfat.com

ہیں ہے لہذا ثابت ہوا کہ آئینہ شیخ کی ذات ہی ہے، اور اس آئینہ سے جب اپنا آئینہ صاف وشفاف ہو جائیگا گویا کہ اسم وصفت وصورت کی نفی ہو جائیگی تو آپ اس میں تجلی ذات دیکھیں گے جو کہ حقیقت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم ہے جو کہ منظہر کل عجائب و غرائب ہے ۔ نور علی نور ہے اور اس کے ہو جانے کے بعد نہ خیال ہے نہ امر ۔ بس "ہے" کے سوا اور کچھ نہیں ۔ یہاں آکر نہ عشق رہا نہ معشوق اور نہ ہی عاشق ۔ بس ھُو ھُو ہی ہے بس ایسی ھُو جس کے اندر وہ کھو کر ہر خبر سے بے خبر ہو جاتا ہے ۔

یہاں نہ ادراک ہے نہ وجدان، نہ ہی آگہی ۔ بس "ہے" کے سوا اور کچھ نہیں ۔ نہ عقل نہ شعور نہ لاشعور، نہ نفس، نہ قلب، نہ روح، نہ روحِ اعظم، نہ ناسوت، نہ ملکوت، نہ جبروت، نہ لاہوت، نہ ہاہوت ۔ اور پھر نہ ایمان نہ ایقان، نہ عشق نہ وجدان، نہ توحید نہ شرک ۔ گویا کہ سب کچھ کھویا سب کچھ پایا ۔

بس "ہے" کا سرور ہے ۔ "ہے" کا وجدان ہے ۔ "ہے" کی مستی ہے ۔ "ہے" کا راگ ہے ۔ "ہے" کا سوز ہے ۔ "ہے" کا ساز ہے "ہے" کی تجلی ہے ۔ "ہے" کے انوار ۔ اب یہاں آکر ھُو سے ھا ہوتے کیونکہ پھر ہے کا ادراک بھی دوئی ہے ۔ اور پھر دوئی کو جلا دیا کیونکہ اس مقام پہ ھُو اور ھا ایک ہی شاخ کے پھول ہیں ۔

جس وقت کُنتُ کَنزاً مَخفِیاً کا نور چمکا جس کا اجمالی ظہور فَاَحبَبتُ میں ہوا اور یہاں سے خَلقتُ الخلق میں اس نے قیام کیا تو مشاہدہ ہو گیا کہ "ہے" ہی ہے اور کچھ نہیں اس کی اجمالی صورت سُبحانی ما اعظم شانی، انا الحق، میں آپے رانجھا ہوئی کا سا انداز ہوا ۔ کُلَّ یَومٍ ھُوَ فِی

Marfat.com

شان کی شان بنا بیٹھا ہے۔ اپنی زبان خاص سے

"عشق دی لڑیوں لڑیں بہاڑ" کا نعرہ

"جتول ویکھاں یار ویار" کا شور

"یبقیٰ وجہہ ربک ذوالجلال والاکرام" کا جوش

"نحن اقرب" کا خروش

"ہر ہر وچ صورت رب دی اے" کا ظہور

"کیوں اوہلے بہہ بہہ جھاکی دا" کا سوال

"ہن پردہ کس توں راکھی دا" کا سوز

"ھو محکم" کا مشاہدہ

"رانجھا یار ہر کل وچ کھیلے" کا شہود

"ھو ھا" میں گم شدگی اور مستی ہی مستی۔

اور جب اسماء وصفات سے مبرا ہو کر وسع کل شئی کی لطافتوں کو اپنا لیا تو پھر اس کا تعلق نہ زمان سے رہا نہ مکاں سے۔ بس "ہے" میں قیام اور پھر ھو کے سمو لینے سے ھا میں دوام ہوا، جو کہ قید زمان ومکاں سے آزاد ہے کیونکہ نہ ھو زمانی ہے نہ مکانی اور اس طاہر لاہوتی کے لیے سرور ازلی "ہے" ہی ہے۔

لیکن پھر بھی اس خمار اور مستی میں اتنا ہوش ہے کہ وہ اپنے حال سے اقرار کر رہا ہے کہ تو تو ہے میں میں ہوں۔ میں تو نہیں ہو سکتا، تو میں نہیں ہو سکتا اور وجودی لطافت کا یہ عالم ہے کہ :-

اگرچہ قطرۂ شبنم نہ پوید بر سر خارے
منم آں قطرۂ شبنم، بنوک خار می رقصم

اور :-

تیرے عشق نچایاں کر تھیا تھیا

حضرت بُلّھا شاہ صاحب کے اس شعر سے بھی کنت کنزا مخفیا ظہور عشق یعنی کہ فا حببتُ سے ہی ہو رہا ہے۔ کسی جگہ میں نے لکھا ہے کہ عشق نہ عاشق ہے اور نہ معشوق بلکہ درمیانی وسیلہ ہے۔ برزخ ہے جو کہ طالب و مطلوب کے درمیان ہے اور یہ ایک ایسا پل ہے جس کے سوا اور کوئی راستہ ہی نہیں ہے۔ اور اس کا ماحصل یا وجود حقیقت محمدیؐ ہی ہے۔ یہی روح کل ہے۔ ابوالارواح ہے اور یہی ذات کا عشق ہے۔

لہٰذا حضرت بلھا شاہ صاحبؒ اپنے وجود سے جو کہ عقل و نفس کے تحت ہے نہیں ناچ رہے۔ بلکہ حضرت کا وجود حضرت کی روح کے رقص کرنے سے رقص کر رہا ہے۔ کیونکہ لفظ نچایاں ہے نہ کہ نچایا۔ اور نچایاں مؤنث کا صیغہ ہے اور تھیا ریاستی زبان میں "ہنے" کو کہتے ہیں۔ گویا کہ حضرت بلھا شاہ صاحب آئینہ برزخ شیخ میں حقیقت محمدیؐ جو کہ ذات کا عشق ہے ذات کو دیکھ رہے ہیں اور حضرت بلھا شاہؒ کی روح ابوالارواح میں گم ہو جانے کے لیے بے قرار ہو کر ہاتھ پاؤں مار رہی ہے۔ اچھل کود رہی ہے گویا کہ قطرہ بحرِ وحدت میں مل جانے کے لیے بے قرار ہے اور بحر وحدت کا عشق، بحرِ وحدت کی تمام اجمال مظہرات حقیقت محمدیؐ ہی ہے جسے عشق قرار دیا گیا ہے جسے فَاحببتُ کا مقام دیا گیا جسے خلقتُ کا لباس پہنا کر مخلوق کے سامنے کیا گیا۔ لہٰذا یہ ذات کا عشق ہے مخلوق کا عشق نہیں ہے کیونکہ مخلوق کا عشق آپ کی ذاتِ بابرکات کا ناہونا ناممکن ہے۔ لہٰذا حقیقتِ محمدیؐ بہ لباس بشر ذات

Marfat.com

حق کا عشق اور مخلوق کا وسیلہ ہے اسی لیے فرمایا " تیرے عشق نچایاں " " میرے عشق نچایاں " نہیں فرمایا ۔ کیونکہ آپ کا وسیلہ ہیں، برزخ ہیں، پل ہیں، آئینہ ذات حق ہیں، ذات کا عشق ہیں ۔

میں نے ایک جگہ دائرہ تمثیلِ عشق میں مجنوں کے عشق کے حوالہ سے لکھا ہے کہ مجنوں لیلیٰ ہوگیا اور مجنوں کا لیلیٰ ہوجانا اکملیت نہیں ہے بلکہ خام عشق ہے لیکن کاملین کا یہ مقام ہوتا ہے کہ وہ ایسے عاشق ہوتے ہیں ۔ کہ طالب کا لباس بن کر مخلوق خدا کو مطلوبِ حقیقی کی خبر ایک طالب کی حیثیت سے دے رہے ہوتے ہیں کیونکہ ان کا باطن حق ہی حق ہوتا ہے لیکن یہ لباس بشریت مقامِ بندگی سے کبھی علیحدہ نہیں ہوتے ۔ لہذا اسی ضمن میں حضرت بلھا شاہ صاحبؒ تنبیہہ کر رہے ہیں کہ :-

ہوش نہ رہیا سُرت سنبھال

حفظ مراتب نکتی زندیقی ۔ بندہ بندہ ہے، خدا خدا ہے ۔ اس میں شک نہیں کہ ذات حق کی تمام جمالیات کے مظہر حقیقتِ محمدیؐ ہی میں ہے ۔ لیکن یہ یاد رہے کہ کنزاً کا ٹھہرنا اور قیام مخلوق میں ہی ہے ۔ لہذا لباس بشریت کا ادب اپنی مستی اور مدہوشی میں بھی ہاتھ سے نہ جانے دینا کیونکہ وہ عارف نفس ہے اور عَرَفَ نَفْسَہٗ کا یہ مقام ہوتا ہے ۔ کہ باطنی طور پر وہ ذات میں گم ہوتا ہے اور ظاہری طور پر وہ مخلوق کے ساتھ مخلوق کے حال، افعال اور اقوال مخلوق کو خالق کی محبت سے نواز رہا ہوتا ہے

ادھر اللہ سے واصل ادھر مخلوق میں شامل

کیونکہ عَرَفَ نَفْسَہٗ ہی شعورِ زندگی اور سرورِ بندگی ہے ۔ عَرَفَ نَفْسَہٗ ہی وصالِ من و تو ہے ۔ عَرَفَ نَفْسَہٗ ہی نمودِ وحدت ہے ۔ عَرَفَ

Marfat.com

نفسہٗ ہی جلال باجمال اور جمال باجلال ہے۔ دریا قطرہ میں، سفر حضر ہیں، ما زاغ البصر، نفسِ واحد، تسلیم و رضا، سوز لاالٰہ، عرف نفسہٗ کی ہی کیفیات اور احوال ہیں۔ سرورِ بےخودی، حسین ابن علی، مرکب پر سوار منصور، بردار، دمِ عیسیٰ، سرمد شہید، انی قریب کا راز، آتش خلیل اللہ کا بھید، کلیم اللہ کا طور، نار و نور، دائم الحضور کی تجلیات عرف نفسہٗ کا پھل ہیں عرف نفسہٗ ہی وحدت دیکھنا، عرف نفسہٗ ہی وحدت سننا، عرف نفسہٗ واحد ہونا، عرف نفسہٗ ہی وحدت کا ظہور، عرف نفسہٗ ہی ہر دم دائم رواں، عرف نفسہٗ ہی ہر لحظہ نئی شان دید و شنید، حبل الورید، قالوا بلیٰ، انا لعبدون، الیہ راجعون، ذکر حبیب، فکر حبیب، وجدانِ حق، فرمانِ حق، ظل اللہ، دم باللہ اور پھر تمام عالم گواہ ہے کہ ظاہر میں مصباح اور باطن میں مشکوٰۃ، جس کی روشنی زجاج قلب سے عالم کو منور کر رہی ہے۔

آپ پھر اس کو حدیث مبارک سے سمجھیں۔ فرمان ہوا من عرف نفسہٗ فقد عرف ربہ۔ یعنی خدا کی پہچان نفس کی پہچان پر موقوف کر دی گئی۔

مضمون کی طوالت کا خوف دامن گیر نہ ہوتا تو میں اس "عرف نفسہٗ" کو دو صد صفحات پر جو کہ انتہائی مختصر ہوتا تحریر کرتا۔

فرمایا کہ :-

ہوش نہ رہیا سُرت سنبھال

کیونکہ ہوش کیسے رہے جبکہ مُوتوا معنوی طور پہ وارد ہو چکا ہو۔ تن بغیر جان کے حیاتی پا جائے۔ یک رنگی ذات کا سا سماں ہو جائے۔ آپ خود ہی انصاف کریں کہ کیا یہ ہوش کا وقت ہے کہ تن سے جان باہر آ جائے اور تن مثل جان بن جائے اور بیقرار ہو کر پکارے۔

Marfat.com

ے لوں لوں دے وِچ لکھ لکھ اکھیاں اک کھولاں اک کجاّں ہو

احمد با احد اور اللہ الصمد کے پردے اُٹھ جائیں، ذاکر و مذکور یک رنگی میں ھُو ھا کی صدائیں بلند کر رہے ہوں۔ ناظر و منظور یک رنگی میں شاہد مشہود کی تصویر بنے بیٹھے ہوں اور تقدیر حق، تدبیر حق، تعبیر حق، تفسیر حق، توثیق حق، شہباز حق، پرواز حق، محبوب حق، مطلوب حق اور پھر منظور حق، مشکور حق اور یہاں آ کر ہر شے اسیر، ہر شے پر قادر کیونکہ باریابی بے حجابی بن جاتی ہے۔

نور دلبشری میں جھگڑنے والو! یہاں آ کر نورِ احمد بے نقاب ہوگا اور اس وقت تمہیں کوئی سختی سے کہہ رہا ہوگا

ہوش نہ رہیا سرت سنبھال

کیونکہ اس مقام پر تمہاری آنکھیں بند نہیں ہوں گی، تمہاری آنکھوں میں نیند نہیں ہو گی جس طرح تمہاری آنکھیں نہیں سوئیں گی اس طرح تمہارا دِل بھی نہیں سوئے گا۔ اور یہ شان و مرتبہ وحدت کا ہے۔

اور پھر حق الیقین کے ساتھ گواہی دے دو گے کہ سچ فرمایا کہ لاینام قلبی ولا تنام عَینی (الحدیث)، اور یہ عروجِ وحدت ہے یہاں سُرت یعنی ہوش کا سنبھالنا فرض ہوا۔ یہاں خودی اور بے خودی کا ادراک ہوگا۔ اسے قائم رکھنا ہے کیونکہ سرت سنبھال میں عبودیت ہے مشکور ہونا ہے اور مشکور وہی ہوتا ہے جو کہ منظور ہوتا ہے۔

تو عبودیت کا کمال مَاعَرَفْنَا کے کہنے اور جان لینے میں ہوگا۔ اور یہ اس احسان کا شکر ہے جو بے خودی نے خودی پر کیا ہے۔

عبودیت کا ظہور عبد سے ہے جس کے لغوی معنی بندہ کے آتے ہیں جو کہ

Marfat.com

غلام کا مفہوم رکھتا ہے۔ اگر عبد کی تکمیل صرف حق عبودیت ادا کرنے سے ہی ہوتی تو آدمؑ صفی اللہ نہ ہوتے، نوحؑ نجی اللہ نہ ہوتے، ابراہیمؑ خلیل اللہ نہ ہوتے، موسیٰؑ کلیم اللہ نہ ہوتے۔ عیسیٰؑ روح اللہ نہ ہوتے اور محمدؐ رسول اللہ نہ ہوتے، اگر ہوتا تو وہ صرف چھپا ہوا خزانہ ہی ہوتا اور اسی مخفی خزانہ کا ذکر و تسبیح کرنے والا عزازیل اور تسبیح تحلیل کرنے والے ملائکہ۔

حضرت بلھا شاہ صاحبؒ وجدانی کیفیت میں کہی گئی ایک کافی میں فرماتے ہیں :۔

ڈھولا آدمی بن آیا ڈھولا آدمی بن آیا اے

ہابیل قابیل آدم دے جائے آدم کس دا جایا اے

ہٹی وچوں ہیرا لبھا، اساں گو بریں دودھ پایا اے

ذات صفات ساڈی اسداللہ اساں بلھا نام دھرایا اے

ہُن توں سانوں نہ پہچانے، اساں دا داگو وکھڑایا اے

ڈھولا آدمی بن آیا، ڈھولا آدمی بن آیا اے

ہر صورت معنی رکھتی ہے لیکن جو معنی ہی معنی ہو اس کی صورت کہاں سے لائیں گے کیونکہ بے صورتی کی یکتائی نے صورت کو نہائی کا لباس پہنا رکھا ہے اس لیے ایک کافی میں بلھا شاہ صاحبؒ نے فرمایا :۔

ہر ہر وچہ صورت ربدی اے
کتے ظاہر کتے چھپیندی اے

احمد جام فرماتے ہیں :۔

صورت انسان خدارا دیدہ ام
وز خدارا آشکارا دیدہ ام

Marfat.com

ہر زمانے شکل دیگر میشود

صورتِ انساں خدا را دیدہ ام

حضرت احمد جام وہی بزرگ ہیں جن کے اس شعر پر :-

کشتگانِ خنجرِ تسلیم را

ہر زماں از غیب جانِ دیگر است

پر خواجہ قطب الدین بختیار کاکی چشتی دہلوی جو کہ بابا فرید گنجشکر کے پیر ہیں کا وصال ہوا تھا

قم باذنی (حضرت عیسیٰ روح اللہ علیہ السلام) مَنْ رَانی فقد رَأ الحق (حضور نبی اکرم نورِ مجسم صلی اللہ علیہ وسلم) صوف کا لباس پہننے کا مشاہدہ، حضرت جبرائیل علیہ السلام کا صوف کا لباس پہن کر حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہونا اور لباس کے سوال پر یہ جواب دینا کہ "حضورؐ! چونکہ صدیق اکبرؓ نے یہ لباس پہنا ہے لہٰذا آج یہی ملائکہ کا لباس ہے ۔ اور اصل اور فرع کا یہی معنی ہے کہ سایہ وجود جیسا ہوتا ہے ۔ اللہ پاک بہ زبان عمرؓ کلام فرماتے ہیں قرآن پاک کی کئی ایک آیات کے متعلق فرمانِ رسالتؐ پناہ صلی اللہ علیہ وسلم ہے ۔ سراپا قرآن سیدنا عثمان ذوالنورینؓ ، علی بابہا (سیدنا حضرت علیؓ) وجود عشق سیدنا حسین امام عالی مقامؓ ، سبحانی ما اعظم شانی (حضرت بایزید بسطامی) انا الحق (حسین بن منصور حلاج) میں آپے رانجھا ہوئی (حضرت بابا بلھا شاہ صاحب)

بہر حال کتنے ظاہر کتے پچھیندی اے" والا معاملہ ہے جو کہ ہم جیسے سراپا کثافت کے ادراک سے بلند و بالا ہے

پھر فرمایا :-

ہابیل قابیل آدم دے جائے آدم کس واجایا اے

اگر میں اس شعر کی بقدر وسعت تشریح کروں تو ناری مخلوق مجھے مارنے کے لیے دوڑ پڑے گی اور نوری مخلوق میرے عیب بیان کرنے بیٹھ جائے گی اور بارگاہِ حق میں وہی قدیم دلائل سے ثابت کرنے کی کوشش کرے گی کہ یہ آدم زمین میں فساد پھیلانے والا ہے اور خاکیوں میں وہ خاکی جو خاک کے پتلے ہیں پتھر ماریں گے۔ اور وہ اجسام جن کو اللہ تعالیٰ کی نظرِ عنایت نے سراپا جان بنا دیا ہوا ہے، بھیت کھول دینے پر ناراض ہوں گے۔

سچ آکھاں بھانبڑ مچدا اے
جھوٹ آکھاں تے کجھ نہ بچدا اے
جی دوہاں گلاں تے جچدا اے

جچ جچ کے جیبھا کہندی اے

بلھا شاہ کے اس شعر کی رہنمائی میں کچھ عرض کرتا ہوں کہ ہم اس معاملہ کو اپنی فانی عقل و فہم و علم ہی سمجھ سکیں گے کیونکہ فانی کا ادراک فانی تک ہی، ہو سکتا ہے زمین میں جس قسم کا دانہ بویا جاتا ہے اسی قسم کا شجر پیدا ہوتا ہے شاخ برگ و پھل اور تنا اسی دانہ کی تجدید ہوتے ہیں۔ ہر پھل اس دانہ جیسا میٹھا گویا کہ وہی صورت لے کر پیدا ہو گا۔ لہٰذا تخم اس چیز سے جو کہ باطن کو عیاں کرنے والا ہوتا ہے اور جو کچھ اس کے اندر ہے باہر آجاتا ہے اور جو باہر آجاتا ہے وہ الیہ راجعون کی مکمل تصویر ہوتا ہے۔

تو معلوم ہوا کہ تخم جیسی ہستی کا ماحصل زندگی ہے۔ جب کوئی تخم کی طرح اندر سے باہر آئے گا تو اس کی صورت یعبدون راجعون جیسی

Marfat.com

ہوگی اور معنوی لحاظ سے وہ تخم کو نمایاں کرنے والا ہوگا۔ لہٰذا

هو الاول هو الآخر هو الباطن هو الظاهر

ثابت ہوگیا۔

مصلحت نیست کہ از پردہ بروں افتد
ورنہ در محفل رنداں خبرے نیست کہ نیست

(خلافِ مصلحت ہے کہ راز پردہ سے باہر نکلے، ورنہ وہ کون سا
راز ہے جو محفلِ رنداں سے پوشیدہ ہے)

Marfat.com

## شعر

جد میں رمز عشق دی پائی
طوطا مینا مار مکائی
اندر باہر ہوئی صفائی
جِتول ویکھاں یار و یار
عشق دی نویوں نویں بہار

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# اَللہ

:- عشق عشق عشق اور پھر عشق ! کیا کہا جائے کیا بتایا جائے کیا جانا جائے کُلَّ یَوْمٍ ھُوَ فِی شَانٍ ہ کوئی خبر کیا دے گا جو کہ ہر لمحہ ہر پل ایک نئی شان میں ہے ہر لمحہ ایک نئی بہار، ہر لحظہ ایک نیا رنگ، ہر گھڑی ایک نئی کیفیت، اس لیے تو فرمایا۔ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ہ کیونکہ سُلطان کا راز سلطان کا ابتدائے سلطان کا جمال و جلال سلطان کا عشق ہی جان سکتا ہے اور اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ہ اختیار سے فرمایا ہے۔ لہذا ہم حضرت بابا بُلھے شاہ ؒ کے اس شعر کے مصرعہ اوّل میں رمز کو دیکھتے ہیں کیونکہ بزرگوں سے سُنا ہے کہ رمز میں جو رموز و نکات پنہاں ہیں اگر ان کا جاننا اور پانا ہے تو اس کے لیے ہمراز چاہیئے جو رمز سے واقف ہو۔

حضرت بابا جی کے ان دو اشعار پر غور کریں۔

شعر:-

جد میں سبق عشق دا پڑھیا
مسجد کولوں جیوڑا ڈریا
پچھ پچھ ٹھاکر دوارے وڑیا
جھتے وجدے ناد ھزار
عشق دی نویوں نویں بہار

آپ ؒ نے فرمایا :-

## جد ہیں رمز عشق دی پائی

عشق دی رمز :-

خواب وخورت ز مرتبہ عشق دور کرد
آں دم رسی بدوست کہ بے خواب وخور شوی

(حافظ شیرازیؒ)

میں نے حضرت باباؒ کے اسم کی تشریح میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم میں صفت رحمانیہ اور انسانی وجود کی خواہشات جس کا تعلق صفت رحمانیہ سے ہے مفصل لکھا ہے اب جبکہ عشق کی رمز پانے کے بعد طالب مینا ہی مار دیتے ہیں گویا کہ عقل حیوانی اور نفس حیوانی کا گلا گھونٹ دیتے ہیں تو لازمانہ دنیاوی خواہشات کا تعلق رہا اور نہ آخرت کے انعامات کا لالچ ۔ کیونکہ :-

طالب دنیا رنجور اند
طالب عقبیٰ مزدور اند
اور طالب حق مسرور اند

اور اسی ضمن میں مشائخ کرام کا ایک مشہور قول یہ بھی ہے ۔

اَلدُّنیَا حَرَامٌ عَلٰی اَھلِ الْعُقبٰی وَالْعُقبٰی حَرَامٌ عَلٰی اَھلِ الدُّنیَا وَھُمَا حَرَامٌ عَلٰی اَھلِ اللّٰہِ تَعَالٰی جل جلالہٗ

ترجمہ :- یعنی دنیا حرام ہے اہلِ آخرت کے طالبوں کے لیے اور آخرت کے انعامات حرام ہیں اہلِ دنیا کے لیے اور جو حضرت حق کے طالب ہیں وہ دنیا اور آخرت کو حضرت حق کی طلب کے مقابلہ میں حرام سمجھتے ہیں ۔

یہ یاد رہے کہ وہ طلب خواہ جنت کی ہو خواہ کسی عزو مرتبہ کی ہو خواہ

Marfat.com

دنیا کے متعلقہ ہو طوطا مینا کے علم اور خواہش کے زیر تابع ہو گی اور طوطا مینا کی موت ان حجابات جنہیں حجابات اصغر کہا گیا ہے کے اٹھ جانے سے واقع ہو گی۔

(۱) خیال جنت و دوزخ۔ (۲) خوف اور امید۔ (۳) نیکی اور زہد کا احساس۔ (۴) نور اور ظلمت کا احساس۔ (۵) قرب و بعد کی تسکین یا بے قراری (۶) شعور اطاعت اور لذت اور جس وقت طالب ان چھ حجابوں سے رہائی پائے گا جس کا حکم قرآن میں سورۃ الشمس پارہ نمبر ۳۰ میں ان لفظوں میں دیا گیا کہ:۔

قَدْ اَفْلَحَ مَنْ ذَكّٰهَا ○ یعنی کہ جس نے اپنا تزکیہ نفس کیا فلاح پائی اور فلاح کی شکل و صورت ان حجابات کا اُٹھ جانا ہے اور جس وقت طالب اس عالم ناسوت سے ترقی کر کے عالم ملکوت میں پہنچتا ہے تو یہاں آ کر اُسے چار بڑے حجابات نظر آتے ہیں۔

(۱) دنیا اور دنیاوی لذت (۲) عبادت کی لذت

(۳) خودی و کرامت کی طرف میلان (۴) ہستی و وجود کا شعور

اگر کوئی شخص اس غلط فہمی میں مبتلا ہو جائے کہ میں ان حجابات سے ریاضت و مجاہدہ سے رہائی پا سکتا ہوں۔ محال ہو گا۔ کیونکہ سوائے برزخ شیخ کے دیگر کوئی راستہ نہیں، جو کہ صورت سے تو ایک عام انسان کے مثل ہو گا۔ لیکن حقیقت میں وہ معنی ہی معنی ہو گا۔

فرمان رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم، شریعت اقوالی۔ بمنزلہ جسم و صورت کے طریقت کردار بمنزلہ افعال کے اور حقیقت احوال بمنزلہ حال کے ہیں۔

اور یہ مجسمہ شیخ طریقت ہی ہو سکتا ہے اسی لیے جس وقت طالب حق

Marfat.com

وحدت کے دریا میں بھنور کے چکر میں پھنس جاتا ہے یعنی کہ مقامِ حیرت میں پھنس جاتا ہے تو صاف صاف کہتا ہے "شاہ عنایت کیتا پار" لہذا برزخ شیخ کے علاوہ کوئی راستہ نہیں اور جس وقت شیخ کا تصرف سالک پر پڑے گا تو پھر زبان کا مقام لاالٰہ الا اللہ ہوگا۔ دل کا مقام اللہ ہوگا۔ روح کا مقام ھُو ہوگا اور سر کا مقام شعور و شعار کا ترک کرنا ہوگا۔ اور اس عالم کی سیر اور ان مراتب کی پہچان سوائے برزخ شیخ کے ناممکن ہے اور یہ عشق کی رمز تھی۔ جو کہ عشق کے اسباق سے عاشق نے معشوق کے جمال و جلال سے پائی گویا کہ مَنْ عَرَفَہٗ نَفْسَہٗ کے شجر کو فَقَدْ عَرَفَ رَبَّہٗ شجر جو فقد عرف نفسہ کا پھل ہے۔ عشق کی پہچان ہے اور جس وقت وہ اس معرفت کے میدان میں شیخ کا دامن پکڑے پہنچتا ہے تو اسے اپنی ہستی وجود کے کل جوارح کا مشاہدہ ہو جاتا ہے اور پھر اپنے وجود کی مٹی میں اسمِ قادر کی تجلیّ کا مشاہدہ کرتا ہے اپنے وجود کے پانی میں اسمِ حیّ کی شان دیکھتا ہے اپنے وجود کی گرمی میں اسمِ علیم کا جلال دیکھتا ہے اور اپنے وجود کی ہوا میں اسمِ مرید کو فاعل دیکھتا ہے اپنی بصر میں اسم بصیر کا نور پاتا ہے اپنے کلام میں اسم کلیم کو جاری دیکھتا ہے اپنے سماع میں اسم سمیع کو غالب دیکھتا ہے۔

ان سات اسمائے ذات کا اپنے وجود میں مشاہدہ کرنے کے بعد پھر اس کا رہنا کیا ہے جسے اپنے شعور سے اپنی عقل سے اپنے نفس سے یہ جاننے کہ یہ میں ہوں رطوطا مینا کہاں رہے۔ دنیا و آخرت کا شعور کہا گیا؟ یہ یاد رہے کہ طوطا مینا وہ خواہش کا منبع ہے جو حق سے غافل کرتا ہے۔ اَنِیْ اَنَا میں گرفتار شدہ فرعون، نمرود، ہامان وغیرہ اسی طوطا مینا کی زنجیروں میں جکڑے ہوئے تھے اور جو اِنِّیْ اَنَا اللہ میں گم ہوا تو پھر

قطرہ کہاں رہا وہ تو دریا ہوا۔

ایں طرفہ تماشا بین دریا بہ حباب اندر

خواجہ شاہ نصیر الدین چراغ چشتی

میں نے کسی جگہ کنتُ کنزاً مخفیاً کے احوال میں لکھا ہے کہ اس کا ظہور فَاَحْبَبْتُ میں ہوا اور یہاں سے خَلَقْتُ الخلق میں اس نے قیام کیا تو مشاہدہ ہو گیا اب مزید غور فرمادیں۔

آپ جانتے ہیں کہ آئینہ میں دیکھی ہوئی صورت کا عکس ذہن سے نہیں جاتا خواہ آئینہ کو دُور لے جائیں ذہن میں آئی ہوئی صورت کا عکس بصورت اعیان ثابتہ کے رہے گا۔ لہٰذا معلوم ہوا کہ آپ تھے۔ لیکن بغیر آئینہ کے آپ اپنے آپ کو نہ پا سکے اور جس وقت صاف اور صحیح آئینہ میں اپنا مشاہدہ کیا تو اپنی ہی صورت پر ہزار جان سے عاشق ہو گئے لہٰذا اس عکس کو جو آپ کے ذہن میں موجود ہے۔ اسے بہ زبان طریقت وحدت کہتے ہیں اور وحدت کی یہ دو قوسیں ہیں

وحدت

وحدیت — احدیت

لہٰذا یہ وہ کنز (خزانہ) ہوا جو چھپا ہوا تھا چاہا کہ میں پہچانا جاؤں گویا کہ جس طرح اپنے آپ کو آئینہ میں دیکھا اسی طرح نظر آؤں لہٰذا اسی چاہت کا نام فَاَحْبَبْتُ ہوا۔ اپنی ہی صورت کے دیکھتے رہنے کا اشتیاق ہوا۔ لہٰذا شوق و چاہت ذات نے اُس عکس میں عالمِ خلق بھر دیا گویا کہ عکس ذہن میں ہی رہتا ہے لیکن بغیر آئینہ کے نظر نہیں آئے گا۔ اسی لیے صورت دیکھنے والا ہر

آئینہ پشت کی طرف سے کثیف ہوتا ہے پردہ ہوتا ہے تاکہ آئینہ پر
جب نگاہ پڑے تو اپنی صورت دکھلائے اس کے برعکس صاف آئینہ
سے نظر آر پار ہو جائے گی۔

بہر حال ذات نے اپنے ہی عکس کو جس وقت وجود کا لباس پہنایا تو
وحدت وحدیت کے درجہ میں آکر احدیت کی تجلیات سے ذات کے ہی
نام اور صفت کا ظہور ہوا اور ذات نے غیریت اور یکتائی کے ہونے سے
وجود میں اپنے اسماء کا ظہور کیا جیسے کہ بیان کیا جا چکا ہے۔ لیکن یاد رہے
کہ وجودِ آدم میں سات اسماء کی صفات حادث ہیں لیکن ذات میں قدیمی
اور دائمی ہیں اسی لیے تو فرمایا کہ " خَلَقَ آدَمَ عَلٰی صُوْرَتِہٖ " کہ ہم
نے آدم کو اپنی صورت پر بنایا چونکہ آدم کا وجود ذات کا عکس تھا۔ ذات
کے اسماء صفات کا حامل تھا اس لیے مسجودِ ملائک ہوا۔

یہ یاد رہے کہ شخص کا عکس آئینہ کی ہستی و وجود کے لحاظ سے ہے
جیسے کہ پانی میں عکس الٹا نظر آئے گا۔ تلوار میں لمبا صیقل شدہ لوہے میں کچھ
اور ہی طرح کا اور کئی ایک ایسے آئینے ہیں جن میں عکس کچھ اور ہی طرح کا
نظر آتا ہے اس لیے تو حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں
آئینہ ہوں ہر شخص اپنا صحیح چہرہ مجھ میں دیکھ لیتا ہے۔ اب آپ غور فرمائیں
جو صاف آئینہ ہوگا وہی صاف صورت بتلائے گا اس لیے آئینہ صاف
کرنے کا حکم ہوا۔ جب بھی کسی کا آئینہ جسے قلب کا نام دیا گیا ہے صاف
ہو جائے گا۔ تو وہ اپنے آپ کو اور اس عالم کو اپنی اصلی ماہیت پر دیکھ
لے گا۔

اب ہم اسے، جسے عشق کی رمز کہا گیا ہے۔ یوں سمجھتے ہیں۔ آپ آم

Marfat.com

کے درخت کو آم ہی کہیں گے لیکن درخت کے جس حصہ پر بھی ہاتھ رکھیں گے آم نہیں ہوگا۔ بلکہ آم کا ہوگا۔ جیسے کہ پتہ آم کا ہے آم نہیں ہے۔ ڈالی آم کی ہے، شاخ آم کی تنا آم کا ہے، شگوفہ آم کا ہے۔ چھال آم کی ہے جڑ آم کی ہے پھول آم کا ہے پھل آم کا ہے اور تخم آم کا ہے۔

اب مزید غور کریں گے تو معلوم ہوگا تخم ہی تھا جس کا ظہور اتنے بڑے شجر میں ہوا لہذا " اول ما خلق اللہ نوری " یا لولاک لما خلقت الافلاک کی تفسیر ہوتی ہے اس لیے آپ محیط وحدت ذات ہوئے اور جب اس نور کو وجود کا لباس پہنایا گیا تو بصورت سیدنا آدم علیہ السلام محیط اسماء و صفات ہوئے جیسے کہ آم کے پتہ کا ایک الگ نام اور اس کی الگ صفت ہے شگوفہ کا الگ نام اور اس کی الگ صفت ہے۔ اسی طرح جڑ اور ڈالی وغیرہ۔ لہذا آپ جہاں بھی نام پائیں گے صفت کے ساتھ پائیں گے اور صورت ہوگی لیکن اس پر محیط آم کا تخم ہی ہوگا جو کہ اول تھا اور جب آم کا درخت پھل پر آیا۔ تو پھل کی صورت میں تخم کا ہی ظہور ہوا۔ گویا کہ تخم ہی تو تھا جو کہ اول تھا آب آخر میں بھی وہی ہے۔ جب آپ نے آم کو ظاہری صورت میں دیکھا تو ظاہر آم ہی ہوگا اور آم کا باطن بھی آم ہی ہوگا۔

لہذا آپ کا آدم کے بعد آنا ایسا ہی ہوا جیسے تخم کا پھل کی صورت میں آنا۔

" اساں دادا کو دکھڑا یا ہے "

کے یہی معنی ہیں گویا کہ باپ تھا جو بیٹے کے مرتبہ میں آیا۔ اس لیے آپ اولاد آدم کہلائے۔ یہ بات واضح ہوگئی کہ آم سے آم ہی ہوگا

Marfat.com

آم کے تخم سے کیلا، سنگترہ نہیں ہوگا۔ لہٰذا سید البشر کے معنی بھی جان جائیں گے۔

اِکّو ایں تے اِک کہاویں اِک دا ہو کے رہیں او یار۔
اِکّھے اُٹھّے دو ہیں جہانیں ہور نا ہیں کوئی دوجا یار۔

مثلاً ایک بہت بڑے کمرے میں ایک سو شیشے کے ٹکڑے چاروں طرف لگا دیں اور درمیان میں ایک شخص کو کھڑا کر دیں۔ تو اب اگر یہ کہیں کہ صاحب اس کمرہ میں تو سَو آدمی ہیں۔ ایک نہیں ہے تو بیج کہہ رہے ہیں۔ وحدت میں کثرت اور کثرت یہی وحدت یہی ہے اور ان تمام آئینوں میں وہی آئینہ صحیح عکس بتلائے گا جو کہ ہر طرح سے صحیح ہوگا۔ لیکن کئی ایک ایسے آئینے بھی ہوں گے۔ جس میں شخص کا عکس کسی اور ہی صورت میں نظر آئے گا۔ یعنی کہ:-

"کتے ظاہر کتے چھپیندی اے"

کے مصداق آپ کو یقین آجائے گا۔

جیسا کہ لکھا گیا ہے کہ اوّل و آخر ظاہر و باطن اسی کا ظہور ہے اور صفائی قلب کی وجہ سے حقیقت کا مشاہدہ ہو گیا تو یہ بات ثابت ہو گئی کہ:-

"جتول ویکھاں یار و یار"

هُوَ مَعَکُمْ اَیْنَمَا کُنْتُمْ کی تجلیات میں فنا ہو گیا۔ فِیْ اَنْفُسِکُمْ حَقُّ الْیَقِیْن کے درجہ پر پہنچ گیا۔ ثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ "ہر ہر وچ صورت رب دی" صحیح فرما رہے ہیں اور صِبْغَةُ اللّٰهِ کے یہی معنی ہیں یہاں آکر سالک اِلّا اللّٰه نہیں کہتا بلکہ ہو جانے والی بات ہے۔

یہ یاد رہے کہ یہ وہ مقام ہے جہاں نہ کفر ہے اور نہ اسلام نہ خودی

Marfat.com

ہے نہ خدائی ۔ اس لیے ایک شعر میں فرماتے ہیں :۔

کافر مومن کوئی نہیں دِسدا وحدت دے گھر جا کے جی
دوئی دُور دِلے توں کیتی ڈھیر توں سلیس لہا کے جی

؎ " طوطا مینا مار مکائی "

؎ میں انجانی کھیڈ وگتی کھیڈاں آکے با کے جی
ایہہ کھیڈاں سب وِسدیاں جھیڈاں شوہ اپنے گھر جاکے جی

تو معلوم ہوا کہ آپ نے سچ فرمایا ہے کہ

جد میں رمز عشق دی پائی
طوطا مینا مار مکائی
اندر باہر ہوئی صفائی

جنول ویکھاں یار و یار
عشق دی نویوں نویں بہار

Marfat.com

شعر 6

عمر گنوائی وچ مسیتی
اندر بھریا نال پلیتی
کدی نماز توحید نہ نیتی
ہن کیوں کرنا ایں شور پکار
عشق دی نویوں نویں بہار

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ترجمہ تحت اللفظ : اے نمازی آپ نے اپنی عمر مسجد میں ضائع کر دی مسجد میں رہنے کے باوجود آپ باطن پاک نہ کر سکا۔ آپ کا باطن ناپاک ہی رہا۔ آپ نے نمازِ وحدت جس میں حضوری ہو نہ پڑھ سکے۔ اب آخر وقت میں اپنے ضائع کئے گئے وقت پر شور پکار کر رہے ہو۔

عمر گنوائی وچ مسیتی

عوام الناس کے ذہن میں یہ تاثر پایا جاتا ہے کہ حضرت بابا بلھے شاہؒ نماز، نمازی، علماء حضرات امام و مقتدی پر اپنے کئی ایک اشعار میں تنقید کرتے ہیں۔ گویا کہ ظاہری رسومات عبادت کو اچھا نہیں سمجھتے۔ حتیٰ کہ ایک گروہ ایسا بھی ہے جو کہ باباجی کو تارک شریعت سمجھتا ہے۔ دیگر یہ کہ آپ کے وقت کے علماء حضرات نے آپ پر کفر کے فتوے بھی لگائے۔ آپ کی نمازِ جنازہ پڑھنے سے اعراض کیا جو کہ کسی درویش نے آپ کا جنازہ پڑھایا۔ اوّل یہ کہ آلِ نبیؐ اولادِ علیؓ خانوادہ حضرت شیخ محی الدین عبدالقادر محبوب سبحانی قطب ربانی شاہِ جیلانی تارک شریعت ہو ہی نہیں سکتا بشرطیکہ ہر چہار سلسلہ میں سے کسی ایک سلسلۂ قادریہ چشتیہ سہروردیہ نقشبندیہ میں صاحب نسبت ہو۔ اور جو بھی سیّد کسی بھی سلسلہ سے نسبت رکھتا ہے اکثر و بیشتر ولایت کے درجہ تک جلد پہنچ جاتا ہے چونکہ ولایت نبوّت کا باطن

Marfat.com

ہے اور پھر یہ کہ نبی کی ولایت کو نبی کی نبوت پر فضیلت ہے۔ یہ فضیلت اس لیے ہے کہ ہر نبی اپنے وقت میں نبی بھی ہوتا ہے اور ولی بھی ہوتا ہے اور جس وقت حق تعالیٰ کے احکام جو اس کے ذمہ ہوتے ہیں اپنی امت میں مکمل کرلیتا ہے اور اپنے کمال کو پہنچ کر اس دنیا سے پردہ فرمالیتا ہے تو آنے والی اُمت کو نبی کی شریعت، نبی کے اقوال و افعال نبی کی ولایت سے حاصل ہوتے ہیں اور روحانی قوت بھی نبی کی ولایت سے حاصل ہوتی ہے گویا کہ ولائت نبوت کی سواری ہے۔ مَنْ کُنْتُ مَوْلیٰ فَہٰذا عَلِی مَولا۔ یعنی میں اس کا مولیٰ ہوں جس کے علی مولیٰ ہیں اور علی منبع ولائت ہیں یہی وجہ ہے کہ ہم حیات النبی پر ایمان رکھتے ہیں۔

شریعت کیا ہے؟ حکم دوست۔ طریقت کیا ہے؟ عمل دوست۔

ہر ولی اللہ زیرِ قدم رسالت ہوتا ہے لہٰذا بابا بلھے شاہ صاحب قادری شطاری سید صاحب شریعت تھے۔ احکامِ شریعت کے سختی سے پابند تھے۔ اسی طرح آپ خاندانِ بنی امیہ سے خاندانِ عباسیہ کے ادوار تک دیکھیں کہ بدلے ہوئے وقت نے اور وقت کو اپنے قبضہ میں رکھنے کے لیے اعلیٰ درجات کے صحابہ کرام، تابعین اور تبع التابعین شہید کر دیئے گئے۔ امام مالک، امام شافعی، امام ابوحنیفہ اور امام حنبل، ان پاک ہستیوں کے ساتھ وقت کے صاحب اقتدار حضرات نے کیا کیا سلوک کیا اور اس کے بعد اجتک کیا کیا ہوتا رہا۔ تاریخِ عالم کے صفحات بھرے پڑے ہیں

اب ہم کفر کے فتویٰ کو لیتے ہیں۔

مُفتیانِ وقت نے جس کسی حامل کلمہ پر فتویٰ لگایا از روئے شریعت وہ فتویٰ لگانے کے پابند تھے۔ کیونکہ علمائے ظاہر علمائے باطن کے عشق

Marfat.com

کے منہ زور گھوڑے کی لگام ہیں لہذا احکامِ رسالت کی حفاظت ان کا فرض ہوئی۔

حضرت منصور حلاج علیہ رحمت پر جس وقت، وقت کے علمائے نے کفر کا فتویٰ لگایا تو اس فتویٰ پر دستخط کرنے کے لیے حضرت جنید بغدادیؒ کو بھی بلایا گیا۔ آپ فتویٰ پر دستخط کرنے کے لیے علماء کا لباس پہن کر گئے۔ درویشی کے لباس کے ساتھ دستخط نہیں کیے۔ کیونکہ از رُوئے شریعت انا الحق کفر کا کلمہ ہے لیکن از روئے حقیقت۔

گفت او گفتۂ اللہ بود      گرچہ از حلقوم عبد اللہ بود

لہذا کفر کے فتوے نے حضرت منصور حلاج کو ابدی حیاتی بخش دی اس لیے کشف المحجوب میں حضرت داتا صاحب الہجویریؒ نے منصور حلاج کی تعریف فرمائی ہے۔

سرمد شہیدؒ اس لیے کہلایا کہ فتویٰ لگا۔ سبحانی اعظم ثانی حضرت بایزید بسطامی پر کفر کا فتویٰ لگا۔ "میں آپے رانجھا ہوئی"، پر بابا بُلھے شاہؒ پر فتویٰ لگا۔ حضرت علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ پر شکوہ پر فتویٰ لگا۔ نام زندہ ہیں۔

کچھ علمائے ظاہر نے حضرت بابائے قوم محمد علی جناح پر بھی کفر کا فتویٰ صادر فرما دیا تھا۔ لیکن وہ بھی زندہ جاوید ہو گئے۔ لہذا حضرت بابا جی پر جو بھی فتوے لگائے گئے کچھ الٰہی احکام میں آتے ہیں۔

میں نے اسم بُلھا کی شرح میں "وَاذْکُرْ رَّبَّکَ اِذَا نَسِیْتَ" یعنی یاد کر اپنے رب کو جب تو بھول جائے، کی شرح میں واضح طور پر لکھا ہے کہ جس وقت سالک پر اُذْکُرُوْکُمْ کی تجلیات کا ظہور ہونا شروع ہوتا ہے

Marfat.com

تو ان پر حق تعالیٰ کے اسم ماجد کی تجلی پڑتی ہے تو سالک اپنی ہستی و وجود کو بھول جاتا ہے اور ھُو کی بجائے ھَا کی آواز نکلنی شروع ہو جاتی ہے ہے۔ جیسے کہ دائرہ تمثیل عشق میں مجنوں لیلیٰ ہو جاتا ہے اور اس مقام سے سالک بغیر توجہ و استمدادِ مرشد کے نہیں نکل سکتا کیونکہ یہی مقامِ حیرت کا ہے بلکہ حیرت در حیرت ہے اور اسی حیرت میں ڈوب کر ہی کئی سالک مجذوب ہو جاتے ہیں۔ اسی طرح کئی لوگ جن کو حق تعالیٰ نے اپنی قوم کی خدمت کے لیے پسند کیا اور عوام الناس نے ان کی ظاہری حالت کو دیکھتے ہوئے یا مذہب کے رسومِ عبادات ظاہری طور پر ادا نہ کرتے ہوئے انہیں طرح طرح کے القاظوں سے نوازا

عمر گنوائی وچ مسیتی
اندر بھریا نال پلیتی

تنبیہہ ہے بھولے ہوئے کو غافل کو اس کے احوال سے با خبر کرنا ہے چونکہ ولی نبی کا باطن ہوتا ہے اس لیے جس طرح نبی کو اپنی امت سے اولاد سے بڑھ کر پیار و محبت اور ہمدردی ہوتی ہے اسی طرح ہر ولی کو اپنے علاقہ کے رہنے والوں سے اپنے متعلقین سے وابستہ و غیر وابستہ لوگوں سے محبت اور ہمدردی ہوتی ہے۔ نبی کی طرح ولی بھی کبھی خوشخبری دیتا ہے اور کبھی ڈراتا ہے۔ کبھی تنبیہہ کرتا ہے۔ کبھی اس کے ظاہر پہ ہدایت دیتا ہے کبھی اس کے باطن کی خبر دیتا ہے۔ وہ ولی کیا ہوا جو مخلوق سے نفرت کرے جو مخلوق کو عورتوں کی طرح طعنے دے جو مخلوق کے اقوال و افعال پر تنقید کرے۔ نبی کی طرح ہر ولی اپنے دَور کے عوام کو واصل باللہ دیکھنا چاہتا ہے۔ لہذا آپؒ تنبیہہ فرما رہے ہیں کہ اے غافل تو نے مسجد میں

Marfat.com

اپنی عمر تقلیدی نمازیں گزار دی کیا تم نے کبھی سوچا ہے کہ اذان سے لیکر نماز کے سلام تک معنوی نماز کیا ہے۔ کبھی فکر کیا ہے۔ قرآن کے حکم کے مطابق نماز قائم کرنے کا فکر کیا۔ کسی سے پوچھا گیا کہ نماز قائم کرنے کا جو حکم ہے میں کس طرح قائم کردں اور پھر قائم ہوجانے کے بعد اٹھارویں پارہ میں نماز کی حفاظت کرنے کا حکم ہے۔ حفاظت کس طرح کی جاتی ہے۔

وَالَّذِیْنَ ھُمْ عَلٰی صَلٰوتِھِمْ یُحَافِظُوْنَ ٥ اُولٰٓئِکَ ھُمُ الْوٰرِثُوْنَ

ترجمہ: وہ لوگ جو اپنی نمازوں کی حفاظت کرتے ہیں۔ وہی لوگ وارث ہیں۔

یعنی وراثت علم رسالت وراثتِ نعمت ولایت کیونکہ نبی کا وارث نبی کی چھوڑی ہوئی وراثت کا مالک ولی ہوتا ہے۔

آپ نے کبھی اذان پر غور کیا ہے؟ اذان میں چھ بار اللہ اکبر کا اعلان ہوتا ہے اور اکبر اصغر کی ضد ہے اگر اصغر نہ ہوتا تو اکبر کہنا ہی غلط تھا۔ اکبر اس لیے کہا گیا کہ اصغر ہے اور وہ اصغر اللہ کون ہیں؟ ہر وہ شخص جو جس کام میں مشغول و منہمک ہو کر اپنے کاروبار کے نشہ میں مدہوش ہوتا ہے اور اسی کو اپنا سب کچھ جان کر اسی کام سے اپنی امیدیں وابستہ کئے بیٹھا ہے وہ کام اس کا اصغر اللہ ہے جو کہ مادہ کی صورت میں ہے اللہ اکبر کے سنتے ہی اس نے مادہ سے فوراً اپنا تعلق ختم کر دیا۔ گویا مادہ وجود کو مادہ سے الگ کر لیا اور نماز کے لیے مسجد میں آگیا۔ وضو کیا سنتیں پڑھیں اور جماعت کے انتظار میں صف میں بیٹھا ہے جماعت تیار ہو گئی۔ کھڑے ہو گئے پھر کہنے والے نے چھ بار اللہ اکبر کہہ دیا۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ اس وقت تو ہم خالی ہاتھ نماز کے لیے تیار ہیں۔ اب اصغر اللہ کون سے ہیں جن سے ہم منہ موڑ کر اللہ اکبر کی طرف رجوع کریں

Marfat.com

تو اے عزیز! اصغر اللہ وہ ہیں جن کی تصویریں آپ کے اندر رہیں اپنے وہم وخیال میں اپنے کاروبار دیگر خیالات میں غرق ہیں۔ کہنے والا تنبیہہ کر رہا ہے کہ جس طرح تم اپنے ظاہری وجود سے ظاہری مادہ الگ کر کے نماز کے لیے کھڑے ہو۔ اب نماز ادا کرنے کے لیے اپنے باطن سے بھی اصغر اللہ سے فارغ ہو جاؤ۔ سوائے ذات کے تصور سے اپنے آپ کو مردہ بنا کر سامنے کھڑے ہونے کے لیے تیار ہو جاؤ لہٰذا یہ غیر حق خیالات وہ گندگی ہے وہ پلیتی ہے جس سے باطن صاف نہ ہوا۔ اس لیے فرمایا ؎

اندر رہے یا نال پلیتی

باہر کی پلیتی تو صاف ہو گئی اب اندر کی پلیتی بھی صاف کرنے کی نیت کرو یا کسی اہل دل سے دریافت کرو۔

کیا آپ نے اپنے باطن کو اسی طرح پاک وصاف کر لیا ہے جس طرح اپنے ظاہر کو پاک وصاف کیا ہے؟ قربانی کا جانور وہی قابل قبول ہوتا ہے جو بغیر کسی داغ کے ہو۔ تندرست ہو مکمل ہو کسی قسم کا نقص نہ ہو آپ کہتے ہیں کہ یہ قربانی کے لیے ہے اور اس قربانی کے قبول ہونے پر آپ کو یقین پختہ ہے۔ آپ اس کے حلق پر چھری تکبیر کے ساتھ چلا دیتے ہیں لہٰذا جس وقت اس پر تکبیر پڑھی گئی اس کا اس جہان سے تعلق ختم ہو گیا لہٰذا آپ نے کبھی سوچا ہے کہ آپ تکبیر پڑھتے ہوئے اپنے دونوں کانوں کو دونوں انگوٹھے کیوں لگاتے ہیں۔ یہ اس لیے کہ آپ پر طریقت کی چھری تکبیر کے ساتھ پھر گئی اب آپ مردہ کی حیثیت سے ذات باری کے سامنے ہیں۔ یہ یاد رہے کہ دائیں کان کا مقصد آخرت سے اپنے باطن کو جدا کرنا ہے اور بائیں کان سے مراد دنیا سے لاتعلق

Marfat.com

ہوجاتا ہے۔ کیونکہ عبادت خالص مخلص ہی اللہ کے لیے ہے۔ جزا کے حصول اور سزا سے بچنے کے لیے یہ سودے بازی نہیں ہے لہذا حضرت بابا بلھا شاہ صاحب تنبیہہ کر رہے ہیں۔ ایک جگہ فرماتے ہیں :-

پڑھ پڑھ نفل نماز گزاریں
اُچیاں بانگاں چانگاں ماریں
منبر چڑھ کے واعظ پکاریں
کیتا تینوں حرص خوار
علموں بس کریں او یار

پڑھ پڑھ علم ہویا ملوانا
بے علماں نوں لٹ لٹ کھانا
ایہہ کی کیتا ای یار بہانا
کردا نئیں کدے انکار
علموں بس کریں او یار

پڑھ پڑھ مسئلے روز سناویں
کھانا شک شبہ دا کھاویں
دسیں ہور تے ہور کماویں
اندر کھوٹ باہر سچیار
علموں بس کریں او یار

لہذا اس کافی میں بھی حضرت باباجی نے تنبیہہ کے طور پہ کچھ سخت الفاظ استعمال کئے ہیں کیونکہ جتنا پیار ہوگا غصہ بھی اتنا ہی ہوگا۔

فرماتے ہیں :- کدی نماز توحید نہ نیتی

Marfat.com

نماز توحید کیا ہے ؟ پانچ وقت نماز میں سترہ فرض بارہ سنت مؤکدہ تین واجب ہیں اور آٹھ نفل پڑھے جاتے ہیں ۔

سترہ فرض ادا کرنے کے لیے آپ پابند ہیں یہ ۱۷ فرض آپ اپنے وجود اور وجود کی توانائی علم وعقل سے ادا کریں گے گویا کہ آپ نے اپنا قرض اتار دیا جو کہ آپ پر بحکم خداوندی فرض تھا لہٰذا اس کا اجر کیا ہوگا ۔ کیونکہ آپ فرض سے فارغ ہوئے ہیں ۔ بارہ سنت مؤکدہ پڑھی گئیں ۔ یہ شکرانہ رسالت ہے آپ نے کبھی یہ بھی سوچا ہے کہ اس پر رسالت نے کتنا عظیم احسان کیا ہے وگرنہ ہم ہندی مسلمان ابھی تک بُت پرستی میں گرفتار رہتے ۔ کیا رسالت کا یہ احسان عظیم نہیں کہ اس نے ہمیں پاک کیا پھر کتاب الٰہی کا علم دیا پھر واصل باللہ ہونے کی حکمت اور دنیا پر حکومت کرنے کی دانائی بخشی ۔ اور اس سے پہلے ہم جاہلوں اور ظالموں میں سے تھے ۔ لہٰذا سنت کی ادائیگی شکرانۂ رسالت ہے ۔

اب رہے واجبات تو واجبات کی ادائیگی آپ پر واجب کی گئی ہے ۔ چاہتا ہوں کہ سنت کی حقیقت واضح کر دوں ۔

نکاح ایک سنت رسول ہے ۔ لڑکی لڑکے کا نکاح ہو گیا ۔ سنت کی ادائیگی کی خوشی میں ڈھول باجے ۔ بجائے عوام وخواص کو جمع کیا گیا کھانے پکائے گئے ۔ مبارکیں وصول کی گئیں گویا کہ ایک سنت کی ادائیگی کے لیے کتنا خرچہ اور کتنا شور برپا کیا گیا لہٰذا سنت ادا ہو گئی ۔

اب خالق کائنات کے مقررہ شدہ وقت پر انسانی فطرت کے لحاظ سے لڑکا پیدا ہوا ۔ لڑکے کے پیدا ہونے پر ننھیال ددھیال بلکہ عزیز واقارب دوست واحباب میں کتنی خوشی ہوئی گویا کہ شادی جیسا سماں ہو گیا ، ہر طرف

Marfat.com

سے مبارکیں وصول کیں ۔ ہزار ہا روپیہ مٹھائی بانٹنے پر اور دیگر رسومات پر خرچ کیا گیا ۔ یہ سب خوشیاں ایک سنت کے ادا کرنے پر حاصل ہوئیں حالانکہ مقصد صرف اور صرف جوڑے کا ملاپ تھا اور ملاپ کا مقصد اولاد پیدا کرنا تھا ۔ اب آپ اس جوڑے کی طرف آئیے جنھوں نے ایک سنت کو ترک کرتے ہوئے ملاپ کیا اور ملاپ کے نتیجہ میں فطرت کے مطابق لڑکا پیدا ہو گیا تو اس کی پیدائش پہ کیا ہوگا ؟ ماں اپنے بچے کو اپنے ہاتھوں قتل کر کے کہیں چھپا دے گی اور یہ وہی عورت ہے جو چڑیا کے بچے کو بھی نہیں مار سکتی ۔ اتنی رحم دل ہے یہی عورت اپنے پیٹ کے جنے ہوئے بچے کو اپنے ہی ہاتھوں قتل کر دے گی ۔ اگر یہ ظاہر ہو گیا تو پھر سزائے مُوت ہے ۔ جوڑے کو سزا ہے ، ذِلت ہے خواری ہے معاشرہ میں منہ دکھانے کے قابل نہ رہے ۔ کیونکہ یہ جوڑا ایک سُنّت کا تارک تھا ایک سنت کے ترک کرنے سے ذلت کے گڑھے میں جا گرا ۔ لہٰذا اے عزیز سنت رسالت کو معمولی نہ سمجھو اب جبکہ سنت کے ترک کرنے میں اتنی بڑی سزا ملی تو فرائض واجبات ترک کرنے کی سزا کیا ہو گی ۔

فرائض سنن واجبات نمازِ وحدت نہیں ہے ۔ نمازِ وحدت نوافل ہیں ۔ ذکر الٰہی وقوف قلبی ہوش دردم کے ساتھ نماز وحدت ادا ہو گی ۔

حقیقت نوافل ۔ حدیث مبارک ہے کہ بندہ نوافل پڑھتے پڑھتے ذات باری کا اتنا قرب حاصل کر لیتا ہے ۔ کہ اللہ پاک بندے کے ہاتھ ہو جاتا ہے کلام ہو جاتا ہے ۔ بصر ہو جاتا ہے ۔ سمع ہو جاتا ہے حتیٰ کہ کل جوارح ۔ یہ اس لیے کہ فرائض تحت امر الٰہی ادا کرتا ہے ۔ اور نوافل

Marfat.com

اپنے ارادہ سے ادا کرتا ہے۔ اور نوافل پڑھنے کے دوران انسان کا کل جوارح اللہ پاک ہوتے ہیں گو یا بندے کے وجود سے حق فاعل ہوتا ہے۔ بظاہر وجود بندہ کا ہوتا ہے۔ اور یہ بلادر ہے کہ جس کو جتنی حق سے مناسبت ہوگی خدا تعالیٰ کی معرفت بھی اتنی زیادہ ہوگی اور قوت بھی زیادہ ہوگی۔ ضروریاتِ حیات کا ترک کردینا یا کم کردینا بندے کے عرفان پر موقوف ہے۔ یہی وجہ ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حق تعالیٰ کا قرب نوافل میں فرمایا ہے۔ فرائض واجب میں نہیں اس لیے صاحب قربِ نوافل توجہ اور ہمت پر خوب زور لگاتا ہے۔ اور اپنے عدم اصلی کو پیش نظر رکھتے ہوئے ذات کے مشاہدہ تک رسائی حاصل کرلیتا ہے اور یہ اس کی دائمی نماز قائم ہوگئ۔ جو سوتے جاگتے نماز و نیاز میں مست و مخمور ہے اور برملا پکار اٹھتا ہے ؎

من مستِ خراباتِ نمازِ کہ گذارم
سجدے نہ قیام نہ رکوع نہ سجودے
(بو علی قلندرؒ)

کچھ نماز کے بارے میں :۔

قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِیْنَ ھُمْ فِیْ صَلٰوتِھِمْ خَاشِعُوْنَ

ترجمہ :۔ وہی مومن کامیاب ہیں جو نماز میں خشوع و خضوع کرتے ہیں

حضور نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ نماز کو اللہ تعالیٰ نے اپنے اور اپنے بندے کے درمیان دو حصوں میں تقسیم کر دیا ہے چنانچہ بندہ جس وقت بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کہتا ہے تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ بندے نے میری تعظیم کی۔ جب بندہ الحمد للہ رب العٰلمین کہتا ہے تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ بندے نے میری حمد بیان کی۔ جب بندہ الرحمٰن الرحیم کہتا ہے تو اللہ تعالیٰ فرماتے

Marfat.com

ہیں کہ بندے نے میری تعریف کی اور جب مالکِ یومِ الدّین کہتا ہے تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ بندے نے سب کام میرے سپرد کر دیئے اور بندہ اِیّاکَ نَعْبُدُ وَاِیّاکَ نَسْتَعِیْن کہتا ہے یہ ایک آیت شریف بندے اور مولا کے درمیان مشترک ہے اور اس کے بعد کی آیات کے متعلق فرماتا ہے یہ سب کچھ میرے بندے کے لیے ہے لہٰذا جو کچھ بندے نے مانگا میں نے اسے بخشا۔

آیت مبارکہ کا ترجمہ ہے کہ تم نماز کے قریب نہ جاؤ نشہ کی حالت میں اگر ہو۔

یہ یاد رہے کہ یہ آیت مبارکہ شراب و نشہ حرام ہونے سے پہلے نازل ہوئی تھی لہٰذا شراب کے حرام قرار دیئے جانے کے بعد نشہ کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ نماز نشہ کی حالت میں درست پڑھی نہیں جاسکتی کیونکہ جب تک قلب و ذہن حاضر نہ ہو اور جو کچھ نمازی پڑھ رہا ہے اسے یہ ہوش ہی نہ ہو کہ کس کے سامنے کھڑا نماز میں کیا کر رہا ہے نماز نہیں ہوگی اسی طرح غافل انسان جو اپنے دنیاوی امور میں اتنا مگن ہے۔ نماز کی حالت میں بھی وہ اپنے دنیاوی کام میں لگا ہوا ہے۔ تو اس کی نماز نہیں ہوگی۔ پس غافل نمازی بھی شرابی کی طرح نشہ میں ہے لہٰذا خداوند تعالیٰ اس کی ایسی نماز کو قبول نہیں کرتا جس کا دل نماز کو اسی طرح قبول نہ کرے جس طرح اس کے جسم نے حرکات و سکنات کی صورت میں تسلیم کیا ہے۔ لہٰذا اگر کسی کا دل غافل ہو اور وہ ہمیشہ غفلت میں دنیاوی امور کے نشہ میں نماز پڑھتا ہو تو اس کا دسواں حصہ بھی اس کے نامۂ اعمال میں نہیں لکھا جائے گا۔ امیر المومنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ممبر پر بیٹھے فرمایا کہ

Marfat.com

ایک شخص ایسا بھی ہے جس کا چہرہ اسلام کی حالت میں بوڑھا ہو گیا مگر وہ ابھی تک خدا کے لیے ایک نماز کی بھی تکمیل نہ کر سکا۔ لوگوں نے پوچھا یہ کیونکر ہے فرمایا کہ اس کی وجہ یہ ہے۔ کہ اس نے وساوس اور خیال کے نشتر میں نماز کی حالت میں کبھی بھی خشوع و خضوع نہیں کیا۔ اور نہ اس نے خدا کی طرف دھیان لگایا ہے کہ کس کے سامنے کھڑا ہوں۔

اگر نمازی یہ یقین کرے اور پھر مشاہدہ کرلے کہ وہ کس کے سامنے کھڑا ہے تو نمازی ہر دو جہاں سے منہ موڑ لے کسی دوسری طرف التفات نہ کرے۔

خداوند کریم نے بندے کو ہر رکعت میں وہ کچھ عطا فرمادیا ہے جو کہ عالم ملائک میں چار حصوں میں تقسیم ہے۔ آغازِ آفرینش سے فرشتوں کی ایک جماعت حالتِ قیام میں ہے۔ ایک جماعت حالتِ رکوع میں ایک جماعت حالت سجدہ میں ہے۔ ایک جماعت حالتِ قعدہ میں ہے اسی طرح اس عالم میں تمام پہاڑ حالت قعدہ میں ہیں۔ تمام حیوان حالت رکوع میں ہیں تمام درخت حالت قیام میں ہیں اور تمام حشرات الارض حالت سجدہ میں ہیں۔ صرف بندہ کو یہ چار حالتیں دی گئیں گویا کہ عرش و فرش کی کل کائنات کی عبادت کا مختار بنایا گیا۔

نماز میں چار حالتیں ہیں اور چھ اذکار ہیں۔ وہ چار حالتیں یہ ہیں۔ قیام، رکوع، سجدہ اور قعدہ اور اذکار یہ ہیں۔ تلاوت قرآن، تسبیح، حمد، استغفار، دعا اور حضور نبی کریم پر درود شریف بھیجنا۔ یہ دس عبادتیں فرشتوں کی دس قطاروں میں تقسیم ہوتی ہیں۔ جن کی تعداد ۱۰، ۱۰ ہزار کی ہے اس طرح دو رکعتوں میں جمع ہو کر ایک لاکھ فرشتوں پر تقسیم ہو جاتی ہیں۔

حضورِ قلب کے ساتھ نماز پڑھنے سے حجاب اُٹھ جاتا ہے۔ عقل و

Marfat.com

ہوش کے حاضر رہتے پر عتاب کی جگہ ثواب ملتا ہے۔ حضورِ نفس کے موقع پر دروازے کھل جاتے ہیں اور جو حضورِ قلب کے بغیر نماز پڑھتا ہے۔ وہ بے پرواہ نمازی ہے جو عقل و ہوش کے بغیر نماز پڑھتا ہے۔ وہ غافل نمازی ہے اور جو خضوعِ نفس کے بغیر نماز پڑھتا ہے وہ خطا کار نمازی ہے اور جو خشوع کے بغیر نماز پڑھتا ہے وہ بدتمیز نمازی ہے لہذا جو مذکورہ بالا اوصاف کے ساتھ نماز پڑھتا ہے۔ وہی مکمل نمازی ہے۔

حضرت امام زین العابدین بن علی بن حسینؓ بن علی جب نماز کے لیے ارادہ کرتے تو آپ کے چہرہ کا رنگ اس قدر رفق ہو جاتا کہ آپ پہچانے نہ جاتے لوگوں نے دریافت کیا اے فرزند رسول آپ کی یہ کیا حالت ہے فرماتے کیا تمہیں معلوم نہیں میں کس کے سامنے حاضر ہونے کی تیاری میں ہوں

حضور نبی کریم صلعم نے فرمایا ہے کہ بندہ کے حق میں وہی نماز لکھی جاتی ہے جو وہ سمجھ بوجھ کر پڑھتا ہے۔ دوسری جگہ فرمایا کہ تم میں سے کچھ لوگ مکمل نماز پڑھتے ہیں کچھ نصف کچھ تہائی حصہ اور کچھ پانچواں حصہ اور کچھ دسواں حصہ تک نماز پڑھتے ہیں اور یہی ان کا حصہ ہوگا۔

## اندر کھیا نال پلیتی

اگر کپڑا میلا ہو جائے تو تمہارا نفس تمہیں پریشان کر دے گا لیکن باطن میں کینہ، حسد، بغض، کذب، لالچ، غرور، غیبت۔ خود پسندی ریاکاری اور نفاق۔ ان حرام اور باطن کو پلید کرنے والی صفات سے غافل ہو اور ان گہرے داغوں کے لیے دھوبی کی ضرورت نہیں سمجھتے اور اپنے لباسوں کو لانڈری سے دھلواتے ہو ذرا شک نہیں پڑنے دیتے۔

صوفی محمد الدین چشتی نظامی قادری قصوری قارئین کی خدمت

Marfat.com

میں نماز کی حالت میں وساوس اور خیالات کی بوچھاڑ روکنے اور قلب و ذہن کو حاضر کرنے کا ایک طریقہ قارئین کی خدمت میں عرض کرنا ہے۔ آپ اس طریقہ کو آزمائیں انشاء اللہ نماز میں جمعیت حاصل ہوگی۔ اور روحانی سرور آئے گا۔

آپ تنہائی میں دو رکعت نفل کی نیت باندھ کر قیام میں کھڑے ہو جائیں اور اپنے دل کی نوک کو تصور میں الٹا کر کے اپنے ناک کی طرف رکھیں گویا کہ ناک کی لو اور دل کی نوک جیسے ایک دوسرے کے ساتھ ملی ہوئی ہیں۔ جس وقت خیالات اور وساوس سے یہ تصور ٹوٹ جائے تو آپ رکوع میں چلے جائیں پھر دل کی نوک کو ناک کی طرف کرلیں۔ وساوس و خیالات سے پھر تصور ٹوٹ جائے گا۔ آپ رکوع سے پھر قیام میں آجائیں لہذا ہر رکن میں اسی طرح کرتے رہیں اور ہر روز فارغ وقت میں یہ پریکٹس کرتے رہیں اور یہ یقین رکھیں کہ آپ اس عمل میں کامیاب ہوں گے۔ ایک ماہ بعد آپ اپنے وجود میں منوں بوجھ محسوس کریں گے۔ دل نہیں چاہے گا نفس امارہ کی چیخیں نکلنی شروع ہو جائیں گی لیکن یہ یاد رہے کہ نعمت آسانی سے نہیں ملا کرتی یہ نفس کے ساتھ روحانی مجاہدہ ہے۔ ہمت اور حوصلہ درکار ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آپ اس فقیر نظامی کو خوشخبری کی اطلاع دیں گے۔ اور وساوس و خیالات و وہمی تصویروں سے چھٹکارا حاصل کریں گے۔ آپ جان جائیں گے کہ نماز قائم کرنا کیا ہے۔ اور پھر نماز کی حفاظت کیا ہے۔ یہ کورس صرف تین ماہ کا ہے۔ اس نماز میں زبان سے صرف نیت باندھتے وقت اللہ اکبر کہنا ہے اور اس کی گونج کو اپنے دماغ میں قائم رکھنا ہے اور اسم اللہ کو اپنی کھوپڑی

Marfat.com

پر سنہرے حرفوں میں لکھا ہوا تصور کرتا ہے۔ اسی طرح رکوع میں جاتے وقت اٹھتے وقت سجدہ میں جاتے وقت اٹھتے وقت گویا دو رکعت میں جتنی بار اللہ اکبر کہتے ہیں۔ کہنا ہے اور کچھ نہیں پڑھنا صرف اپنے دماغ میں اس کی گونج سننے میں محو رہنا ہے۔ آپ کے راستے اس طرح سے کھل جائیں گے۔ ہر وہ شخص جو پانچ منٹ اسی حالت میں ٹھہر گیا اس کا قدم ولائت کی پہلی سیڑھی پر جم گیا۔

اب ہم ان اشعار کے متعلق کچھ عرض کریں گے۔ جن شعروں میں حضرت باباجی نے علمائے اسلام کو مختلف طریقوں سے جھنجھوڑا ہے یا طعنہ زنی کی ہے جس کا صرف مقصد یہ ہے کہ یہ گروہی اختلافات سے ہٹ کر قوم کی صحیح راہنمائی کریں باباجی کے سامنے تاریخ اسلام ہے اور اس مضمون میں تاریخ کے حوالہ سے بھی اختلافی وجوہات بیان کریں گے اور طریقہ تبلیغ بھی واضح کریں گے۔

## طریقۂ تبلیغ

## موعظت و حکمت میں فرق

اُدْعُ اِلٰی سَبِیْلِ رَبِّکَ بِالْحِکْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ (پارہ ۱۴)

خداوند تعالیٰ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہیں۔

اے محبوب تم اپنے پروردگار کی طرف لوگوں کو حکمت و عمدہ نصیحت کے ساتھ بلاؤ اور ان کے ساتھ اس طریقہ سے بحث کرو جو بہتر ہو۔ اس آیہ کریمہ میں ایک واعظ ہے اور ایک طریقہ حکمت کا ہے۔

Marfat.com

کیونکہ اس دعوت کو قبول کرنے والے لوگ کئی قسم کے ہوتے ہیں۔ کچھ مزاج کے اکھڑ پن پر قائم دائم ہیں۔ ایسے لوگوں کے لیے عمدہ نصیحت خوف تنبیہہ کی گرمی سے نرم کیا جا سکتا ہے اور کچھ لوگ ہی ایسے ہوتے ہیں جن کا نفس ان کے قلب پر غالب ہوتا ہے۔ ان کو نصیحت خوف و رجا ہی سے دعوت حق دی جاتی ہے۔ اور جن کا قلب نفس پر غالب ہوا انہیں حکمت کے ذریعے راہ حق پر ڈالا جا سکتا ہے۔ لہذا تمام مقربین بارگاہ نے حکمت کے ذریعہ دعوت حق کو قبول کیا ہے اس لیے تمام نے خوف و رجا پر حق تسلیم کیا ہے۔

عمر گنوائی وچ مسیتی
اندر بھریا نال پلیتی

ان دو مصرعوں پر بات ہو رہی ہے اور حضرت بابا جیؒ کا ارشاد آج وجود کا لباس پہن کر ہم پر مسلط ہو چکا ہے۔ ہم فرقہ واریت کی آگ میں جل رہے ہیں پہلے مذہب کی دشمنی پر ہمیں ملک کا ½ حصہ ملا یعنی پنجاب اور کشمیر کٹ گیا پھر صوبائی لسانیت و فرقہ واریت میں ملک کا ½ حصہ مشرقی پاکستان کٹ گیا ملک اور قوم کا ایک بازو رہ گیا پھر مذہبی فرقہ پرستی نے ملک میں کئی ایک فرقے پیدا کر دیئے جو خود کو حق پر اور اپنے علاوہ تمام کو کافر اور باطل قرار دیتے پھر رہے ہیں پھر سیاسی جماعتوں میں سیاسی فرقہ پرستی جوان ہو گئی پھر اسی ملک کے بسنے والے پاکستانیوں کو ہر دیوار پر کافر کافر لکھنا ثواب قرار دیا گیا اور پھر ظلم یہ کہ صوبائی تعصب پھیلانے کی کوششیں ہو رہی ہیں اور ان تعصبات سے الگ تھلگ سر پکڑے صرف وہی کھڑا ہے جس کے سامنے اگست ۱۹۴۷ء گزرا ہے جس کے سامنے اس کے بچے شہید کیے گئے۔ بیوی کا پیٹ پھاڑا گیا

بچیوں کی عصمت لوٹی گئی۔ گھر جلا دیئے گئے جو گرتا پڑتا بھوکا ننگا پاؤں پر چھالے اور جسم پر زخم لیے اس عطیۂ خداوندی ملک پاکستان میں داخل ہوا ہے یا اس چھوٹے سے ملک کی قدر و قیمت وہ جانتے ہیں جو غیر کے زیرِ تسلط مسلمان ہیں۔ اس سچّی اور سچّی قوم کے بگڑنے کا تاریخی تجزیہ۔

عالمِ اسلام میں اہلِ اسلام کے علمائے اکرام جب تک قدیمیت کے ساتھ جدیدیت کو بھی ساتھ لے کر چلتے رہے تو اہلِ اسلام نصف دنیا پر حکومت کرتے رہے۔ غیر اقوام کے لیے روحانی اور مادی علوم کا خزانہ بنے رہے اور آج بھی یورپ میں جہاں صرف جدیدیّت ہی ہے۔ گواہ ہے کہ اس قوم نے ہر وہ علم اہلِ اسلام کی یونیورسٹیوں سے حاصل کیا جس علم پر ان کو دنیا پر حکومت کرنے کا فخر حاصل ہے اسی طرح چار سو برس تک قرآن و حدیث اور اجتماعِ امّت کی روشنی میں اسلام نے ہر ملک اور ہر قوم پر ترقی کے دروازے کھولے رکھے۔ اور ۲۵۰ برس کے اندر اندر اسلام میں چھ مذاہب فقہ وجود میں آ چکے تھے۔ جو کہ اپنے اپنے ارتقائی منزلیں طے کرتے ہوئے آج تک موجود ہیں۔

اوّل: ——— فقہ زیدی جو کہ امام زیدؒ بن علی بن حسین بن علی بن ابی طالب متوفی ہجری ۱۲۲ ، سنہ ۷۳۹ء

دوم: ——— جعفری جو کہ حضرت امام جعفر صادقؒ متوفی ہجری ۱۵۱ ، سنہ ۷۶۸ء

سوم: ——— حنفی جو کہ امام ابو حنیفہ نعمان بن ثابتؒ " " ۱۵۰ ، سنہ ۷۶۷ء

چہارم ——— مالکی جو کہ حضرت امام مالک بن انسؒ " " ۱۷۹ ، سنہ ۷۹۵ء

پنجم: ——— شافعی جو کہ حضرت امام محمد بن ادریس الشافعیؒ " " ۲۰۴ ، سنہ ۸۱۹ء

ششم: ——— حنبلی جو کہ حضرت امام احمد بن حنبلؒ " " ۲۴۱ ، سنہ ۸۵۵ء

Marfat.com

اس کی ترتیب یوں ہے :-

۱۔ زیدی ہجری ۱۲۲ھ، ۷۳۹ء    ۴۔ مالکی ہجری ۱۷۹ھ، ۷۹۵ء
۲۔ حنفی ہجری ۱۵۰ھ، ۷۶۷ء    ۵۔ شافعی ہجری ۲۰۴ھ، ۸۱۹ء
۳۔ جعفری ہجری ۱۵۱ھ، ۷۶۸ء    ۶۔ حنبلی ہجری ۲۴۱ھ، ۸۵۵ء

ان مجتہدین کا اجتماع کچھ ردّوبدل کے ساتھ اپنے اسلاف پر تھا لیکن ان کے بعد آنے والے مجتہدین جو کہ ان ہی کے شاگرد اور پیروکار تھے اجتہاد کے ذریعہ فقہی مسائل کو علاقہ و وقت اور حالات کے مطابق آگے بڑھاتے رہے جو کہ اسلام کی معاشی و سماجی اور روحانی ترقی کا باعث بنے جیسے کہ آج سب سے بڑے مذہب فقہ حنفیہ کے بانی امام ابوحنیفہ ہیں کے شاگرد امام ابویوسف اور امام محمد الشیبانی ہیں ۸۵٪ مسئلوں پر ان کا اتفاق ہے اور ۱۵٪ مسئلوں پر حضرت امام اعظم پر نفاق ہے دوسری مثال خود امام شافعی جو کہ امام ابوحنیفہ کے شاگرد امام محمد الشیبانی کے شاگرد رشید ہیں اس کے علاوہ امام شافعی کافی عرصہ تک امام مالک بن انس سے شرف تلمذ حاصل کرتے رہے۔

اب دیکھئے کہ نہ ہی انہوں نے اپنے استاد محمد الشیبانی کے زیر فقہ حنفی کی پیروی کی اور نہ اپنے عظیم استاد امام مالک بن انس کی پیروی کی بلکہ ان دونوں سے اختلاف کرتے ہوئے خود اپنے اصول فقہ مرتب کئے اور آج شافعی فقہ کے پیروکار دوسرا بڑا مذہب ہے اور شافعی فقہ حنفیہ کے خلاف ثابت ہوئے اسی طرح اندھی تقلید کرنے کی بجائے پوری مذہبی ذمہ داری کے ساتھ اپنے اجتہاد و رائے کو کام میں لاتے رہے گویا موجودہ مذاہب فقہ میں کبھی پانچویں صدی کے اختتام تک خاطر خواہ اضافے ہوتے رہے تھیں

Marfat.com

وجہ سے اسلام کا شجر پھلتا پھولتا گیا اور آخر کار سلجوقی حکومت کی حمایت
پہ درسِ نظامیہ کا نصاب جو کہ محدود اور قدیمیت پر تھا سختی سے نافذ کیا
گیا جس کا اثر یہ ہوا۔ کہ فقہی مکاتبِ فکر نے سخت گیر مذاہب کی صورت
اختیار کر لی اور بجائے اس کے کہ علماء کرام اپنے اسلاف کا اتباع کرتے
ہوئے ترقی ونمو کے عمل کو آگے بڑھاتے اور وسعت دیتے۔ ایک دوسرے
کے ساتھ مناظروں میں مصروف ہو گئے۔ اور اپنے اپنے مسالک کی قطعیّت
پر جنگ وجدل کرنے لگے لہذا چھٹی ہجری کی ابتدا سے محض تقلید کا دور شروع
ہو گیا اور آخر کار ہجری ۶۵۶، ۱۲۵۸ء میں بغداد جو کہ علم وہنر کا بلند پایا
مرکز تھا۔ تاتاریوں کے ہاتھوں تاراج ہو کر اسلام کی ترقی ونمو پہ جمود وزوال
کی مہر لگا گیا۔ جو کہ کم و بیش آج تک جاری ہے گو اس کے بعد امت میں بڑے
بڑے مجتہد پیدا ہوئے لیکن مسلمان ذہنی اور فکری طور پہ روائت پرستی مسلک
پرستی اور تقلید وجمود کے اس قدر عادی ہو چکے تھے۔ کہ بانیانِ اربعہ مسلک
کے بعد انہوں نے کسی کو قبول نہ کیا۔ اور اس تقلید کی زنجیر میں جکڑے رہے
اب ہم بنیاد پرستی اور حرف پرستی کا تجزیہ کرتے ہیں۔
محمد بن عبد الوہاب نجدی متوفی ہجری ۱۲۰۶ ھ ۱۷۹۲ء نے اٹھارہویں
صدی میں نجد سے یہ تحریک چلائی جو کہ وہابی یا سلفی کے نام سے مشہور رہے
ابن تیمیہ متوفی ہجری ۷۲۸، ۱۳۲۷ء، نے بعض مسائل پر امام احمد بن حنبل سے
اختلاف کیا تھا۔ لیکن ان کا گہرا تعلق امام احمد علی حنبل سے تھا اور ان کے فکر
کے شاگرد اور پیروکار تھے۔ اور اسی طرح ابنِ تیمیہ کی تحریک امام احمد بن حنبل
کی بازگشت تھی چونکہ امام احمد بن حنبل بنیاد پرست اور اہل الحدیث تھے۔
جو قرآن اور حدیث کے حرف بہ حرف اتباع کے علاوہ دوسرے تمام

اندازِ فکر و عمل کو شدت سے مسترد کرتے چلے آ رہے تھے لہٰذا ابن تیمیہ کو اپنے وقت میں خاطر خواہ کامیابی نہ ہوئی بالآخر اٹھارہویں صدی میں حنبلی تیمیئی نظریات وہابی یا سلفی تحریک کی شکل میں ایک بھرپور اور منظم طاقت کے ساتھ سامنے آئے۔ جس کے اثرات عالمِ اسلام میں اتنے گہرے ہیں جو کہ کسی دوسری تحریک کے نہ ہو سکے۔

اٹھارویں صدی عالمِ اسلام کے لیے انتہائی نازک پیچیدہ اور پُر آشوب اور پُر آزمائش صدی ہے۔ کیونکہ خارجی اعتبار سے مسلمان تقریباً ہر جگہ اپنا سیاسی اقتدار اور حکومتیں کھو چکے تھے۔ مغربی طاقتوں کا تسلط بڑھ رہا تھا۔ ایک ایک کر کے مسلم ممالک نوآبادیاتی نظام کا شکار ہو کر غلامی کی زنجیروں میں جکڑے جا رہے تھے۔ سیاسی اقتدار کے مغربی ثقافت کے اثرات بھی مسلم معاشرے کو زندگی کی ہر سطح پر متاثر کر رہے تھے۔ داخلی اعتبار سے سیاسی معاشی انحطاط کے نتیجے میں مذہبی اخلاقی عمل معاشرتی انحطاط بھی پوری طرح چھا چکا تھا۔

ان حالات سے فائدہ اٹھاتے ہوئے محمد ابن عبدالوہاب نے اپنی فقہ رائج کر دی جو کہ اہلِ حدیث اور حنبلی فکر کے علاوہ تمام افکار و روایات کی انتہائی پُر زور مذمت کرتی ہے۔ ان کے خلاف نہ صرف فکری انداز میں بلکہ عملی طریقوں سے جنگ شروع کی اس میں سب سے پہلا نشانہ تصوف تھا (مُلاّں ملیوں مار دالے۔ حضرت ملّھا) جو صرف عوام بلکہ علما اور مذہبی قیادت کی اکثریت کے مذہبی جذبات کا مقبول ترین ذریعہ بن چکا تھا محمد بن عبدالوہاب نے نہ صرف نظریۂ وحدت الوجود و صوفیہ اور اولیاء سے عقیدت ان کی قبور کا احترام ذکر اور مراقبے

کے حلقوں اور تصوّف کے دوسرے معیاری طریقوں کو بلکہ امام غزالیؒ کے خالص اور معیاری تصوّف کو بھی غیر اسلامی اور غیر شرعی قرار دیدیا۔ ان کے نزدیک تصوّف کی تمام مروجہ شکلیں شرک کے مترادف ہیں جس اعتبار سے وہابی تحریک ہندوستان کے اہل الحدیث اور دوسرے بنیاد پرست کی تحریکوں سے الگ ہوجاتی ہے۔ تصوّف کے ساتھ محمد بن عبدالوہاب نے سوائے حنبلی مدرسہ فقہ کے جو کہ اُسے اپنے نظریات اور کردار میں بنیاد پرست اور حرف پرست تھا تمام دوسرے مدرسہائے فکر کو بھی رد کر دیا۔ ؎

یہ یاد رہے کہ پیغمبر اسلام نے جس وقت بحکم ذات باری رسالت کا اعلان کیا اور عوام کے سامنے اپنا مشن پیش کیا تو اس وقت مخاطب عرب کے وحشی صفت لوگ تھے۔ جنکو وحشت سے نکال کر رحمت کے لباس میں لانا تھا لہذا رسول اللہؐ نے اپنے گرد ایسی جماعت تیار کی جن کا کام انقلاب لانا تھا وہاں کی سماجی حالت کو یکسر بدل دینا تھا۔ اور انقلابی جماعت فوجی ذہن رکھتی ہے اگر قانونی ذہن رکھے تو دنیا میں آج تک ایک بھی جنگ نہ ہوتی۔ انقلابی جماعت کا کام صرف حکم ماننا ہوتا ہے نہ وہ قرآن کی تشریحات میں پڑتی ہے اور نہ حدیث مبارکہ کی تفسیر کرتی ہے۔ قرآن و حدیث کی تشریحات ان کے بعد میں آنے والے کرتے ہیں اور ایسا ہی ہوا اب ہم جس ملک میں بس رہے ہیں۔ ہم دیکھتے ہیں کہ ہندوستان میں اسلام فقہ احادیث کی تشریحات قرآن کی تفسیروں کے ذریعہ پھیلایا یا تلوار سے اسلام منایا گیا۔ یا لالچ دیکر قبول کروایا گیا۔ یا خوف سے اہل ہند نے اسلام قبول کیا۔ کیا یہ وہی اسلام ہے جس سے ہماری نسل منحرف

نوٹ: ؎ حوالہ جات ماخذ از فکر اسلامی کی تشکیل جدید مرتبہ ڈاکٹر سید حسنین محمد جعفری
پاکستان سٹڈی سنٹر جامعہ کراچی مقالہ ڈاکٹر سید حسن محمد جعفری۔

Marfat.com

ہوتی جا رہی ہے۔

ہم زیادہ پیچھے نہیں جائیں گے۔ ہجری ۱۰۲۵ء ۴۱۰ سے دیکھتے ہیں جس دور میں ہندوستان میں حضرت علی بن عثمان بن علی الجلابی الہجویری داتا گنج بخش ثم لاہوری ہندوستان میں تشریف لائے اور آپ نے لاہور قیام کیا دنیا کا کوئی تاریخ داں یہ بتا سکتا ہے کہ آپ اپنے ملک سے کتنے ٹرک کتابوں کے لاد کر لائے تھے؟ اس میں شک نہیں کہ آپ امام اعظم ابو حنیفہ کے مذہب کے پیروکار تھے۔ لیکن آپ کی تصنیف کشف المحجوب کیا ابو حنیفہ کی کسی کتاب کی نقل ہے کیا آپ کی گئی تشریحات قرآن و احادیث کی تشریحات کے پابند ہے جس میں قانون اور سخت ترین بنائے جا چکے ہیں۔ حرف پرستی اور تقلید پرستی ہے۔ کیا کشف المحجوب قانون کی کتاب ہے۔ یا محبت کی ہے۔ رحمت ہے، شفقت ہے۔ قاری اپنا ظاہر و باطن دیکھ لیتا ہے۔ پڑھنے والا ایسا محسوس کرتا ہے جیسے ایک شفیق ماں بڑے پیار سے بچے کو کہانی سنا رہی ہے اور بچہ اپنے ہی ظاہر و باطن کی کہانی سن کر کہانی کا ہیرو بننا چاہ رہا ہے۔ ہندو مذہب جو کہ وہم و توہم میں غرق شدہ مذہب ہے اسی محبت اور شفقت کی زنجیر سے جکڑا گیا ہے اور خاص طور پر علاقہ پنجاب حضرت داتا صاحبؒ کا مرہون منت ہے احسان مند ہے شکر گزار ہے ایسے محسن کا احسان پنجابی قیامت تک نہیں اتار سکتا۔ ان کے بعد ہم شیخ الاسلام محی الدین ابو محمد شیخ عبدالقادر الحسنی الحسینی الجیلانی کا ذکر کرتے ہیں۔ آپ کا سن پیدائش ۴۷۱ ہجری اور وصال ۵۶۱ء آپ ۱۸ برس کی عمر میں حصول تعلیم کے لیے بغداد تشریف لائے۔ ۳۳ برس درس و تدریس اور فتویٰ دینے میں گزرے۔ ۴۰ برس مخلوق خدا

Marfat.com

کی رشد و ہدایت اور نصیحت پر صرف ہوئے اسی طرح آپ کا ۹۰ برس کی عمر پاک میں ۵۶۱ ہجری میں وصال ہوا۔ آپکے شاگرد اور خلفاء ہندوستان میں بھی آئے جنہوں نے قرآن و حدیث مبارکہ کو ہندوستان کے بت پرستوں کے اندر محبت اور شفقت اور احسن اخلاق سے ثبت کیا اور ان کے مزاج کے مطابق رویہ سلوک یعنی رسول اللہ کا راستہ تعین کیا جس وجہ سے ہندو مذہب کے ہزاروں بت پرست وحدت پرست اور بڑے بڑے اکابرین گزرے ہیں۔

چھٹی ہجری میں ہندوستان میں حضرت خواجہ معین الدین حسن سنجری چشتی تشریف لائے۔ آپ نے اجمیر میں قیام فرمایا جو کہ راجہ پتھورا کی راجدھانی تھی۔ آپ ہندوستان میں کتابوں کے کتنے ٹرک لاد کر لائے تھے جن کو پڑھ کر سناتے۔ مناظرے کرتے بحث و مباحثے کرتے اور بت پرستوں کو خدا پرست بناتے۔ وہ لوگ جو ہندوستان میں بحیثیت مسلمان داخل ہوئے ہیں ان کے علاوہ جو بھی ہندوستان کا مسلمان ہے اس نے ہدایت کا راستہ ان ہی بزرگان دین سے پایا ہے اگر کوئی مسلمان زبان سے ان کے احسان کا شکریہ ادا نہیں کرتا تو نہ کرے۔ قلب و ذہن اور ان کی روح تو ان بزرگوں کی ممنون ہے۔

ہندوستان میں علمائے اسلام کی حالت :

جس وقت ہندوستان میں انگریز قوم کا تسلط قائم ہوا تو انہوں نے ہندوستان میں تین گروہ کو ہر طرف سے ذلیل و خوار کیا۔ کسی بھی قوم کا تشخص بگاڑنے کے لیے، مذہبی جذبہ کو ختم کرنے کے لیے، کردار کشی کرنے کے لیے اور قوم کو جاہل رکھنے کے لیے دشمن تین گروہ کو پستی میں دھکیل

Marfat.com

دے گا۔ تین گروہ یہ ہیں۔

۱۔ نرسری پڑھانے والے اساتذہ ۲۔ علمائے اسلام

۳۔ پولیس کا محکمہ۔

۱۔ نرسری پڑھانے والے اساتذہ تقسیم سے پہلے ہندوستان کی مسلم قوم کو اتنا پست کر دیا تھا کہ مسلمان قوم بمعہ اپنے معصوم بچوں کے بھی مزدوری کر کے اپنا پیٹ بمشکل پالتی تھی جس وجہ سے مسلم قوم میں خواندگی کی شرح اندازاً ڈیڑھ سے دو فی صدی تک مشکل سے تھی۔ خاص طور پر پرائمری مدارس میں ہندو زیادہ تر اساتذہ تھے اور ہر سکول کی پہلی جماعت سے لے کر چوتھی جماعت تک ایک کلاس میں ساٹھ سے لے کر ۷۰ تک بچے پڑھائے جاتے تھے۔ ساٹھ ستر بچوں کے ایک استاد جسکی تنخواہ اتنی قلیل ہوتی کہ وہ بیچارہ اگر سوکھی سڑی روٹی کھاتا ہے تو کپڑا نہیں ہے۔ اگر کپڑا بنا لیتا ہے تو کھائے کہاں سے تمام زندگی وہ اسی سوچ اور فکر میں ڈوبا رہتا ہے جس وجہ سے تیس برس کی عمر میں وہ بوڑھا ہو جاتا ہے۔ آپ خود انصاف کریں کہ وہ ان بچوں کو جن کو نرسری کہا جاتا ہے۔ ایک ہوشیار مالی کی طرح کس طرح سنوارے گا۔ جو خود ڈوبا ہوا ہو وہ دوسروں کو کنارے لگا سکے گا؟ لہٰذا سکول ماسٹر کو بھوک دے کر انگریز نے ہماری نرسری علمی طور پر پروان نہ چڑھنے دی۔ اس کے برعکس یہ علم آج اکثریت کو ہے کہ یورپین ممالک میں نرسری پڑھانے والے اساتذہ کو سب سے زیادہ تنخواہ اور سہولتیں دی جاتی ہیں۔ کیونکہ بچے مستقبل کے معمار قوم و ملت ہیں۔ افسوس صد افسوس یہ کہ ہمارے اپنے ملک میں تقسیم کے بعد بچوں اور بچیوں کو پڑھانے والوں کے لئے وہی انگریز کی پالیسی رہی اور آج ہم اپنی ہی قوم کے رہنماؤں

Marfat.com

اور ملک کا نظام چلانے والی حکومتی مشینری سے نالاں ہیں اور سکولز و کالجز میں بدامنی کا دور دورہ ہے۔

۲:۔ **علمائے اسلام** انگریز حکمرانوں نے علمائے اسلام پر جو ظلم ڈھائے ہیں اور علمائے اسلام کو مختلف طریقوں سے پستی میں دھکیل دیا تھا۔ ہمارے سامنے ہے کیونکہ اہل اسلام میں یک جہتی قربانی اور جہاد کا جذبہ صرف یہی گروہ دے سکتا تھا۔ ہندوستان کا ہر عالم عوام سے زیادہ خوش حال تھا۔ بڑے بڑے خاندانوں کے رئیس زادے علم دین پڑھتے مدرسوں کو حکومت کی طرف سے ہر طرح کی سہولت دی جاتی لیکن جو ظلم دشمنانِ اسلام نے کیا۔ آپ کے سامنے ہے۔ ہر عالم بالکل بے سہارا ہو کر رہ گیا۔ چندے، زکوٰۃ، صدقے اور خیرات سے مدرسے چلنے لگے۔ روٹی کی ضرورت نے فرقہ وارانہ تعصب کو ہوا دی۔ مدرسوں میں غریب اور بے سہارا بچے پڑھنے لگے۔ اس کے برعکس عیسائی عالم کے لیے لمبی کار ہے۔ ڈرائیور ہے سرکاری تنخواہ ہے، اعلیٰ رہائش ہے دنیا کی ہر قسم کی آسائش حاصل ہے اور ہمارے عالم کے پاس ٹوٹی پھوٹی سائیکل بھی نہ رہی اور قوم کی نظر میں یہ گروہ اسی نظر سے دیکھا گیا جس نظر سے دشمنِ اسلام نے دیکھا اور رکھا تھا۔ لہٰذا قوم کے اندر جذبہ ایمانی کیسے پیدا ہو یک جہتی کہاں سے آئے جہاد کا جذبہ کس سے ملے گا۔ قانونِ شریعتِ محمدیؐ کون نافذ کرے گا اور کس کے ذریعے نافذ ہوتا کیونکہ قوم کو سنوارنے والوں کو انگریزی حکومت نے بھی بگاڑا اور اپنی اسلامی حکومت نے بھی اسے زکوٰۃ و خیرات کا محتاج رکھا۔ لہٰذا جو گروہ خود پریشانیوں میں مبتلا ہو وہ قوم کے لیے کیا کر سکتا ہے اور پھر یہ کہ قوم نے اس کے لیے کیا کیا ہے؟

Marfat.com

## ۴۔ پولیس

پولیس رشوت لیتی ہے۔ پولیس جرائم میں ملوث ہے۔ پولیس میں یہ خرابیاں، پولیس میں وہ خرابیاں گویا کہ تمام جہان کی خرابیاں پولیس میں جمع کر دی گئیں۔ لیکن مفکرانِ قوم اور صاحب اقتدار نے یہ کبھی نہیں سوچا کہ جو محکمہ ملت کی جان و مال، عزت و آبرو کا محافظ ہے جو لوگ عوام کے انتہائی قریب ہیں، جو لوگ حکومت کی آنکھیں ہیں اور حکومت کی عزت و وقار کے محافظ ہیں۔ جس گروہ نے حکومت کا بنایا گیا قانون عوام تک پہنچانے اسے لاگو کرنے اور عمل کروانے کا فرض ادا کرنا ہے اس کی معاشی حالت پر کبھی غور نہیں کیا، کیوں؟

چونکہ انگریز حکمرانوں نے مغلوب اقوام کو اخلاقی بے راہ روی کی طرف دھکیل دینا تھا اور یہ سیاسی اسٹنٹ ہی تھا جس وجہ سے انہوں نے پولیس کے سپاہی سے لے کر انسپکٹر تک انتہائی محدود تنخواہ رکھی اور آج تک اس محکمہ کی یہی حالت ہے۔

کیا سپاہی کے بچوں کے لیے تعلیم کی ضرورت نہیں، اسے گھر نہیں چاہیئے معاشرہ میں باوقار زندگی بسر کرنا اسے منع ہے۔ آپ نے کبھی سوچا ہے کہ پولیس اسٹیشن ہیڈ آفیسر جس کے ذمہ بہت بڑا علاقہ کی دیکھ بھال ہے۔ اسے حکومت دیتی کیا ہے جبکہ تھانہ میں شہر کے معززین کا بھی آنا جانا ہو، چاہے پانی پر سو پچاس روزانہ کا خرچ ہو اور اس کی تنخواہ کیا ہے۔ کیا حکومت اسے انٹرٹینمنٹ الاؤنس دیتی ہے۔ کیا اس محکمہ کے لوگ ہمارے معاشرہ کا حصہ نہیں ہیں۔

یہ انگریز کی پالیسی تھی کہ یہ محکمہ عوام سے لوٹ کھسوٹ کر کے اپنی ضروریات زندگی پورا کرے اور یہی پالیسی پاکستان بننے کے بعد بھی

Marfat.com

جاری رہی۔

یورپین ممالک میں سپاہی سے لے کر تھانیدار تک زیادہ تنخواہ اور زیادہ سے زیادہ سہولتیں کیوں دی جاتی ہیں اس لیے کہ یہ لوگ عوام کے قریب ہیں۔ اگر روٹی کپڑا کے لیے یہ عملہ پریشان رہا تو جرائم بجائے کم ہونے کے بڑھیں گے۔ اور رشوت کا دروازہ کھل جائے گا۔ سعودی حکومت اپنے سپاہی کو اتنی تنخواہ دیتی ہے کہ اسے ضروریاتِ زندگی پوری کرنے کی کوئی فکر نہیں جس وجہ سے وہاں رشوت کا نام نہیں لہذا حقیقتاً حکومت ہی ان برائیوں کی ذمہ دار ہے۔ پولیس کا محکمہ ہو یا ایسے وہ محکمے جن کا تعلق عوام سے ہے اور انہیں معقول تنخواہ نہیں دی جاتی رشوت سے اپنا پیٹ پالنے پر مجبور کئے گئے ہیں

باباجی کے آخری شعر کا اشارہ

ھُن کیوں کرنا ایں شور پکار

لہذا یہ ناب ہم نے خود اٹھائے ہوئے ہیں اور دوسروں پر الزام لگا کر اپنے عیبوں پر پردہ ڈالنے کی ناکام کوششوں میں مصروف ہیں۔

Marfat.com

## شعر

عشق بھلایا سجدہ تیرا
ہُن کیوں پانویں اینویں جھیڑا
بُلھّا ہوندا چُپ بہتیرا
عشق کریندا مارو مار
عشق دی نویوں نویں بہار

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حضرت باباجیؒ ایک کافی میں فرماتے ہیں :۔

جس تن وچ عشق دا جوش ہویا
اوہ بے خود تے بے ہوش ہویا
اوہ کیوں کر رہ خاموش ہویا
جس پیالہ پیتا ساقی دا
کیوں او ہلے بہہ بہہ جھاکیدا
ہن پردہ کس توں راکھی دا !

اسی طرح ایک کافی میں فرمایا :۔

جس دے اندر وسیا یار
اُٹھیا یار و یار پکار ؛
نہ اوہ چاہے راگ نہ تار
ایویں بیٹھا کھیڈے حال
جس تن لگیا عشق کمال
ناچے بے سُر تے بے تال

حضرت باباجیؒ کے دیوان میں ان کی کافیوں میں اکثر عشق کے طوفان کا ذکر ملتا ہے۔ یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ جس وقت کسی صاحب ولائت کے

اندر علم حقیقی کا سمندر موجزن ہوتا ہے تو سمندر ہی کی طرح علم کے سمندر میں طوفانی لہریں اُٹھتی ہیں اور ان لہروں میں جہاں سچے موتی باہر آجاتے ہیں اسی طرح ان میں مونگے، کوڑیاں اور گھونگھے وغیرہ بھی باہر آجاتے ہیں اور سمندر میں چھپی ہوئی کئی ایک اشیاء کا ظہور ہو جاتا ہے اور اس کی مثال صاحب حال کے کلام کی سے جس وجہ سے ان کا کلام ایک ہی حال میں نہیں رہتا مختلف کیفیات کے زیر اثر اِن کا کلام بھی ان کی کیفیت کا مظہر ہوتا ہے۔ آپ اس کیفیت کو اپنے باطن میں دیکھ سکتے ہیں کہ ہر سانس کے بعد آپ کی اپنی حالت بدل چکی ہوتی ہے کیونکہ وہ ذات ہر لمحہ ایک نئی شان میں ہے لہٰذا آپ بھی ہر لحظہ ایک نئی کیفیت میں ہوں گے اور یہ فطرت ہے۔

حضرت باباجیؒ کے زندگی کے احوال پر طائرانہ نظر ڈالتے ہوئے اکثریت نے آپ کو ملامتی درویش قرار دیا ہے۔ چونکہ ملامتی فقراء مختلف اقوال وافعال سے اپنی حقیقت پر ملامت کا پردہ ڈالنے کے لیے کوشاں رہتے ہیں۔ اس لئے ان کے اقوال وافعال عوام الناس کی نظر میں غیر شرعی معلوم ہوتے ہیں۔ اس لیے یہ لوگ اختیاری انکارِ خلائق میں زندگی گزارتے ہیں۔

کچھ ملامت کے بارے میں:-

خداوند تعالیٰ کے عشق ومحبت میں ملامت کی تاثیر بہت زیادہ ہوتی ہے۔ اس لیے مشائخ طریقت کے ایک گروہ نے ملامت کا طریق اختیار کیا چونکہ اس میں بدرجہ کمال لذت بخشِ روحانیت ہے اور یہ بھی حقیقت ہے کہ دنیا میں اللہ تعالےٰ کے خاص بندے ہی ملامت کے لیے مخصوص ہوا کرتے ہیں اور یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ ملامت انبیاء ورسل کی سُنّت خاص اور طریق ہے۔ اس کی حقیقت یہ بھی ہے کہ خدا جسے پسند کرتا ہے مخلوق اسے پسند نہیں کرتی اور جسے مخلوق پسند ہوتی ہے خدا

Marfat.com

اسے پسند نہیں کرتا جیسے کہ ابلیس کی ذریات نے ابلیس کو پسند کیا اور آدم علیہ السلام کو ناپسند کیا۔ دوسری طرف ملائکہ نے اَتَجْعَلُ فِیْهَا مَنْ یُّفْسِدُ فِیْهَا کے الفاظ میں آدم علیہ السلام پر ناپسندیدگی کا اظہار کیا چونکہ آدم علیہ السلام بھی اپنے آپ کو ناپسند کرتے تھے جس وجہ سے برملا عرض کیا رَبَّنَا ظَلَمْنَا اَنْفُسَنَا۔ جس وجہ سے آپ اللہ تعالیٰ کے پسندیدہ بنے جس وجہ سے اللہ تعالیٰ نے ان کے حق میں فرمایا:۔ فَنَسِیَ فَلَمْ نَجِدْ لَهٗ یعنی آدم بھول گیا اور اس نے یہ کام ارادتاً نہیں کیا لہذا مخلوق کے نزدیک ناپسندیدہ ہونے اور خداوند پاک کے نزدیک پسندیدہ ہونے کی وجہ سے ذات باری نے آدم علیہ السلام پر اپنے انعام کی بارش فرمائی۔

دیکھیے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جب تک وحی نہیں آئی تھی عوام کی نظر میں کتنے اچھے تھے امانت اور سچے، شریف النفس خلق عظیم والے مشہور تھے اور جیسے ہی آپ پر وحی کا نزول ہوا تو وہی عوام کی زبان آپ کے مقام اور مراتب کے خلاف کھلنے لگی حتیٰ کہ جنگ وجدال تک پہنچ گئے۔ آپ جہاں انبیاء و رسل کے امام ہیں وہاں ولایت کے بھی پیشوا ہیں۔ یہ یاد رہے کہ اس امت سے قبل امتوں پر ملامت کی نعمت سوائے وقت کے نبی و رسول کے امت کے کسی بھی بشر کے لیے نہ تھی لیکن حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت کے بعض مشائخین کو یہ نعمت عطا ہوئی اور انہی کے حق میں یہ آیت مبارک نازل ہوئی۔

وَلَا یَخَافُوْنَ لَوْمَةَ لَآئِمٍ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ یُؤْتِیْهِ مَنْ یَّشَآءُ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ ہ یعنی اللہ تعالیٰ کے سچے دوست ملامت کرنے والوں کی ملامت سے نہیں ڈرتے اور یہ اللہ کا فضل ہے جسے چاہے اس سے متصف کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ بہت وسیع علم والا ہے۔

لہذا جو بھی بندہ اللہ تعالیٰ کی عبادت میں محو ہوگا اتنا ہی ملامت میں گرفتار ہوگا چونکہ اس بندہ کو یہ فائدہ ہے کہ اس کے بھید مخلوق کی نظروں سے پوشیدہ رہتے ہیں اور مخلوق سامنے

Marfat.com

اشغال میں دخل اندازی نہیں دے سکتی کیونکہ مخلوق کو ملامت کرنے اور اس کی ذات میں نقائص بیان کرنے سے نجات ہی نہیں ملے گی جس وجہ سے وہ عوام کی نظروں میں پوشیدہ رہے گا اور اپنی منزل تک پہنچنے کے لیے شطار جیسا ہوگا۔ اور اس کے ساتھ اللہ پاک ایسے بندوں کی حفاظت بھی فرماتے ہیں۔ ملامت کے لباس سے مخلوق کی خلل اندازی سے محفوظ رکھتے ہیں بلکہ اللہ پاک ان کی یہاں تک حفاظت فرماتے ہیں کہ ان میں اکثر کو اپنی روحانی و باطنی صفات کا علم ہی نہیں ہونے دیتے تاکہ وہ غرور و تکبر میں نہ آجائیں کیونکہ اولیاء اللہ پر اس سے بڑھ کر کوئی آفت نہیں کہ وہ اپنی روحانیت اور مقام مرتبہ جان کر عوام کے سامنے اپنے بھید کھولنے لگیں۔ در اصل غرور دو چیزوں سے پیدا ہوتا ہے ایک اپنے علم پر دوسرا مخلوق کی تعریف و توصیف پر اور یہ دونوں حالتیں حجاب بن جاتی ہیں۔ علاوہ ازیں حق تعالیٰ نے بعض اپنے محبوب بندوں میں نفسِ لوّامہ کا خاصہ رکھدیا ہے۔ تاکہ ان کا نفس ہر ناجائز اور خلاف شریعت بات پر انہیں ملامت کرتا رہے تو معلوم ہوا کہ مخلوقات کا ملامت کرنا خدا کے دوستوں کے لیے ضروری غذا ہوتی جو کہ ان کے لیے روحانی تقرب کا باعث بنتی ہے۔

حدیث مبارکہ ہے کہ اللہ پاک فرماتے ہیں کہ میرے اولیا میری قبا کے نیچے ہیں ان کو میرے دوستوں کے علاوہ اور کوئی نہیں جانتا" یعنی شناخت نہیں کر سکتا چونکہ ہر ولی اللہ نبیوں رسولوں اور پیغمبروں میں سے کسی ایک کے زیر قدم ہوتا ہے نبی کی نبوت و رسالت سے عوام احکامِ الٰہیہ سمجھتے ہیں لیکن نبی کی ولائت تک ہر امتی کی رسائی نہیں ہوتی کیونکہ لباسِ بشریت کا پردہ حائل ہوتا ہے اور ہر ولی نبی کی ولائت سے ہی استفادہ حاصل کرتا ہے لہذا ایک ولی ایسا ہے کہ عوام بھی اسے جانتے ہیں کہ یہ ولی اللہ ہے اور وہ اپنے آپ کو بھی صاحبِ ولائت سمجھتا اور جانتا ہے ایک ولی اللہ ایسا ہے کہ عوام تو اسے ولی اللہ نہ سمجھے" اور جانتے ہیں لیکن وہ اپنے آپ کو ولی اللہ نہ سمجھتا

Marfat.com

اور جانتا ہے ایک وہ ہے جو اپنے آپ کو ولی اللہ تفصیلاً سمجھتا اور جانتا ہے۔ لیکن مخلوق اُسے نہ سمجھتی ہے اور نہ جانتی ہے۔ ایک ایسا بھی کہ مخلوق تو اسے ولی اللہ جانتی اور سمجھتی ہے لیکن وہ اپنے آپ کو نہ سمجھتا ہے اور نہ جانتا ہے۔ ایک ایسا ولی اللہ ہے نہ تو اسے مخلوق سمجھتی اور جانتی ہے اور نہ ہی وہ اپنے آپ کو سمجھتا اور جانتا ہے لیکن وہ بھی ولی اللہ ہوتا ہے

اب رہا خاتمِ ولائت کا معاملہ تو حضور رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم جس طرح خاتم نبوت ہیں۔ آپ کی خاتم سے ہر جانے والے نبی نے فیض نبوت حاصل کیا ہے اسی طرح ہر آنے والا ولی آپ کی ہی ولائت سے فیضِ ولایت، نبوت حاصل کرتا رہے گا حتیٰ کہ قرب قیامت میں آنے والا خاتم ولائت بھی حضورؐ کی خاتم سے فیض یافتہ ہوگا اور جس طرح خاتم نبوت کے بعد کوئی نبی نہیں ہو سکتا اسی طرح خاتم ولایت کے بعد کوئی ولی اللہ نہیں ہوگا

اب ہم خاتم اولیاء کو لیتے ہیں۔ اوّل تو قرآن و احادیث میں لفظ خاتم الاولیاء کی کوئی سند نہیں ہے اگر ہم خاتم الاولیاء کو خاتم الانبیا پر قیاس کر کے یہ معنی پیدا کئے جائیں تو خاتم الاولیاء معنی آخر اولیاء جس کے بعد ولی نہیں ہوگا۔ یہ لفظ اس پر صادق آئے گا جو قرب قیامت میں ہوگا اور اس کے بعد کوئی ولی نہ ہوگا۔ اور اصطلاح جدیدہ کے لحاظ سے اعلیٰ درجہ کا ولی و مقرب الٰہی مراد لیجئے تو اس کا مصداق صرف صاحب مقامِ محمود حبیب خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہوں گے۔ کیونکہ ان سے زیادہ خدا تعالیٰ کا کوئی مقرب نہ ہے۔

ان محاورات و اصطلاحات کو نہ سمجھنے اور بات سے بات ملانے میں حیرت اور پریشانی ہوتی ہے جس وجہ سے امت میں ولائت کے معاملہ میں اختلافات پیدا ہوئے اور یہ اختلافات گمراہی کی نوبت تک پہنچ سکتے ہیں۔

Marfat.com

حضرت بابا بلھا شاہ صاحبؒ اپنی ظاہری حیاتی میں ولایت کے معاملہ میں متنازعہ شخصیت رہے جس وجہ سے مجھے ملامت کے سلسلہ میں لکھنا پڑا لیکن ان کے اقوال و افعال ان کا کلام ان کا علم ان کی نسبت ان کا نسب اور پھر ان کے وصال کے بعد ان کی روحانی کشش یہ سب عوامل ان کے صاحبِ ولایت ہونے کے ثبوت ہیں ہیں :۔

ہرگز نمیرد آنکہ دلش زندہ شد بعشق
ثبت است بر جریدۂ عالم دوام ما

(حافظ شیرازیؒ)

یعنی جو دل عشق الٰہی میں زندہ ہو گیا وہ نہیں مرتا اس کا نام قرآن پاک میں ثبت ہو جاتا ہے ۔ مردہ دل طبعی موت مرنے کے بعد صرف چالیس دن تک روحانی کشش رکھتے ہیں اور وہ بھی جو عمر کے چالیس برس کے اندر فوت ہو جائیں اس کے بعد اس کے خاندان کے دلوں سے اس کی کشش آہستہ آہستہ ختم ہو جاتی ہے اور آخر کار گھر کے افراد مرنے والے کو بھول جاتے ہیں لیکن مقبول بارگاہ ایزدی کے بندوں کی روح کی کشش ان کی طبعی موت کے بعد زیادہ ہو جاتی ہے اور سینکڑوں سال گزر گئے ۔

کہ وہ ابھی گئے ہیں اقبال اس راستہ سے ہو کر
میرے دل کو یہ یقین ہے کہ گزر گیا زمانہ
بلھے شاہ اساں مرنا ناہیں گور پیا کوئی ہور ۔

صوفی محمد الدین چشتی نظامی قادری کمبوہ
شہباز روڈ قصور
فون نمبر ۷۶۰۶۰۳

Marfat.com

# حواشی و حوالہ جات

۱ : کشف المحجوب ، حضرت سید علی بن عثمان جلابی المعروف داتا گنج بخش لاہوری
۲ : اخبار الاخیار ، حضرت شیخ عبد الحق محدث دہلوی
۳ : عوارف المعارف ، حضرت شیخ الشیوخ عمر بن شہاب الدین سہروردی بغدادی
۴ : فصوص الحکم ، حضرت شیخ اکبر محی الدین محمد بن علی الحاتمی الاندلسی الدمشقی
۵ : علامہ اقبال فکرِ اسلامی کی تشکیلِ جدید ، مقالہ ڈاکٹر سید حسین محمد جعفری پاکستان اسٹڈی سنٹر جامعہ کراچی۔
۶ : مثنوی ارتقائے باطن ، فیضِ قادر حضرت سید مطلوب حسین شاہ صاحب
۷ : کلام مکھے شاہ صاحب قادری نظاری ، مرتبہ ڈاکٹر فقیر محمد فقیر صاحب

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com